zahidhussain09@hotmail.com
www.dunyaint.com
manzhussain72@yahoo.com

GYRO CAFE
Middle Eastern Grill
Gyro - Falafel - Kabob
580 Coney Island Ave Brooklyn, NY 11218. Phone: 718-438-0860
Other Location: Shawafel House 1419 Forest Avenue, Staten Island NY 10302 Ph: (718) 285-4175

انٹرنیشنل
دُنیا
ایڈیٹر انچیف
زاہد حسین
نیا دور
نئی سوچ

For Advertisement: NY: 718-509-5522 NY: 917-348-3974
MD: 443-370-0804 Off: 718-421-1684
PA: Syeda Raza
razasyeda5@gmail.com

واشنگٹن، نیویارک، ٹوکیو اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

جلد 18 | شمارہ 40 | 16 جون تا 22 جون 2026ء | 30 ذوالحجہ 1447ھ

Open 24 Hrs
GYRO KING
GYROS · FALAFELS · KEBOBS
In The Heart Of Little Pakistan
984 Coney Island Ave Brooklyn NY 11230 Tel: 718-421-6600

امن کا سورج طلوع، جنیوا میں امریکا اور ایران کے درمیان معاہدے کی میزبانی پاکستان کرے گا، وزیراعظم

امریکا ایران تاریخی امن معاہدہ پر ڈیجیٹل دستخط

رسمی تقریب 19 جون کو جنیوا میں ہوگی

امریکا و ایران کے درمیان تاریخی امن معاہدہ طے پا گیا، لبنان سمیت ہر جگہ پر جاری لڑائی اور فوجی کارروائیوں کو فوری اور مستقل طور پر ختم کرنے کا اعلان، دستخط کی تقریب 19 جون کو سوئٹزرلینڈ میں ہوگی

امریکہ اور ایران نے مفاہمتی یادداشت پر الیکٹرانک دستخط کر دیئے، امریکہ کی جانب سے میں نے اور صدر ٹرمپ نے جبکہ ایران کی طرف سے ایرانی سپیکر باقر قالیباف نے دستخط کئے، امریکی نائب صدر

ہم دیکھیں گے امریکا اپنے وعدوں کی کتنی پاسداری کرتا ہے، جب ہمیں اس بات کا پورا یقین ہو جائے گا تو پھر حتمی معاہدے تک پہنچنے کیلئے 60 دنوں کا مذاکراتی عمل شروع ہوگا، ایرانی نائب وزیر خارجہ

واشنگٹن/تہران/اسلام آباد (نیوز ڈیسک) امریکا اور ایران کے درمیان ایک تاریخی امن معاہدہ طے پا گیا ہے، جس کے بعد دونوں ملکوں نے لبنان سمیت ہر جگہ پر جاری لڑائی اور

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 18»

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 19»

نیویارک، جنسی ہراسانی کے واقعہ میں ملوث مشتبہ شخص کی تلاش

پولیس کی عوام سے مدد طلب

پولیس نے شہریوں سے ایک شخص کی شناخت میں مدد کی اپیل کی ہے جو ایک مبینہ جنسی ہراسانی کے واقعے میں مطلوب ہے

تمام موصول ہونے والی معلومات کو مکمل طور پر خفیہ رکھا جائیگا اور اطلاع دینے والے افراد کی شناخت ظاہر نہیں کی جائے گی



نیویارک (نیوز ڈیسک) نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ (این وائی پی ڈی) نے شہریوں سے ایک شخص کی شناخت میں مدد کی اپیل کی ہے جو ایک مبینہ جنسی ہراسانی کے واقعے میں مطلوب ہے۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ 40ویں پریسنکٹ کی حدود میں پیش آیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس کو اطلاع ملی کہ 25 مئی 2026 کو تقریباً شام 5 بجے کے قریب ایک 43 سالہ خاتون متاثرہ فرد 447 ولس ایونیو کے اندر

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 20»



واشنگٹن ڈی سی: پاکستانی سفارتخانے کے زیرِ اہتمام یورو ایشیا شارٹس 2026 فلم فیسٹیول کا انعقاد کیا گیا، اس موقع پر سفیرِ پاکستان رضوان سعید شیخ اظہارِ خیال کر رہے ہیں۔

پاکستان ایک قدیم تہذیب ہے لیکن پسماندہ نہیں، رضوان سعید شیخ

پاکستانی سفارتخانے کے زیرِ اہتمام یورو ایشیا شارٹس 2026 فلم فیسٹیول کا انعقاد

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) پاکستانی سفارت خانے کے زیرِ اہتمام یورو ایشیا شارٹس 2026 فلم فیسٹیول کا انعقاد کیا گیا جس میں لوگوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ واشنگٹن ڈی سی میں فیسٹیول کا آغاز پاکستان، امریکا، فرانس کے قومی ترانوں کی دھنوں سے کیا گیا، فیسٹیول کے دوران پاکستان

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 21»

راجہ جہان زیب نے ٹروپیکانا میں پروفیشنل مڈل ویٹ ٹائٹل جیت لیا

کامیابی مظلوم فلسطینیوں کے نام، پاکستان زندہ باد اور نعرہ تکبیر کے نعروں سے ہال گونج اٹھا

نیویارک (منظور حسین) امریکہ کے معروف ساحلی شہر اٹلانٹک سٹی میں منعقدہ پروفیشنل باکسنگ مقابلے میں پاکستانی نژاد نوجوان باکسر راجہ جہان زیب نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے افریقی نژاد امریکی حریف کو شکست دے کر ایک یادگار کامیابی اپنے نام کر لی۔ تاریخی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 22»

ایران نے افزودہ یورینیم کے ذخائر کی حفاظت مزید سخت کر دی

جوہری تنصیبات تک رسائی کے راستوں پر بارودی سرنگیں نصب کر دی گئیں

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے اپنے انتہائی افزودہ یورینیم کے ذخائر کے تحفظ کے لیے زیرِ زمین جوہری تنصیبات کو سیل کر دیا ہے۔ اور ان تک رسائی کے راستوں پر بارودی سرنگیں بھی نصب کر دی ہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این نے انٹیلی جنس

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 23»

نیویارک، میچ جیتنے کا جشن افراتفری کا شکار، ورلڈ کپ شٹل بس نذرِ آتش

نیویارک نکس نے 1973ء کے بعد پہلی بار یہ چیمپیئن شپ جیتی جس پر جشن منایا جا رہا تھا

نیویارک (نیوز ڈیسک) امریکہ میں باسکٹ بال کا میچ جیتنے کی خوشی میں ہونے والا جشن افراتفری کا شکار ہو گیا جس میں ورلڈ کپ کی ایک شٹل بس کو آگ لگا دی گئی جبکہ ایک نوجوان کو گولی بھی لگی۔ واقعہ مین ہیٹن میں سنیچر کی رات کو اس وقت پیش آیا جب این بی اے ایونٹ میں نیویارک نکس نے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 24»

ایران سے ممکنہ امن معاہدے پر ڈیموکریٹس ٹرمپ پر آگ بگولا

یہ ایرانی سپریم لیڈر کے سامنے ہتھیار ڈالنے کی دستاویز ہے، کانگریس مین سیتھ مولٹن

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ڈیموکریٹ رہنماؤں نے امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایران کے ساتھ متوقع امن معاہدے پر شدید شکوک و شبہات اور تنقید کا اظہار کیا ہے۔ ڈیموکریٹ سینیٹر برائے کیلیفورنیا ایڈم اسکف نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ صدر کہتے ہیں کہ جنگ ختم ہو گئی ہے۔ مجھے امید ہے کہ وہ درست ہوں، لیکن ہم یہ بات پہلے بھی سن چکے ہیں، اور اس کے ساتھ متعدد ٹوٹے ہوئے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 25»

امریکا میں بسے ایرانیوں کو غریب ترین افریقی ملک بھیجنے کی تیاری

ایک معاہدے کے تحت وسطی افریقی جمہوریہ جلاوطن افراد کو قبول کرے گی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ متعدد ایرانی شہریوں اور دیگر تارکینِ وطن کو امریکا سے وسطی افریقی جمہوریہ بھیجنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ دو وکلا اور ایک سرکاری اہلکار نے اس حوالے سے خبر رساں ادارے رائٹرز کو بتایا ہے۔ رائٹرز کے مطابق وکلا نے بتایا ہے کہ ان ایرانیوں میں دو خواتین بھی شامل ہیں جنہیں ایران واپس بھیجے جانے کی صورت میں تشدد، ظلم و ستم اور ممکنہ

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 26»

امریکا کے پاس ہار ماننے کے سوا کوئی راستہ نہیں تھا، ایرانی فوج

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان ایرانی افواج کا کہنا ہے کہ ایرانی عوام نے ملک کی مسلح افواج کے ساتھ مل کر اتحادیوں کے تعاون سے امریکہ اور اسرائیل کو یہ باور کرا دیا ہے کہ ان کے پاس شکست تسلیم کرنے اور ہتھیار ڈالنے کے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 27»

سابق صدر اوباما نے 2015 کے جوہری معاہدے کو موثر قرار دیدیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق امریکی صدر اوباما نے 2015 کے جوہری معاہدے کو موثر قرار دیدیا۔ سابق امریکی صدر اوباما نے کہا کہ نیا ایران معاہدہ 2015 کے جوہری معاہدے سے بہتر نہیں ہوگا، یہ توقع غیر حقیقی ہے کہ نئی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 28»

افغان سرزمین پر دہشتگردوں کی موجودگی، UN کی پاکستانی موقف کی تائید

انتونیو گوتریس نے افغانستان کی صورتحال پر سہ ماہی رپورٹ سلامتی کونسل میں پیش کی

طالبان رجیم پاکستان مخالف دہشتگرد گروہوں کیخلاف کارروائی کرنے میں ناکام رہا

نیویارک (عبدالصمد خان سے) اقوام متحدہ نے افغانستان میں دہشت گردوں کی موجودگی کے پاکستانی موقف کی تائید کر دی۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے افغانستان کی صورت حال پر سہ ماہی رپورٹ سلامتی کونسل میں پیش کی جس میں افغانستان میں سکیورٹی بحران سنگین ہونے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں جاری رہنے پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اقوام متحدہ کی رپورٹ کیمطابق عالمی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 29»

بالٹی مور کاؤنٹی، عائشہ خان کی حمایت میں سیاسی سرگرمیاں تیز

مسلم برادری کا بھرپور تعاون

بالٹی مور کاؤنٹی کے حلقہ 44 بی میں جماعتی مرکزی مجلس کے انتخابات کے حوالے سے سیاسی سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئیں

عائشہ خان کی انتخابی مہم نے خاص طور پر نوجوان ووٹروں، خواتین اور تارکینِ وطن برادریوں میں نمایاں توجہ حاصل کر لی

بالٹی مور (فضل خالق سے) بالٹی مور کاؤنٹی کے حلقہ 44 بی میں جماعتی مرکزی مجلس کے انتخابات کے حوالے سے سیاسی سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئی ہیں، جبکہ مقامی مسلم برادری کے مختلف حلقوں کی جانب سے عائشہ خان کی حمایت میں بڑھتی ہوئی دلچسپی انتخابی منظرنامے کا نمایاں موضوع بن گئی ہے۔ برادری کے متعدد سماجی، تعلیمی اور عوامی رہنماؤں نے عائشہ خان کی عوامی خدمات، سماجی رابطوں اور مختلف طبقات کے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 31»

بالٹی مور: بالٹی مور کاؤنٹی کے حلقہ 44 بی میں جماعتی مرکزی مجلس کے انتخابات کے حوالے سے منعقدہ ایک پروگرام میں عائشہ خان کا اپنے ووٹروں کے ہمراہ گروپ فوٹو

امریکا میں طیارہ حادثہ 12 افراد ہلاک

کینساس (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ریاست میسوری میں اسکائی ڈائیونگ ٹیم کا طیارہ گر کر تباہ ہو گیا، جہاز میں سوار تمام 12 افراد حادثے میں ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی ریاست میسوری کے شہر کینساس کے بٹلر

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 30»

برطانیہ، 16 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال پر پابندی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کی حکومت نے 16 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا استعمال پر پابندی عائد کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر کا کہنا

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 32»

حق مانگنے والے کالعدم اور ایجنٹ...... حق کھانے والے محبِّ وطن

نیویارک لندن میں کشمیریوں کا احتجاج

آزاد کشمیر میں حق مانگنا جرم

عوامی ایکشن کمیٹی کی بھرپور حمایت

نیویارک میں واقع پاکستانی قونصلیٹ کے سامنے مظاہرے کے انعقاد میں سردار امتیاز خان اور ان کے ساتھیوں کا اہم کردار

لندن میں بھی کشمیریوں کا سخت احتجاج، عوامی ایکشن کمیٹی کی جانب سے عوامی حقوق کی جدوجہد کو ہرگز دبایا نہیں جاسکتا، مظاہرین

نیویارک/لندن (نیوز ڈیسک) آزاد کشمیر میں اپنے بنیادی حقوق مانگنے کی پاداش میں اقتدار پر قابض حکومت نے قانون اور انصاف کو پس پشت ڈال کر اپنے ہی شہریوں کی زندگی جہنم بنا دی، عوامی ایکشن کمیٹی نے آزاد کشمیر اور وفاقی حکومت کی جانب سے جب اپنے مطالبات پورے کرنے کی یقین دہانی کے باوجود پورے نہ کرنے پر احتجاج اور لانگ مارچ کی کال دی تو آزاد کشمیر میں قیامت برپا کر دی گئی۔ یہی وہ عوامی ایکشن کمیٹی جس کے ساتھ گزشتہ آزاد کشمیر اور پاکستان کی وفاقی حکومت نے معاہدہ کیا اور تین ماہ کے اندر اس معاہدے پر عملدرآمد کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی، اس معاہدے میں سے کسی ایک پر عملدرآمد کیا گیا لیکن

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 33»

عالمی برادری سے فلسطینیوں کی نسل کشی پر کارروائی کرے، ایمنسٹی انٹرنیشنل

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایمنسٹی انٹرنیشنل نے عالمی برادری سے فلسطینیوں کی نسل کشی پر ایکشن لینے کا مطالبہ کر دیا۔ انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 34»

امریکا۔ایران معاہدہ، اقوام متحدہ سمیت عالمی برادری کا خیر مقدم

معاہدے کے نتیجے میں فوری اور مستقل جنگ بندی کی راہ ہموار ہوگی، انتونیو گوتریس

نیویارک (منظور حسین سے) امریکا اور ایران کے درمیان طے پانے والے امن معاہدے پر اقوام متحدہ سمیت متعدد عالمی رہنماؤں اور ممالک نے مثبت ردِعمل دیتے ہوئے اسے خطے میں کشیدگی میں کمی اور سفارتی حل کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے دونوں ممالک کو معاہدے پر پہنچنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام تنازع کے پرامن حل کی جانب ایک بڑا اور اہم قدم ہے۔ انہوں نے پاکستان، قطر، مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کے تعمیری کردار کو بھی سراہا۔ سیکرٹری

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 35»

SHAZIA PHARMACY
شازیہ فارمیسی SHAZIA PHARMACY
برائٹن بیچ کے علاقے میں آپ کی اپنی فارمیسی آپ کی صحت ہماری اولین ترجیح
- Prescription Drugs
- Free Consultation
- Quick and easy Delivery
- Service All Vitamins
- Halal Vitamins Available
- Surgical Supplies Beauty Needs
- We Accept All Major Insurance

Tel: 718-872-6090, Fax: 718-872-6575
3166 Coney Island Avenue, Brooklyn, NY 11235
Email: shaziapharmacy@gmail.com


خوش ذائقہ کھانوں کے دو مقام اور ایک ہی نام
گیتھرزبرگ اور سلور سپرنگ میری لینڈ
کباب اینڈ کڑاہی
حلال HALAL
Kabob N Karahi
FRESH, CASUAL, AUTHENTIC DINING
Original Location:
15521 New Hampshire Ave, Silver Spring, Maryland 20905
Ph: 301-879-0044
New Location 2:
18232 Flower Hill Way Gaithersburg Maryland
Ph: 301-977-0001

رب تعالیٰ کے رحم و کرم سے خدمت کے جذبے کے ساتھ
Halal Super Mart
Guaranteed Low Prices
UNDER NEW MANAGEMENT
Naeem Faraz Qureshi
7702 F&G BACKLICK RD, SPRINGFIELD VA 22150
Phone: 703-637-8542

FOSTER **MAAZ** Pharmacy
فوسٹر معاذ فارمیسی
فری بلڈ پریشر چیکنگ / فری شوگر چیکنگ
We take OTC, EBT
We speak English, Urdu, Punjabi
We Take All Major Insurances
شہباز خان | تیمور فاروق | شاہد صدیق | نیلم شہزادی
- حلال وٹامنز، وزن کم کرنے کی ادویات وسونا بیلٹ وغیرہ ہمارا اعزاز
- سٹیشنری فیکس سروس موجود
پاکستانیوں کی اپنی فارمیسی
خوبصورتی کو بڑھانے اور خواتین و نوجوان لڑکیوں کی زیبائش کی تمام چیزیں دستیاب ہیں
ہم میڈی کیڈ اور دوسری تمام بڑی انشورنس قبول کرتے ہیں
ELECTRONIC APPLIANCES AVAILABLE
Pakistani Indian Bangladeshi Grocery Available
1056 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11230 Ph: 718 421 5533

New **A - One** Groceries & Halal Meats
نیو اے ون گروسریز اینڈ حلال میٹ
BIG SALE
Grand Sale at New A One Grocery and Halal Meat Alexandria Virginia
Islamic Art/ Household Kitchen Merchandise/ Crockery
New Arrivals
الیگزینڈریا، ورجینیا میں حلال اور تازہ بیکری کا خوبصورت اضافہ اب آپ کو حلال میٹ اور گروسری کے ساتھ ساتھ تازہ بیکری اور دیسی مٹھائیاں بھی دستیاب ہوں گی
خدمت کا اعلیٰ معیار انتہائی مناسب قیمتیں
TIMING: 10am - 9.00 pm.
Mian Zulfiqar Hafeez Owner
2919 Arlington Dr. Alexandria VA-22306 Ph: 703-768-0222


Kidney Specialist
Must See
DR. SAQIB
if you have diabetes, Hypertension, Kidney Stone, Blood in urine or Protein in urine
Javed Saqib M.D 718- 462-7315
693 Coney Island Avenue, Brooklyn, NY 11218

ADVERTISE HERE
Contact
Syeda Raza
Email : razasyeda5@gmail.com

MASHALLAH Grill & RESTAURANT & Sweets
MashAllah Special Breakfast
اسپیشل ناشتہ
لاہوری دال چاول
LAHORI DAAL CHAWAL
عمدہ کھانے اور فریش سویٹس کا مرکز
Open 24 hours
Address: 663 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11218
Phone: (718) 287-0090, +1(718)207-8106

DUNYA kabab House
GRAND Opening
حلال HALAL 100%
Authentic Afghan Cuisine
Afghan Dishes, Bolani Dishes, Chapli Kabab, Chicken Kabab, Lamb Tikka Kabab, Beef Tikkah Kabab, Chicken Thigh Kabba Jojeh Kabab, Chicken Kofta Kabab, Beef Kofta Kabab, Korma, Mantu, Vegetables, Samosa, Falafel, Chicken Wings, Soup, Drinks
Bring Friends And Family And Enjoy
Ph: 718-483-8451
696 CONEY ISLAND AVE, BROOKLYN, NY 11218

فیصلے کی گھڑی آن پہنچی

23 جون

کو اپنے قیمتی ووٹ کی طاقت سے

مرسڈیز نرسیز اور کیون پارکر کو بھاری اکثریت سے کامیاب کریں

58واں اسمبلی ڈسٹرکٹ

کیون پارکر نیو یارک سٹی سینیٹر اور ڈسٹرکٹ لیڈر	**مرسیڈیز نرسیز** نیو یارک سٹی کونسل ممبر اور ڈسٹرکٹ لیڈر

ڈسٹرکٹ لیڈر کیا ہوتا ھے

یہ ایک غیر معاوضہ، لیکن بہت اہم منتخب عہدہ ہے جو ججوں کے انتخاب اور ہماری کمیونٹی میں جمہوری پارٹی کو مضبوط بنانے کا ذمہ دار ہوتا ہے

اپنے ووٹ سے جمہوری ٹیم کو دوبارہ منتخب کریں

ووٹنگ ڈے 23 جون 2026ء (منگل)

جلدی ووٹ دیں 13 جون (ہفتہ) سے 21 جون (اتوار تک)

مقام ایسٹ فلیٹ بش، کینارسی ، کرائون ہائٹس اور براونزول

★★★★★★ Paid for by Friends of Mercedes ★★★★★★

یا اللہ جل جلالہ

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

راکبِ دوشِ مصطفیٰ ﷺ نورِ چشم سیدہ فاطمۃ الزہراؓ
جگر گوشہ مولا علی المرتضیٰ امام عالی مقام فاتح کربلا

سید الشہداء سیدنا نواسۂ رسول حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ

و دیگر شہدائے کرب و بلا کے حضور
محبتوں کا خراجِ تحسین پیش کرنے کیلئے

کونین میں بلند ہے رتبہ حسینؓ کا
والیِ دو جہاں ہے نانا حسینؓ کا

20 ویں

عظیم الشان

انٹرنیشنل

سالانہ شہادت کانفرنس

جنابِ محترم پیر سید صفدر حسین شاہ
(صدر انجمن غوثیہ نیویارک)

جنابِ محترم حضرت پیر سید شفقت حسین شاہ

جنابِ محترم پیر سید احمد ثقلین حیدر شاہ گیلانی
(سجادہ نشین ... شریف)

جنابِ محترم حضرت پیر سید میر حسین شاہ
(... شریف)

جنابِ محترم صاحبزادہ شہزاد مصطفیٰ

حضرت علامہ جنابِ محترم پیر سید تصور حسین گیلانی

زیرِ صدارت

وارثِ فیضانِ غوث یگانہ
پیرِ طریقت رہبرِ شریعت
پیر سید انتصار الحسن شاہ سروری قادری
سجادہ نشین آستانہ عالیہ غوث یگانہ چھجاے شریف

نقابت

جنابِ محترم قاری محمد یونس قادری
طیبہ اسلامک سنٹر

خصوصی شرکت

جنابِ محترم صاحبزادہ محمد اجمل چشتی
آف درجنیاں

خصوصی خطاب

خطیبِ پاکستان مقررِ شعلہ بیان
جنابِ محترم حضرت علامہ مولانا پیر سید امتیاز حسین شاہ کاظمی صاحب

27 جون 2026

بروز ہفتہ
بعد نماز مغرب
بمقام
مکی مسجد
کونی آئی لینڈ ایونیو
بروکلین، نیویارک
MAKKI MASJID
1089
Coney Island
Ave Brooklyn
(New York)

تلاوت

جنابِ محترم قاری محمد اعجاز

منقبت

جنابِ محترم الطاف علی شاہ

منقبت

جنابِ محترم محمد اصغر چشتی
نیویارک

منقبت

جنابِ محترم محمد حسنین ثقلین

مقامی علمائے کرام

غفران احمد
غلام یٰسین رضوی
محمد عثمان شاہ
ہارون انس شاہ
آصف علی ظہوری
غلام رسول
محمد یٰسین چشتی
محمد عمران سیالوی
قاری سیف النبی
شہباز احمد چشتی
سجاد احمد
بشارت شاذی
طاہر سعید
بشیر احمد رضوی
محمد انوار الحق علوی
محمد اویس

انتظامیہ

مہر سلیم اختر
ارشد فاروق
شہزاد انجم
فاروق احمد
حاجی یوسف قمر
محمد ارشد گل
محمد اویس
محمد فیض رسول
جمشید عارف
مہر محمد نعمت اللہ
مہر محمد شہباز
کبیر اعظم
زراشب علی
شیراز احمد خان
تحسین نوید
مہر محمد ساجد ہیرا

مہمانِ خصوصی

عبدالواحد
شیراز صفدر شاہ
زاہد زیدی
محمد نواز
صوفی شاہد
نیاز احمد
غلام حیدر
حاجی محمد عنصر
محمد عرفان
محمد طارق

مہمانِ خصوصی

ڈاکٹر عثمان
ناصر اعوان
محمد ارشد
مشتاق احمد
محمد امجد
مرزا محمد نواز
محمد اقبال
محمد بابر رفیق
غلام سرور
محمد یاسر

محمد بشیر صاحب
محمد مالک صاحب
محمد زمان صاحب
منظور جنجوعہ صاحب

چوہدری محمد پرویز اشرف، محمد شفیق مہر
917 442 1213 , 718 902 8486 , 718 55 15 15

اکرام امین خان صاحب
محمد الیاس صاحب
ظفر اقبال صاحب
محمد اعظم صاحب

APPNA کی جانب سے FPCCI کے تجارتی وفد کو امریکہ دورے کی دعوت

پاک امریکہ تجارت، سرمایہ کاری اور صحت کے شعبے میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کیلئے FPCC کے وفد کو دعوت دی گئی

مجوزہ دورے کا مقصد دونوں ممالک کے کاروباری، صنعتی، سرمایہ کاری اور طبی شعبوں کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانا ہے، ڈاکٹر بابر

اسلام آباد (پ ر) ایسوسی ایشن آف فزیشنز آف پاکستانی ڈیسنٹ آف نارتھ امریکہ (APPNA) کے صدر ڈاکٹر بابر راؤ نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے ایک اعلیٰ سطحی تجارتی وفد کو امریکہ کے دورے کی دعوت دی ہے تاکہ پاکستان اور

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 3﴾

پاکستانی طلبا نے تعلیم کے میدان میں 135 ممالک کو پیچھے چھوڑ دیا

2026 میں پاکستان سے 98 طلبہ اس مکمل فنڈڈ پروگرام کیلئے منتخب ہوئے، رپورٹ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان نے ایک بار پھر عالمی سطح پر اپنی تعلیمی برتری ثابت کرتے ہوئے ایراسمس منڈس اسکالرشپ میں مسلسل پانچویں سال پہلی پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ 2026 کے نتائج کے مطابق پاکستان سے 98 طلبہ اس مکمل فنڈڈ پروگرام کے لیے منتخب ہوئے، جو دنیا بھر میں

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 1﴾

اسلام آباد: پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے صدر عاطف اکرام شیخ اور چیئرمین پاکستان امریکہ بزنس کونسل ملک سہیل حسین APPNA کے صدر ڈاکٹر بابر راؤ کو دورہ، پاکستان کے موقع پر سووینیر پیش کر رہے ہیں۔

کئی سال سے بند صحت سہولت پروگرام اسلام آباد میں دوبارہ شروع

جڑواں شہروں کے 42 ہسپتالوں میں صحت سہولت پروگرام کا آغاز کر دیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کئی سال سے بند صحت سہولت پروگرام کو وفاقی دارالحکومت میں دوبارہ شروع کر دیا گیا ہے تاکہ عوام کو معیاری اور مفت علاج کی سہولت فراہم کی جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو اکبر نیازی ٹیچنگ ہسپتال کے دورے کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاق کی آبادی 35 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ اسلام آباد کے ہسپتالوں میں آزاد کشمیر، گلگت بلتستان، راولپنڈی اور دیگر نواحی علاقوں سے بھی بڑی تعداد میں مریض علاج کے لیے

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 2﴾

وزیراعظم شہباز شریف آئی ایم ایف سے بڑا ریلیف لینے میں کامیاب

دیگر معاملات کے علاوہ سولر پینلز اور اسٹیشنری پر سیلز ٹیکس عائد کرنے کا دباؤ بھی واپس

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے اہم ریلیف حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم نے آئی ایم ایف کی مینیجنگ ڈائریکٹر کو عوامی مسائل اور معاشی مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے مختلف شعبوں میں نرمی پر آمادہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف تنخواہ دار طبقے کے لیے ریلیف دینے پر آمادہ ہو گیا ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف تنخواہ دار طبقے کے لیے 60 ارب روپے کا ریلیف حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت دیے جانے والے وظیفے میں اضافے پر بھی آمادہ ہو گیا ہے،

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 4﴾



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی بجٹ اجلاس کے موقع پر مصافحہ کر رہے ہیں

اتحاد اور اتفاق سے دہشتگردی کا مکمل صفایا کرینگے، شہباز شریف

صوبوں کیساتھ ہر معاملے پر مشاورت کی اور قومی مفاد میں بہترین فیصلے کیے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے معاشی بہتری، روزگار کے مواقع، برآمدات اور پیداواری صلاحیت میں اضافے کو مشترکہ ذمہ داری قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آج میکرو سطح پر معیشت مستحکم ہے، وفاق نے ہر معاملے پر انتہائی سنجیدگی کے ساتھ صوبوں سے مشاورت کی ہے، ٹیم ورک کے طور پر پاکستان کے بہترین مفاد میں قومی فیصلے کیے ہیں، زیادہ سے زیادہ وسائل پیدا کرنا اور دفاع کیلئے وسائل کی فراہمی اور اسے مضبوط بنانا ہماری ترجیح ہے، تیل کی قیمتوں کی مد میں عوام کو 128 ارب روپے کا ریلیف فراہم کیا، باہمی اتحاد اور اتفاق سے دہشت گردی کا مکمل صفایا کریں گے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بدھ کو قومی اقتصادی کونسل (این ای سی) کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعظم نے اجلاس میں سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ پنجاب کی وزیراعلیٰ مریم نواز علالت کے باعث اجلاس میں شریک نہیں ہوئیں، اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطا فرمائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج ہم این ای سی کے فورم پر جمع ہیں، تمام صوبائی وزرائے اعلیٰ کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اس سارے عرصے میں ہر موقع پر مشاورت اور معاونت کی جبکہ وفاق نے انتہائی خلوص اور سنجیدگی کے ساتھ صوبوں کے ساتھ ہر معاملے پر مشاورت کی اور قومی مفاد میں بہترین فیصلے کیے ہیں، یہی وجہ ہے کہ آج ہماری معیشت اس کے باوجود کہ بڑے بڑے چیلنجز کا ہمیں سامنا کرنا پڑا، میکرو سطح پر مستحکم ہے لیکن اب شرح نمو میں اضافہ انتہائی اہم مرحلہ ہے، روزگار کے مواقع پیدا کرنا، پیداواری صلاحیت اور برآمدات میں اضافے اور اقتصادی سرگرمیوں کا فروغ سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

میری پہچان پاکستان کا تنظیمی سرگرمیاں تیز کرنے کا فیصلہ

کراچی (نامہ نگار) میری پہچان پاکستان کی مرکزی کمیٹی کے انچارج نہال احمد صدیقی نے تمام ٹاؤنز اور ضلعی تنظیموں کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی، عوامی اور فلاحی سرگرمیوں کو مزید تیز کریں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان کی ہدایات کی روشنی میں عوامی رابطہ مہم، تنظیم سازی اور فلاحی سرگرمیوں کو مؤثر بنایا جائے تاکہ عوامی مسائل کے حل میں بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں نوجوانوں، مزدوروں، ملازمین، خواتین اور بزرگ شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال بنانا وقت کی ضرورت ہے۔ نہال احمد صدیقی نے تمام ٹاؤنز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے علاقوں میں اجلاس منعقد کریں، عوامی رابطہ مہم کو تیز کریں اور پارٹی منشور کو گھر گھر پہنچائیں۔

دفاعی بجٹ پورا کرنا وفاق کی ذمہ داری صوبوں پر نہ ڈالے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے بجٹ کے معاملے کو ایک آئینی اور اہم ایشو قرار دیدیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بجٹ کا معاملہ سیاسی نہیں بلکہ ایک آئینی اور اہم ایشو ہے، دفاعی بجٹ پورا کرنا وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے، وہ اسے پورا کرے، وفاقی حکومت اپنی ذمہ داری صوبوں پر نہ ڈالے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ وفاقی حکومت گزشتہ 4 سال میں ناکام ہوتی رہی ہے، حکومت نے ایف بی آر کو ناکام کیا کہ وہ اصلاحات نہ لا سکے۔۔۔

معیشت درست سمت میں گامزن

معاشی استحکام سے گروتھ کی جانب بڑھیں گے، وزیر خزانہ

ہم نے کوشش کی ہے کم تنخواہ دار طبقے کو زیادہ ریلیف ملے، تنخواہ پر 5 فیصد ٹیکس کو ایک فیصد کیا اور 15 فیصد کو 13 فیصد کیا گیا

رعی شعبے کیلئے قرضوں کی فراہمی کا حجم 20 ارب سے تجاوز کر گیا، انرجی انفرا اسٹرکچر پر دباؤ ہے، آئندہ مالی سال بھی رہے گا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معیشت درست سمت میں گامزن ہے اور ہم معاشی استحکام سے گروتھ کی جانب بڑھیں گے، ہم نے کوشش کی کہ کم تنخواہ دار طبقے کو زیادہ ریلیف ملے، تنخواہ پر 5 فیصد ٹیکس کو ایک فیصد کیا اور 15 فیصد کو 13 فیصد کیا جب کہ بڑی تنخواہوں اور سرچارج اقدامات پر ہمیں اچھا فیڈ بیک ملا ہے، تعمیراتی شعبے میں ٹیکسوں کو کم کیا ہے، زراعت پر ایگریکلچر کریڈٹ 15 فیصد بڑھی ہے، حجم 2 ٹریلین سے زیادہ ہے، زرخیزی اسکیم بہتر انداز سے آگے بڑھ رہی ہے، چھوٹے کسانوں کو اپنے گھر گروی رکھنے کے لیے نہیں کہا جائے گا، نوجوان قرض اسکیم کا حجم 262 ارب روپے ہے جس میں 125 ارب زراعت کے لیے ہے، زرعی شعبے کی مشینری باہر سے منگوانے پر کسٹم ڈیوٹی، ایڈیشنل کسٹم ڈیوٹی، ریگولیٹری ڈیوٹی صفر کر دی ہے، زرعی شعبے کے لیے قرضوں کی فراہمی کا حجم 20 ارب سے تجاوز کر گیا ہے، انرجی انفرا اسٹرکچر پر دباؤ ہے اور کچھ عرصہ آئندہ مالی سال بھی رہے گا، صوبوں کی طرف سے مرکز کی امداد پر شکر گزار ہوں، سولر پینلز کی قیمتوں میں اضافے سے متعلق افواہوں میں کوئی حقیقت نہیں اور تمام متعلقہ حلقوں کو درست معلومات کی فراہمی کو یقینی بنانا چاہیے۔ ہفتہ کو یہاں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ اور وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی کے ہمراہ پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ سال میں نے قوم

﴿باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 5﴾

مہاجرین نشستوں کا خاتمہ ممکن نہیں، وزیر قانون

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ مہاجرین نشستوں کا خاتمہ ممکن نہیں، کشمیر اور پاکستان لازم و ملزوم ہیں۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پچھلے سال وزیر اعظم نے خصوصی کمیٹی بنائی تھی، ایکشن کمیٹی کے 38 میں سے 35 مطالبات مان لئے گئے۔ آزاد کشمیر کے معاملے پر آل پارٹیز کانفرنس بلائی گئی، طے کیا گیا ہے کہ آئین میں ترمیم کیلئے اسمبلی خود فیصلہ کرے گی، سپریم کورٹ آزاد کشمیر نے اس معاملے پر فیصلہ دیا ہے۔ کشمیر کاز کو نقصان پہنچانے کیلئے غیر ملکی ہاتھ ملوث

سیدنا عمر فاروق اعظمؓ کے دور خلافت کی نظیر انسانی تاریخ میں نہیں ملتی

اگر حکمران عوامی مسائل کا حل چاہتے ہیں تو خلفائے راشدین کی طرز حکمرانی کو اپنانا ہوگا

کراچی (نامہ نگار) چیئرمین نظام مصطفیٰ پارٹی سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ خلیفہ دوم حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور خلافت، مثالی طرز حکمرانی، فتوحات، عدل انصاف پر مبنی نظام حکومت رہتی دنیا تک کے حکمرانوں کے لیے ہدایت کا سرچشمہ ہے۔ ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظمت کا اندازہ سرکار دو عالم ﷺ کے اس فرمان سے لگایا جا سکتا ہے کہ ”اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتے تو وہ عمر بن خطاب ہوتا“ آپ مراد رسول ﷺ ہیں، اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کی دعا کے طفیل حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذریعے اسلام کو غلبہ روشنی عطا فرمائی۔ ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور خلافت پرامن اور ترقی یافتہ تھا، آپ نے حکمرانی کرنے اور ملکی نظام چلانے کا بے مثال اصول وضع کیے جن کی نظیر انسانی تاریخ میں نہیں ملتی، وہ عوام کے حالات کی خبر گیری کیلئے خود راتوں کو جاگ کر گشت فرمایا کرتے تھے، غریب پروری، عدل و انصاف کا شاندار نظام قائم کیا۔

SMART CARE PHARMACY
سمارٹ فارمیسی
- We Accept All Insurances Including Medicaid
- We Do Fax, Copy, Print and DMV Vision Test
- We Accept OTC Card

We Accept EBT Card
We Do Free Delivery
We Speak English, Urdu, Punjabi and Arabic
MUHAMMAD FARHAN
Ph: 347-374-5117
Fax: 347-374-5118
Email: Smartcare164@gmail.com
1324 Coney Island Ave. Brooklyn, NY 11230



MANHATTAN REPRODUCTIVE MEDICINE
INFERTILITY CLINIC IN MANHATTAN • MANHATTANIVF, COM
We Help Our Patient Become Happy Parents
بانجھ پن اب لاعلاج مرض نہیں
Hope for the Hopeless couples
آپ کے اپنے جرثومے ہی استعمال کر کے اولاد پیدا کرنے میں مدد کی جاتی ہے
مرد یا عورت میں بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت پر شبہ ھے؟
بچہ پیدا کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے؟
حمل گر جاتا ہے؟ حمل ٹھہرتے ہی ضائع ہو جاتا ہے؟
میڈیکل سائنس ان تمام مشکلات کا حل رکھتی ہے
FREE CONSULTATION WITH THIS ADD
ALL TREATMENTS FOR MALE AND FEMALE INFERTILITY IN VITRO FERTILIZATION
Pregnancy Losses
Miscarriages Sex Selection
ہم اپنے مریضوں کو خوش اور مطمئن والدین بننے میں مدد کرتے ہیں
اس اشتہار کا حوالہ دینے والوں کو مفت مشورہ کی سہولت دی جائے گی
مناسب پیمنٹ پلان کی سہولت
Ph: 212-794-0080
159 E 74 Street, Suite C New York NY 10021

LA LUNA
Halal Mexican & American Grill
حلال HALAL
LA LUNA GRILL POLLO A LA BRASA
سموک ٹاؤن روڈ، ووڈبرج ورجینیا میں حلال ٹاکوز، فہیتاز،
کیسہ ڈیا سوپ اور اعلیٰ مزے مزے کے کھانوں کیلئے تشریف لائیں
پارٹی ہال موجود ہے
WE DELIVER!
$ 20 Minimum Delivery
we are also availabe on:
DOORDASH
Tell: 703-491-2112, 703-897-1919
Fax: 703-897-1010, Web: www.lalunava.com
13760 Smoketown Road, Woodbridge VA

خوشخبری خوشخبری خوشخبری
NY بینکویٹ ہال
NY BANQUET HALL
آپ کے تمام ایونٹس کیلئے خوبصورت اور کشادہ ہال
ووڈبرج، ورجینیا میں خوبصورت ہال کا
شاندار افتتاح
NY BANQUET HALL FOR 300 PEOPLE
300 افراد کی گنجائش
WE DO CATERING. BANQUET HALL AVAILABLE FOR ALL KIND OF PARTIES. RENT OUR BANQUET HALL FOR ALL FUNCTIONS

باواجی نیچرل کیورز
TREATMENT WITH NATURAL HERBS
گھٹنوں کے درد کے گارنٹی
شدہ علاج کیلئے جڑی بوٹیوں کا
مرکب تیل دیگر بیماریوں کا بھی قدرتی علاج
Contact:
+1-443-889-5317

ووڈبرج ورجینیا میں حلال امریکن اور پاکستانی کھانوں کا ایک ہی نام
NEW YORK PIZZA GRILL KABOB
حلال HALAL
100% ذبیحہ حلال
ITALIAN • PAKISTANI • AFGHAN • INDIAN FOOD
Delivery - Take Out - Dining - Banquet Hall
New York Pizza
Mithai For Catering Orders
Timings:
Monday to Friday
Special Lunch Buffet
11:00 AM to 3:00 PM
شادی بیاہ، سالگرہ اور دیگر تقریبات کی کیٹرنگ کے لیے رابطہ کریں
عامر: 703-517-9085
Please Call Ahead
NYPizzaGrillKabob.com
Order Online:
703-670-2222
13600 Foulger Square, Woodbridge VA 22192

Classified Section

Web: www.dunyaint.com

Contact

718-509-5522
443-370-0804
917-348-3974
412-583-0142
0300 956 8514

Email
zahidhussain09@hotmail.com
manzhussain72@yahoo.com
vniwvssamad@yahoo.com
razasyeda5@gmail.com

اسپیشل ڈیلز کیلئے
Weekly Dunya International
کی ٹیم سے رابطہ کریں

اپنے بزنس کے ہر قسم کے اشتہارات کی کم قیمت

اور اپنی خواہش کے مطابق ڈیزائننگ اور تشہیر وغیرہ

خوبصورت اپارٹمنٹ
برائے رینٹ

فرسٹ فلور پر واقع، 4 عدد خوبصورت رومز 1.5 باتھ روم، ویل فرنشڈ

کرائے پر دستیاب ہے

Ph: 718-509-5522

DJ SID

- Bollywood songs
- Pakistani song Weeding
- American weeding songs

We even provide sound system too

Contact at 718 509 5522 Facebook page Djsid89

ضرورت ہے

امریکہ کے ایک پرائیوٹ نیوز چینل کو خاتون اینکر پرسن کی ضرورت ہے جس کو انگلش اور اردو زبان پر عبور حاصل ہو اور ایک عدد ویڈیو ایڈیٹر کی بھی ضرورت ہے

خواہشمند خواتین رابطہ کریں

Ph: 718-509-5522
Email: manzhussain72@yahoo.com

علیمہ خان اور دیگر کیخلاف مقدمہ آخری مراحل میں داخل ہوگیا

پراسیکیوشن نے شہادت اور شواہد کی حد تک پراسیکیوشن کلوز کر دیا، جرح مکمل کرلی

راولپنڈی (نامہ نگار) انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی میں بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان سمیت 10 ملزمان کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمہ آخری مراحل میں داخل ہوگیا۔ بدھ کو مقدمے کی سماعت انسداد دہشتگردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کی۔ پراسیکیوشن نے شہادت اور شواہد کی حد تک پراسیکیوشن کلوز کر دیا۔ وکیل صفائی نے استغاثہ کے دو گواہان پر دوبارہ جرح مکمل کرلی۔ گواہان میں تفتیشی افسر اور ڈپٹی ڈائریکٹر میرا شامل تھے۔ مقدمے میں مجموعی طور پر 18 گواہان کے بیانات ریکارڈ اور جرح مکمل کرلی گئی۔ مقدمے میں نامزد 9 ملزمان نے 342 کا سوالنامہ وصول کرلیا۔ علیمہ خان نے 342 کا بیان وصول کرنے کیلئے 16 جون تک عدالت سے مہلت مانگ لی۔ وکیل صفائی نے عدالت سے اپنے دفاع میں عدالتی گواہان پیش کرنے کی استدعا کر دی جبکہ عدالت نے گواہان پیش کرنے کیلئے درخواست اور فہرست جمع کرانے کی ہدایت کردی۔

سرکاری ملازمین کو 90 دن میں دوہری شہریت ڈیکلیئر کرنے کا حکم

اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے فارن نیشنلٹی رولز 2026ء پر عملدرآمد شروع کردیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) حکومت نے سول سرونٹس کو 90 یوم میں دوہری شہریت ڈیکلیئر کرنے کا حکم دے دیا جبکہ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے فارن نیشنلٹی رولز 2026ء پر عملدرآمد شروع کردیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کیلئے دوہری شہریت کی تفصیلات ظاہر کرنا لازمی قرار دیتے ہوئے تمام سول سرونٹس کو 90 روز کے اندر متعلقہ ڈیکلریشن جمع کرانے کی ہدایت جاری کردی ہے۔ جاری میمورنڈم کے مطابق تمام سرکاری افسران اور ملازمین اپنی غیرملکی شہریت، پاسپورٹ، مستقل رہائش اور دیگر غیرملکی وابستگیوں کی مکمل تفصیلات فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔ اس کے علاوہ سول سرونٹس کو اپنے شریک حیات اور زیر کفالت بچوں کی شہریت اور امیگریشن اسٹیٹس سے متعلق معلومات بھی جمع کرانا ہوں گی۔ حکومت نے نئی بھرتیوں کے لیے بھی غیرملکی شہریت اور امیگریشن سے متعلق ڈیکلریشن جمع کرانا لازمی قرار دیا ہے۔ قواعد کے تحت اگر کوئی افسر یا ملازم حقائق چھپانے یا غلط معلومات فراہم کرنے کا مرتکب پایا گیا تو اس کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

امریکہ میں سیاسی پناہ، قانونی حیثیت اور امیگریشن حاصل کریں

اگر آپ کا امیگریشن کیس، وکیل یا کسی اور وجہ سے خراب ہو گیا ہے تو امریکہ میں قانونی حیثیت، امیگریشن پیپرز کی پروفیشنل طریقے سے تیاری اور تکمیل، کیس فائلنگ، پاکستانی کمیونٹی اپنے تمام تر قانونی مسائل، خاص طور پر مرحوم سٹیزن کی بیوہ اور بچوں کے قانونی مسائل چاہے وہ پاکستان میں ہوں یا امریکہ میں، ہم سے رابطہ کریں

رابطہ: **Ph: 718 509 5522**
Email: manzhussain72@yahoo.com

ADVANCE MEDICAL OFFICE

Dr. Arshad Anwar
Internal Medicine
(Board Certified)

WE TAKE CARE OF YOUR GOOD HEALTH

ایڈوانس میڈیکل آفس

DR. ARSHAD ANWAR
Internal Medicine (Board Certified)

DR. NAHEED ANJUM
Internal Medicine (Board Certified)

3064 CONEY ISLAND AVE
1235 FIRST FLOOR
PH: 718-769-0506

795 Coney Island Ave
Brooklyn NY 11218
PH: 718-287-1811

جس میں آپ کی تمام جسمانی بیماریوں کے علاوہ E,K,G بلڈ ٹیسٹ، یورین ٹیسٹ، PFT-ECHO DIABETIES (24 HOURS) ہالٹر ہارٹ پرابلم، جوڑوں کا درد، سانس پھولنے کی بیماری کے علاج کے علاوہ TLC سکول فزیکل ٹیسٹ

حج وعمرہ کی ویکسین بھی کی جاتی ہے

Tell: 718-284-6091 Fax: 347-529-0491

Syed Zabeeh Hussaini, MD

BRIGHTON MEDICAL PRACTICE, PC

Specialize in Family Practice

Specialize in Adult Medicine

We Do Medical Marijuana

We Participate With Most Major Insurance



ڈاکٹر سید ذبیح حسینی (فیملی میڈیسن)

بڑوں کے ڈاکٹر

- امیگریشن چیک اپ
- ٹیکسی اور لیموزین چیک اپ
- کھانسی، بخار
- آنکھ ناک گلے کا انفیکشن
- جنرل چیک اپ
- جلدی امراض
- پیٹ کی بیماریاں
- جنسی بیماریاں
- جوڑوں کا درد
- حج اور عمرہ کی ادویات

Timing: Monday to Wednesday 01:00 pm to 06:00 pm / Friday 10:00 am to 01:00 pm

706 BANNER AVE BROOKLYN NY 11235 - Ph: 718-368-3092
1199 Ocean Avenue, 11230 Ph: 718-859-7446

Sam's Studio

DIGITAL PHOTO GRAPHY

- ہر قسم کے بزنس کی ٹی وی کمرشل
- ویب سائٹ ڈیزائننگ
- بزنس اینی میشن ڈیزائننگ
- پوسٹر فلائرز، بزنس کارڈ، سائن بورڈ
- کیلنڈرز کی گرافک ڈیزائننگ

شادی بیاہ، سالگرہ، اور دیگر تقریبات کے قیمتی لمحات کی جدید اور کم قیمت میں مووی بنوانے کیلئے رابطہ کریں۔

BOOTA DHOOL/ بوٹا ڈھول

Cell: 718-509-5522, 917-348-3974 Email: manzhussain72@yahoo.com

---

خصوصی نوٹ:

قارئین کرام: اگر آپ اپنی تعلیمی، مذہبی، سماجی، سیاسی تقریبات، مصنوعات کی تشہیر، کمیونٹی خدمات وکوریج، خواتین اپنے مسائل والجھنیں، رشتہ مسائل، قانونی مشاورت وعلماء کرام سے رہنمائی اور تعلیمی کاوشیں دنیا انٹرنیشنل کے صفحات پر لانا چاہیں تو دنیا انٹرنیشنل کی نمائندہ، کالم نگار وایڈیٹر لیڈیز ایڈیشن سیدہ رضا صاحبہ سے رابطہ کریں۔

Email: razasyeda5@gmail.com || www.dunyaint.com

AMERICAN HERBAL NUTRITION & SKIN CARE NATURAL WAY

Tel: 718-581-3898 Find me on facebook
U-Tube: HakeemMohammadHussain
Website: www.hamdardherbal.com; E-Mail: aftay91@gmail.com

ماہر طب مشرق وطب نبوی حکیم سید محمد حسین

مطب ہمدرد پاکستان کے تجربہ یافتہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی طبیہ کالج سے اضافی تجربہ کے حامل اور امریکن ہربل اسکول کے سند یافتہ ہربالسٹ۔ خواتین کے مسائل کو سننے کیلئے خاتون موجود ہیں۔

جسمانی، ذہنی، نفسیاتی امراض ● امراض مردانہ وزنانہ ● بچوں میں بھوک نہ لگنے کا مرض۔

ذہنی پسماندگان اور معذور بچوں کی ذہنی نشوونما اور جسمانی بہتری کیلئے قدرتی طریقہ علاج تجویز کیا جاتا ہے

بالٹی مور اور ورجینیا میں رہائش پذیر افراد کیلئے خوشخبری: حکیم صاحب ہر ماہ بالٹی مور اور ورجینیا آیا کریں گے۔ ملاقات ومشورہ کیلئے 718-581-3898 پر رابطہ کر کے دن معلوم کرلیں۔



Fight against Heart Disease, High Blood Pressure, Stroke.

Cardio Vital Liquid	Artery Cleanse Capsule	Zincon Dandruff Shampoo	To Solve Urinary & Prostate Problem.	For Premature ejaculation, Sexual Dysfunction.	AJWA DATES SEEDS TABLETS

To protect yourself from COVID, use Organic Natural Product and follow Natural Health Code of Healthy Living.

حکیم سید محمد حسین کا پیغام صحت ساری امت مسلمہ کیلئے: نماز میں کئی بیماریوں کا علاج موجود ہے، نماز اچھی طرح قائم کیجئے تاکہ آپ جسمانی اور ذہنی طور پر تندرست وصحت مند رہیں اور روحانی برکات سے فیض یاب ہوں۔

UMRAH SERVICES

عمرہ کے خواہش مند خواتین وحضرات کیلئے Economic Package ہم آپ کے لئے پیش کرتے ہیں اور آپ کی خواہش کو یقینی بناتے ہیں۔

Ph: 718-581-3898

A&S Digital Wireless, Inc

MOBILE REPAIR

WE FIX ALL KIND OF PHONES
WE UNLOCKED PHONE
SEND TOP NOTCH PHONES
TO YOUR LOVED ONES



Ask For
Mughal or Safee
Authorized Dealer

T-Mobile · Lycamobile · SIMPLE Mobile · ultra mobile · H2O WIRELESS · BOSS REVOLUTION

فون اسیسریز کی ہر قسم کی ورانٹی کیلئے دکان میں ضرور تشریف لائیں

- پاکستان کیلئے Calling کا بہترین پیکج
- Talk Text & Data

Unlimited Telenor
Pakistan $20 /Month

ہمارے پاس بڑی تمام کمپنیوں کے موبائل فون اور PRE-PAID کارڈ دستیاب ہیں

Latest Phones And Accessories Available
- Prepaid Phone, Services

Unlimited Talk, Text, Data
- Cellular Phones & Plans

Phone bill Payments
- No Credit - No Problem
- No Debit - No Contract
- $10 Unlimited Calls and Text

منی ٹرانسفر
Money Transfer

ہم پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں رقم ٹرانسفر کرتے ہیں

ہم فون فکس کرانے کے ساتھ ٹیبلٹس اور آئی فون بھی ٹھیک کرتے ہیں

We Customize T-shirts
Construction, Sports, Birthdays, Schools Or Any Events.

Open 7 Days

Put Your
Logo Here
Customize
T-Shirts
Here

Tel: 718-769-0418, Fax: 718-769-3167
3070-A Coney Island Ave Brooklyn, NY 11235
E-mail: asdigital3070@gmail.com

ضرورتِ رشتہ

ایک 44 سالہ نوجوان کیلئے رشتہ درکار ہے
تفصیلات فون پر حاصل کریں
بروکلین نیو یارک

فون نمبر: 917 378 2813

صرف سنجیدہ حضرات رابطہ کریں

ضرورت رشتہ

امریکہ میں مقیم دوسری شادی کے خواہشمند 58 سالہ پاکستانی امریکن، جن کی پہلی بیوی وفات پا چکی ہیں کو خاتون کا رشتہ درکار ہے

رابطہ کریں:
718 509 5522
Email: manzhussain72@yahoo.com

ضروری اعلان

کوئنز، فلشنگ اور گردونواں میں بسنے والے پاکستانی، بنگلہ دیشی اور انڈین اپنے بزرگ مرد حضرات کیلئے حلال سینئر سنٹر کیلئے رابطہ کریں

بزرگ افراد کیلئے تمام سہولیات دستیاب ہیں

برائے رابطہ
718-509-5522

ضرورت رشتہ

45 سال تک کی بیوہ یا طلاق شدہ خاتون کا رشتہ درکار ہے
سنجیدہ افراد رابطہ کریں

رابطہ کریں:
718 509 5522

قصاب کو جاب کی ضرورت ہے

تیس سالہ تجربہ کے حامل انتہائی پروفیشنل قصاب کو جاب کی ضرورت ہے

سنجیدہ افراد رابطہ کریں

347 827 6130

Need Progress / Inspector

Call us

Mumtaz Hussain
Professional Engineer (NY) LIC. NO. 102028
Registered with department of buildings (NYC)

Special Engineer / Progress Inspector

64 church avenue Brooklyn New York 11218

347-725-6504
mumtazhussain1960@gmail.com

ONLINE QURAN

Courses Offered

- Quran Reading (Basic to Advanced)
- Quran with Tajweed
- Nazra Quran
- Hifz-ul-Quran
- Noorani Qaida
- Islamic Studies
- Duas & Daily Supplications
- Basic Arabic for Quran Understanding
- Salah (Prayer) Method & Masnoon Duas
- Quran Translation (Basic Level)

Online Quran Teaching

One-to-One Online Classes Flexible Timings

For Children & Adults

aiquranacademy.com

Contact: +92 346 1155267 | +44 7590 925099

ADVERTISE HERE

Contact : Syeda Raza
Email : razasyeda5@gmail.com
www.dunyaint.com

MOON-BEAUTY SALON

ہمارے پاس میک اپ، فیشل، ہیئر کٹ، کلر اور ویکس بھی کی جاتی ہے۔

ہم تھریڈنگ بھی کرتے ہیں

پارٹی میک اپ اور دلہن کا میک اپ بھی کیا جاتا ہے۔

209 Neptune Avenue, Brooklyn, NY 11235
Tel: 718-332-2298

مفت اشتہار شائع کروائیں

امریکہ کی دو بڑی ریاستوں نیو یارک اور واشنگٹن ڈی سی سے بیک وقت شائع ہونے والے اور امریکہ کی 15 ریاستوں میں ڈیلیور کیے جانے والے کثیر الاشاعتی ہفتہ روزہ دنیا انٹرنیشنل میں 3 ہفتے کے بعد چوتھے ہفتے کلاسیفائڈ ایڈ مفت شائع کروائیں

Ph: 718 509 5522 (انتہائی موزوں ڈسکاؤنٹ کے ساتھ)

آزاد کشمیر میں جامع مذاکرات کی ضرورت ہے، ڈاکٹر غلام نبی فائی

آزاد کشمیر کے موجودہ مسائل حل نہ ہوئے تو اس کے جموں و کشمیر کے متنازعہ علاقے کے لیے تباہ کن نتائج برآمد ہوں گے

آزاد کشمیر اہم دوراہے پر کھڑا ہے، آگے بڑھنے کیلئے فوری طور پر معاشی شکایات کا ازالہ کیا جائے، ورلڈ کشمیر اویرنس فورم

نیویارک (نیوز ڈیسک) آزاد کشمیر میں عوامی عدم اطمینان مسلسل بڑھ رہا ہے، جو فوری اور توجہ مرکوز مداخلت کی ضرورت کا اشارہ دیتا ہے۔ بڑھتی ہوئی بدامنی آبادی کے درمیان وسیع تر خدشات کی عکاسی کرتی ہے، جو ان مسائل کو بات چیت اور غور وفکر کے ذریعے فوری طور پر حل کرنے کی اہمیت پر زور دیتی ہے۔ اگر آزاد کشمیر کے عوام کے جذبات کو نظر انداز کیا گیا تو بھارت اس موقع کو استعمال کرتے ہوئے اس مسئلے کو عالمی دارالحکومتوں میں اجاگر کر سکتا ہے۔ اس سے پاکستان کی پوزیشن کمزور ہو جائے گی، کیونکہ احتجاج یا اعتراضات کا جواز پیش کرنا مشکل ہو گا۔ دوسرے لفظوں میں، یہ اصول کہ ”جو ہنس کے لیے اچھا ہے وہ گینڈر کے لیے بھی اچھا ہو سکتا ہے“ لاگو ہو سکتا ہے، مطلب یہ ہے کہ ایک فریق کی طرف سے کیے گئے اقدامات دوسرے کے لیے ایک مثال قائم کر سکتے ہیں۔ اگر آزاد کشمیر کے موجودہ مسائل

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 6»

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح

اسلام آباد کے 42 ہسپتالوں کے اخراجات حکومت برداشت کریگی، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے اعلان کیا ہے کہ حکومت نے اسلام آباد میں 42 نجی ہسپتالوں کو صحت سہولت پروگرام میں شامل کرلیا ہے تاکہ سرکاری ہسپتالوں پر بڑھتے ہوئے دباؤ کو کم کیا جاسکے۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شامل کیے گئے نجی ہسپتالوں میں علاج کے تمام اخراجات حکومت برداشت کرے گی، یہ اقدام صحت سہولت پروگرام کا حصہ ہے جسے کئی سال کی معطلی کے بعد دوبارہ فعال کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث سرکاری ہسپتالوں پر دباؤ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور موجودہ معاشی صورتحال میں اس رفتار کو برقرار رکھنا مشکل ہو گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسلام آباد کی آبادی ساڑھے 35 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ راولپنڈی، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور دیگر علاقوں سے آنے والے مریضوں کی وجہ سے بھی وفاقی دارالحکومت کے ہسپتالوں پر اضافی بوجھ پڑ رہا ہے، جس کے باعث رش اور سہولیات کے معیار سے متعلق شکایات میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں صحت کے شعبے پر مجموعی طور پر 1156 ارب روپے خرچ کر رہی ہیں لیکن مریضوں کے اطمینان کی شرح 10 فیصد سے بھی کم ہے، ایک حکومتی تحقیق سے ظاہر ہوا ہے کہ نجی شعبے کے اشتراک سے 210 ارب روپے میں بہتر طبی سہولیات فراہم کی جاسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسل ہیلتھ کوریج وقت کی اہم ضرورت ہے اور اگر نجی شعبے کو شامل نہ کیا گیا تو ملک کو طلب پوری کرنے کے لیے پانچ ہزار نئے ہسپتال تعمیر کرنا ہوں گے۔ وزیر صحت نے خبردار کیا کہ کسی بھی قسم کی غفلت یا ناقص علاج فراہم کرنے والے ہسپتال کو فوری طور پر پروگرام سے خارج کر دیا جائے گا، انہوں نے پروگرام کی بحالی پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام پاکستان کو عالمی معیار کے صحت نظام کے قریب لے جانے میں مدد دے گا۔

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کا ایک اور تاریخی سنگ میل

لاہور (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے فلیگ شپ ہاؤسنگ پروگرام ”اپنی چھت اپنا گھر“ نے ایک اور تاریخی کامیابی حاصل کرتے ہوئے مقررہ ڈیڈ لائن سے قبل ایک لاکھ 60 ہزار قرضوں کی فراہمی کا ہدف مکمل کرلیا ہے، کم لاگت رہائش کے شعبے میں یہ پروگرام پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا ہاؤسنگ فنانس منصوبہ بن چکا ہے، جس کے ذریعے ہزاروں خاندان اپنے گھر کی تعمیر کا خواب حقیقت میں بدل رہے ہیں۔ ترجمان محکمہ ہاؤسنگ کے مطابق پروگرام کے تحت اب تک گھروں کی تعمیر کے لیے 211 ارب روپے سے زائد جاری کیے جاچکے ہیں، جبکہ ایک لاکھ 2 ہزار 645 گھر مکمل ہو چکے ہیں۔ ان گھروں میں ہزاروں خاندان منتقل ہو کر اپنی مستقل رہائش سے مستفید ہو رہے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ صوبہ بھر میں ایک لاکھ سے زائد گھروں کی تعمیر مکمل ہونے کے بعد بھی تعمیراتی سرگرمیاں بھرپور انداز میں جاری ہیں۔

نانجنگ میں عالمی یوتھ ڈائیلاگ کا انعقاد، پاکستانی طلبہ کی بھرپور شرکت

نانجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین کے شہر نانجنگ میں نانجنگ یونیورسٹی کے زیر اہتمام ڈائیلاگ ود دی فیوچر فار گلوبل یوتھ فرام سسٹر سٹیز 2026 کا آغاز ہوا، جس میں 57 ممالک سے تعلق رکھنے والے بین الاقوامی طلبہ نمائندوں، چینی و غیر ملکی ماہرین، نوجوان کاروباری شخصیات اور ثقافتی شخصیات نے شرکت کی۔ گوادر پرو کے مطابق ٹیکنالوجی اور ثقافت میں باہمی استفادے کے ذریعے پائیدار مستقبل کی مشترکہ تعمیر کے عنوان سے منعقدہ اس مکالمے میں دنیا بھر سے آئے نوجوانوں نے شرکت کرتے ہوئے ایک مشترکہ یوتھ اعلامیہ جاری کیا جس کے ذریعے سسٹر سٹی تعلقات اور بین الاقوامی دوستی کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

نگران دور حکومت میں کی گئی بھرتیاں خلافِ قانون قرار

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی آئینی عدالت نے نگران دور حکومت میں کی گئی بھرتیوں کو خلاف قانون قرار دے دیا۔ بدھ کو جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کیس کا تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ نگران حکومتوں کا بنیادی کام صرف روزمرہ کے امور سرانجام دینا ہوتا ہے اور وہ ایسے فیصلے نہیں کر سکتیں جو مستقل نوعیت کے ہوں۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں قرار دیا کہ نگران حکومت کبھی بھی منتخب حکومت کے مساوی اختیارات کی حامل نہیں ہوتی اور اس کا ہر اقدام الیکشن کمیشن کی پیشگی منظوری سے مشروط ہوتا ہے۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ سرکاری ملازمین کی بھرتیاں مستقل نوعیت کا عمل ہیں، اس لیے انہیں عارضی یا روزمرہ امور کا حصہ قرار نہیں دیا جاسکتا۔ وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ جنوری 2023ء سے فروری 2024ء کے دوران نگران حکومت کی جانب سے کی گئی بھرتیاں قانون کے مطابق نہیں تھیں۔

مری، سیاحوں کی گاڑی میں آتشزدگی 10 افراد جاں بحق، 13 زخمی

مری (نامہ نگار) مری ایکسپریس وے پر ملتان سے سیر کے مری جانیوالے سیاحوں کی ہائی ایس وین کو حادثے کے نتیجے میں 10 افراد جاں بحق جبکہ 13 زخمی ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق ہائی ایس وین مری ایکسپریس وے پر چھوٹ کے مقام پر پہنچی تو اچانک گاڑی میں خرابی پیدا ہوئی اور گاڑی ڈرائیور سے بے قابو ہو کر سڑک کنارے برساتی نالے میں دیوار کیساتھ جا لگی جس سے گاڑی کے مسافروں والے پھنس کر رہ گئے اور اچانک گاڑی میں آگ بھی بھڑک اٹھی۔ موٹر وے پولیس کے مطابق آتشزدگی اور زخمی ہونے کے نتیجے میں مجموعی طور پر 4 بچوں سمیت 10 افراد جاں بحق اور 13 زخمی ہوئے۔ اطلاع ملتے ہی موٹر وے پولیس، ریسکیو 1122 راولپنڈی اور مقامی افراد کی بڑی تعداد موقع پر پہنچی اور جاں بحق اور زخمی ہونے والوں کو نکال کر مری اور دیگر قریبی ہسپتالوں میں منتقل کیا۔ ترجمان موٹر وے پولیس ثاقب وحید کے مطابق ہائی ایس وین اس جانب گری جہاں سے دروازے کھولنا ممکن نہ تھا۔

پی ٹی اے کی ویب سائٹ پر اے آئی چیٹ بوٹ کا آغاز کر دیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے اپنی سرکاری ویب سائٹ پر مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر مبنی چیٹ بوٹ متعارف کرا دیا اس اقدام کا مقصد صارفین کو ڈیجیٹل سہولتوں کی فراہمی کو بہتر بنانا اور ریگولیٹری معلومات تک رسائی کو مزید آسان اور موثر بنانا ہے۔ حکام کے مطابق یہ چیٹ بوٹ چوبیس گھنٹے (24/7) فعال رہے گا اور صارفین کے ٹیلی کام خدمات سے متعلق سوالات، شکایات کے اندراج، سم رجسٹریشن، ڈیوائس رجسٹریشن اور پی ٹی اے سے متعلق دیگر امور پر فوری اور بروقت رہنمائی فراہم کرے گا۔ مزید برآں، یہ نظام صارفین کو پی ٹی اے کی متعلقہ سرکاری خدمات اور خودکار پلیٹ فارمز کی جانب بھی رہنمائی فراہم کرے گا تاکہ وہ کم وقت میں درست معلومات اور سہولت حاصل کر سکیں۔

سینیٹ کا جامع کفایت شعاری پروگرام کامیاب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سینیٹ کا جامع کفایت شعاری پروگرام کامیاب رہا، سینیٹ کی بچت وزارت خزانہ کے مقررہ ہدف سے 500 فیصد زائد رہی۔ سینیٹ سیکرٹریٹ نے کفایت شعاری مہم کے تحت 1 ارب 43 کروڑ 60 لاکھ روپے قومی خزانے میں واپس جمع کرا دیے، مالی سال 2025-26ء میں سینیٹ نے اپنے مجموعی بجٹ کا 15.9 فیصد بچایا۔ چیئرمین سینیٹ نے کفایت شعاری کا آغاز اپنے دفتر سے کیا، سینیٹ فنانس کمیٹی کے 18 میں سے 17 ترقیاتی وخریداری منصوبے موخر، کروڑوں روپے کی بچت کی۔ بھرتیوں، انتظامی اور آپریشنل اخراجات میں نمایاں کمی سے مالی نظم وضبط کو فروغ ملا، سرکاری گاڑیوں کی خریداری کیلئے مختص 6 کروڑ روپے خرچ نہ کیے گئے، موجودہ

اورنگزیب خان کھچی کا تاریخی اصغر مال کالج میں تعلیمی میوزیم کے قیام کا اعلان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی نے پاکستان کے تعلیمی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ تاریخی گورنمنٹ گریجویٹ کالج اصغر مال راولپنڈی میں محکمہ آثار قدیمہ وعجائب گھر اور کالج انتظامیہ کے مشترکہ تعاون سے ایک خصوصی تعلیمی میوزیم قائم کیا جائے گا۔ یہ اعلان محکمہ آثار قدیمہ وعجائب گھر، قومی ورثہ وثقافت ڈویژن، حکومت پاکستان اور گورنمنٹ گریجویٹ کالج اصغر مال کے درمیان مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کی تقریب کے موقع پر کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی اور اس معاہدے کو ملک کے اہم تعلیمی ورثے کے تحفظ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے کہا کہ حکومت کالج انتظامیہ کے ساتھ مل کر ایک جدید میوزیم قائم کرے گی جو تعلیم، تحقیق اور ورثہ آگہی کا مرکز بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم مل کر میوزیم اور ورثہ جاتی تعلیم کی ایک اکیڈمی قائم کریں گے اور اصغر مال کالج کے قیمتی تاریخی ورثے کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ بنائیں گے۔

پشاور، محکمہ اوقاف کے زیر انتظام مساجد میں مالی اور انتظامی نظام رائج کرنے کا فیصلہ

پشاور (نامہ نگار) خیبر پختونخوا میں محکمہ اوقاف کے زیر انتظام 28 مساجد میں پہلی بار باقاعدہ مالی اور انتظامی نظام رائج کرتے ہوئے مینجمنٹ کمیٹیاں تشکیل دے دی گئیں۔ محکمہ اوقاف کے مطابق صوبے میں اوقاف کے زیر انتظام 80 سے زائد مساجد موجود ہیں، تاہم اس سے قبل وہاں کوئی مالی وانتظامی نظام موجود نہیں تھا۔ نئے فیصلے کے تحت ابتدائی طور پر 28 مساجد کے لیے 5 سے 7 رکنی کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں، جنہیں مساجد کے مالی اور انتظامی امور کی نگرانی کا مکمل اختیار ہوگا۔ یہ کمیٹیاں نہ صرف مسجد کے مالی لین دین کا مکمل تحریری ریکارڈ برقرار رکھیں گی بلکہ مسجد کے اندر مذہبی ہم آہنگی کے فروغ اور اس بات کو یقینی بنانے میں بھی معاونت کریں گی کہ مسجد کا پلیٹ فارم فرقہ وارانہ مقاصد کے لیے استعمال نہ ہو۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ مسجد کے تقدس کی خلاف ورزی یا کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کے مشاہدے میں آنے پر کمیٹی فوری طور پر ایڈمنسٹریٹر کو تحریری طور پر آگاہ کرنے کی پابند ہوگی۔

DR. SYED TAJAMAL GILANI
(CHILD SPECIALIST)
پاکستانی بچوں کیلیے مفت علاج کا موقع 19 سال کی عمر کے تمام بچوں کیلیے چائیلڈ ہیلتھ پلس مفت دستیاب ہے
DR. GILANI IS AFFILIATED WITH METHODIST HOSPITAL LUTHERAN MEDICAL CENTER AND ST. MINCENT MEDICAL CENTER
24 گھنٹے رابطے کی سہولت
حج وعمرہ کی ویکسین 100$ میں
ڈاکٹر تجمل گیلانی چائلڈ اسپیشلسٹ
سفر کے ٹیکے MC فارمز مہیا کیے جاتے ہیں۔ حج اور عمرہ اور پاکستان کیلیے ہیپاٹائٹس، ٹائی فائیڈ، کالرا کے ٹیکے لگائے جاتے ہیں
اسکول اور ڈی ایل سی کے فارم بھی پر کیے جاتے ہیں
تقریباً تمام انشورنس، میڈیکیڈ قبول کیے جاتے ہیں
Ph: 718-439-1114
5721-A, 5TH AVE, BROOKLYN NY 11220

THE MEDICINE SHOPPE PHARMACY
CARING BEYOND PRESCRIPTIONS
ALL MAJOR INSURANCE ACCEPTED FREE PICK-UP & DROP OFF DELIVERY
The Medicine Shoppe PHARMACY Caring beyond prescriptions
دی میڈیسن شاپ فارمیسی
SERVICES AND PRODUCTS
- Prescription Drugs
- Surgical Supplies
- Diabetic Shoes & Wheelchair
- Halal Vitamins
- Western Union & Ria Money Transfer
- Costmatics
- Health/Beauty Aids
- Copy & Fax
- Bill Payment
- Baby Needs
Business Hours:
MONDAY - FRIDAY
11:00 AM - 08:00 PM
SATURDAY
11:00 AM - 07:00 PM
FREE DELIVERY
All Boroughs & Long Island
نسخے کی ادویات
سرجیکل سامان
ذیابیطس کے جوتے اور وہیل چیئر
حلال وٹامنز
ویسٹرن یونین اور ریا منی ٹرانسفر
کاسمیٹکس
خوبصورتی کی مصنوعات
صحت اور خوبصورتی کی اشیاء
فوٹو کاپی اور فیکس کی سہولت
بل کی ادائیگی
بچوں کی ضروریات کی اشیاء
Flexible Spending Account OTC Network
تمام بڑے انشورنس قبول کیے جاتے ہیں
ہم OTC اور FSA کارڈز قبول کرتے ہیں
مفت ادویات کی پک اپ اور ڈیلیوری کی سہولت
WE ACCEPT OTC & FSA CARDS
We Speak English, Urdu, Punjabi, Russian, Uzbek & Tajik
Tel: 718-434-4649 | Fax: 718-464-4168
1109 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11230

Business For Sale
EASTERN CAR N CARE
AUTO WORK SHOP
FOR SALE
ON PRIME LOCATION
SALE WITH 21 CARS WITH TLC
2504 ہاروے ایونیو، بروکلین نیویارک 11214 میں
چلتا ہوا تیز رفتار بہترین منافع بخش کاروبار برائے فروخت ہے
at
2504 Harvey Avenue,
Brooklyn New York 11214
Fast Moving is the Best Profitable
Business for Sale
مزید معلومات اور رابطہ کیلئے دیئے گئے نمبر پر کال یا ٹیکسٹ کریں
For More Information Call Or Text
+1-347-756-8722 - 917 560 6332

PARTY HALL
AVAILABLE ON RENT
Perfect for Events, Meetings & Functions
✓ Spacious & Fully Furnished
✓ Ideal for Weddings, Parties & Meetings
✓ Comfortable Sitting Arrangement
✓ Prime Location
بروکلین میں واقع
مین شاہراہ پر
Call Now:
☎ (718) 509 5522
Book Now & Make Your Event Memorable!
بروکلین میں واقع مین شاہراہ پر
پارٹی ہال دستیاب ہے
انتہائی خوبصورت اور جدید

METRO
INTERNATIONAL TRAVEL
arc
IATA
IATA and ARC
Accredited Travel Agent!
Contact us today!
السعودية SAUDIA TURKISH AIRLINES Emirates الاتحاد ETIHAD AIRWAYS QATAR AIRWAYS القطرية
Contact us for Airline Tickets, Cruises and Vacation Packages
And the best travel deals to Pakistan, Africa, India, Middle East and other destination around the world.
METRO INTERNATIONAL TRAVEL WILL CONTINUE TO SERVE THE COMMUNITY UNDER THE LEGACY OF MR. MUHAMMAD ASLAM. WE APPRECIATE YOUR BUSINESS AND SUPPORT.
We meet or beat online fares
METRO INTERNATIONAL TRAVEL, INC.
6506 Loisdale Rd, Suite 205, Springfield, VA 22150
Tel: 703-243-2200, 1-800-874-7975
E-mail: metro786@aol.com, Website: www.metrotraveldc.com

عقیدہ ختمِ نبوت ﷺ ایمان کی اساس اور بنیاد ہے، مفتی محمد جان نعیمی

عقیدہ ختمِ نبوت میں ذرہ برابر شک رکھنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے

بدین (نامہ نگار) مرکزی جماعت اہلِ سنت ضلع بدین کا ایک اہم مشاورتی اجلاس جامع مسجد نورانی، بدین میں مفتی اعظم سندھ، شیخ الحدیث حضرت علامہ مفتی محمد جان نعیمی امیر مرکزی جماعت اہلِ سنت صوبہ سندھ کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کے علماء کرام، مشائخِ عظام، ائمہ مساجد، معززینِ شہر، مختلف دینی و سماجی تنظیموں کے ذمہ داران اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور تعداد میں شرکت کی۔ اپنے صدارتی خطاب میں مفتی اعظم سندھ حضرت علامہ مفتی محمد جان نعیمی نے فرمایا کہ عقیدہ ختمِ نبوت ﷺ ایمان کی اساس اور بنیاد ہے، اس پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ عقیدہ ختمِ نبوت میں ذرہ برابر شک رکھنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے، جبکہ قادیانی آئینِ پاکستان کے مطابق غیر مسلم اقلیت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر قادیانیت کی حمایت کر کے کروڑوں مسلمانوں کے مذہبی جذبات مجروح کر رہے ہیں، جس کی اہلِ سنت بھرپور مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحفظِ ناموسِ رسالت ﷺ اور عقیدہ ختمِ نبوت ایمان کا لازمی حصہ ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ کی کامل اتباع اور آپ ﷺ کی سنتِ مبارکہ پر عمل ہی دنیا و آخرت کی کامیابی کا راستہ ہے۔

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 7»

معاشی ترقی کے لیے جامع ٹیکس اصلاحات ناگزیر ہیں، سردار طاہر محمود

اسلام آباد چیمبر اینڈ کامرس کا وفاقی بجٹ میں کاروبار دوست اقدامات کا خیر مقدم

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر سردار طاہر محمود نے وفاقی بجٹ 2026-27 میں اعلان کردہ متعدد کاروبار دوست اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا ہے کہ پائیدار معاشی ترقی کے حصول کے لیے ساختی اصلاحات، ٹیکس نظام میں بہتری اور ایک واضح معاشی روڈ میپ کی ضرورت ہے۔ چیمبر ہاؤس میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جس میں آئی سی سی آئی فاؤنڈر گروپ کے چیئرمین طارق صادق، سینئر نائب صدر طاہر ایوب اور نائب صدر عرفان چوہدری بھی موجود تھے، سردار طاہر محمود نے مشکل معاشی حالات میں ملکی معیشت کو استحکام کی جانب گامزن کرنے پر حکومت کو مبارکباد دی اور اسلام آباد چیمبر کی متعدد تجاویز کو بجٹ کا حصہ بنانے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت معاشی استحکام کے حصول پر تحسین کی مستحق ہے، تاہم اب اگلا مرحلہ سرمایہ کاری کے فروغ، پیداواری صلاحیت میں اضافے اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی پر مرکوز ہونا چاہیے۔ سردار طاہر محمود نے رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں ود ہولڈنگ ٹیکس میں 50 فیصد تک کمی کے فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا اور معیشت کے ایک اہم شعبے پر سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہوگا۔ انہوں نے بیرونِ ملک اثاثوں پر ایک فیصد کیپٹل ویلیو ٹیکس (CVT) کے خاتمے کو بھی سراہا اور کہا کہ اس اقدام سے بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کی دلچسپی میں اضافہ ہوگا۔

کشمیری اور پاکستانی عوام کشمیر کے حالات پر فکرمند ہیں، بلاول بھٹو زرداری

بھارت اور اسرائیل کا گٹھ جوڑ پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے، ریاستی مفاد کو ذاتی پسند و ناپسند پر ترجیح دینی چاہیے

مذاکرات کی کامیابی پر اسحاق ڈار کا شکرگزار ہوں، سیاسی انداز میں قومی ضروریات پوری کرنا بڑی کامیابی ہے، میڈیا سے گفتگو

مردان: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن بنو قابل تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ کشمیری اور پاکستانی عوام کشمیر کے حالات پر فکرمند ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وفاقی حکومت کی متعدد مالی ضروریات تھیں، مذاکرات سے متفقہ حل نکالا گیا، طے ہوا کہ صوبوں سے صرف قومی سلامتی کے لیے حصہ مانگا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مزید کسی مقصد کے لیے صوبوں پر مالی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 8»

بجٹ میں غریبوں پر بوجھ اور امیروں کو ریلیف دیا گیا، پی ٹی آئی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف نے آئندہ مالی سال کے بجٹ کو مسترد کر دیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے اس کو مسلم لیگ (ن) کا بجٹ قرار دیتے ہوئے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ غریب دشمن اور اشرافیہ نواز بجٹ ہے جس میں امیروں کو ریلیف جبکہ عام آدمی پر بوجھ ڈالا جا رہا ہے۔ شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ پی ٹی آئی نے پی ایم ایل این پر بجٹ 2026-2027 میں اعداد و شمار میں ہیرا پھیری کا الزام لگایا۔

بجٹ میں آئی ٹی کے فروغ کیلئے کوئی جامع منصوبہ شامل نہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

سات دہائیوں سے مسلط طبقہ ملک کا سب سے بڑا المیہ ہے، نوجوان منظم اور متحد ہو جائیں

مردان (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے بجٹ میں آئی ٹی کے فروغ کے لیے کوئی جامع منصوبہ شامل نہیں۔ سات دہائیوں سے مسلط طبقہ ملک کا سب سے بڑا المیہ ہے، بہت تماشا ہو گیا وسائل پر قابض اشرافیہ عوام کے راستے سے ہٹ جائے، نوجوان اپنے حق کے لیے متحد اور منظم ہو جائیں، ہجوم کبھی انقلاب نہیں لاتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مردان میں الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے تحت بنو قابل تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ہزاروں کی تعداد میں طلبا و طالبات نے بنو قابل مفت آئی ٹی تربیت میں داخلہ کے لیے امتحان دیا۔ نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر عطا الرحمٰن، امیر کے پی کے وسطی عبدالواسع، سیکرٹری جنرل الخدمت فاؤنڈیشن وقاص انجم جعفری اور صدر الخدمت کے پی کے خالد وقاص چمکنی نے بھی شرکا سے خطاب کیا۔ امیر جماعت اسلامی نے جماعت اسلامی مردان اور الخدمت کی ٹیم کو کامیاب ٹیسٹ کے انعقاد پر مبارکباد دی اور طلبا و طالبات کو یقین دلایا کہ انہیں امتحان پاس کرنے کی صورت میں تمام تربیتی کورسز مفت کرائے جائیں گے۔ یاد رہے کہ امیر جماعت اسلامی نے مردان میں بنو قابل پروگرام کا افتتاح کر کے اب تک ملک بھر کے چھیاسٹھ شہروں میں مفت آئی تربیت کی فراہمی کی بنیاد رکھ دی ہے، اس طرح بنو قابل حالیہ تاریخ کا سب سے بڑا مفت آئی ٹی تربیتی پروگرام بن گیا ہے جس میں تا حال رجسٹرڈ طلبا و طالبات کی تعداد پندرہ لاکھ کے قریب پہنچ گئی ہے جب کہ کئی لاکھ بچے اور بچیاں تربیتی کورسز مکمل کر چکے ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے اپنے خطاب میں بتایا کہ جماعت اسلامی اور الخدمت نے بنو قابل کو وسعت دے کر اسے زی۔ کنکیٹ پروگرام میں تبدیل کر دیا ہے۔۔۔

بینک قانونی جواز کے بغیر اکاؤنٹس بلاک نہیں کر سکتے، عدالت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بغیر وجہ اپنی مرضی سے بینک اکاؤنٹ بلاک کرنے کی غلطی تسلیم کرنے پر ایک نجی بینک کو 3 لاکھ روپے ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دیتے ہوئے اپنے ریمارکس میں کہا ہے کہ بینک بغیر مصدقہ قانونی وجہ کے شہریوں کے بینک اکاؤنٹس بلاک یا منجمد نہیں کر سکتے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے 6 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کرتے ہوئے نجی بینک کو ہدایت کی کہ وہ درخواست گزار کی قانونی چارہ جوئی پر آنے والے 3 لاکھ روپے کے اخراجات ایک ماہ کے اندر ادا کر کے عمل درآمد رپورٹ ہائی کورٹ میں جمع کرائے۔ فیصلہ این سی آئی اے کی انکوائری کے دوران شہری کا بینک اکاؤنٹ از خود بلاک کیے جانے کے خلاف دائر درخواست پر جاری کیا گیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ اسٹیٹ بینک مستقبل میں بغیر وجہ اکاؤنٹس بلاک کر کے شہریوں کو متاثر کرنے سے روکنے کے اقدامات کرے، مناسب ہوگا کہ اسٹیٹ بینک موجودہ معاملے کا جائزہ لے اور تمام بینکوں کیلئے گائیڈ لائنز جاری کرنے پر غور کرے۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ احتیاطی تدابیر سے متعلق گائیڈ لائنز میں واضح کیا جائے کہ قانونی جواز کے بغیر کسی شہری کو اپنے بینک اکاؤنٹ کے استعمال سے نہیں روکا جا سکتا، اسٹیٹ بینک ایسا میکنزم بھی بنا سکتا ہے جس سے اکاؤنٹ ہولڈرز کو غیر ضروری طور پر متاثر ہونے سے بچایا جا سکے۔

پاکستان نے تیسری عالمی جنگ روکی، یہ بڑا اعزاز ہے، علامہ طاہر اشرفی

اسرائیل، بھارت محرم میں بدامنی کے لیے سوشل میڈیا پر کروڑوں ڈالر لگا رہے ہیں

لاہور (نامہ نگار) پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین حافظ طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ اسلام آباد ڈیکلریشن سے عالمی امن قائم ہو رہا ہے، پاکستان نے تیسری عالمی جنگ روکی، یہ بڑا اعزاز ہے۔ محرم الحرام کے حوالے سے بین المسالک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قومی امن کمیٹی، حکومت اور عوام جاگتے رہیں، محرم کو پرامن منائیں، مشکوک سرگرمی فوری رپورٹ کریں، اسرائیل، بھارت محرم میں بدامنی کے لیے سوشل میڈیا پر کروڑوں ڈالر لگا رہے ہیں، بھارت کے پاس بدامنی پھیلانے کے سوا کچھ نہیں بچا۔ انہوں نے کہا کہ غیر ضروری پوسٹ سے گریز کریں، قربانی سے محرم تک ہر چیز کو متنازعہ بنانے کی مہم چل رہی ہے، اپنا مسلک چھوڑو نہیں، دوسرے کو چھیڑو نہیں، مسجد آنے والے کو ہاتھ دیکھے بغیر نماز پڑھنے دو، محرم وحدت کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین، غزہ میں بچوں کے پاس صاف پانی، دودھ، کھانا نہیں، ڈرون حملوں سے عورتوں، بچوں کو شہید کرتے ہیں، جہاد وہ ہے جو نبی ﷺ نے بتایا اور بدر، خیبر، کربلا والوں نے کیا، جہاد کے نام پر بے گناہوں کا قتل کرنے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔

وفاقی بجٹ میں 43 آبی منصوبوں کے لیے 103 ارب 10 کروڑ روپے مختص

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی بجٹ میں 43 آبی منصوبوں کے لیے 103 ارب 10 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، قومی اسمبلی میں محمد اورنگزیب نے بجٹ تقریر میں کہا کہ پاکستان کو پانی کے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، جیسے اسٹوریج کی کم ہوتی ہوئی صلاحیت، گزشتہ سال دریاؤں میں سیلاب نے ہماری معیشت کو 822 ارب روپے کا نقصان پہنچایا، بجٹ میں 43 آبی منصوبوں کے لیے 103 ارب 10 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دیامر بھاشا ڈیم کے لیے 14 ارب، مہمند ڈیم کے لیے 22 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ داسو پن بجلی منصوبے کے لیے 15 ارب مختص کیے گئے ہیں جبکہ کراچی کے بلک واٹر سپلائی کے فور منصوبے کے لیے 10 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔

غیر ملکی اثاثے رکھنے پر کیپیٹل ویلیو ٹیکس ختم کرنے کی تجویز

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈز کے ذریعے بیرونِ ملک ادائیگیوں پر ود ہولڈنگ ٹیکس 0.5 فیصد کرنے اور غیر ملکی اثاثے رکھنے پر کیپیٹل ویلیو ٹیکس ختم کرنے کی تجویز ہے۔ قومی اسمبلی اجلاس کے دوران وفاقی بجٹ میں ٹیکس نظام میں مزید تبدیلیوں کی تجویز دیتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ غیر ملکی اثاثے رکھنے والوں پر عائد کیپیٹل ویلیو ٹیکس (سی وی ٹی) ختم کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ وزیر خزانہ کے مطابق یہ ٹیکس غیر ملکی اثاثوں کو ظاہر کرنے اور قانونی طور پر ڈکلیئر کرنے کی حوصلہ شکنی کا باعث بن رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا موقف ہے کہ کیپیٹل ویلیو ٹیکس کے خاتمے سے ٹیکس دہندگان کو اپنے غیر ملکی اثاثے ظاہر کرنے کی ترغیب ملے گی اور ٹیکس نظام میں شفافیت بڑھے گی۔

جی ایس پی پلس برقرار رکھنے کیلئے پنجاب کا نیا روڈ میپ تیار

لاہور (نامہ نگار) یورپی یونین تک پاکستان کی ترجیحی تجارتی رسائی برقرار رکھنے کے لیے پنجاب حکومت نے نئے جی ایس پی پلس فریم ورک کے تحت ایک جامع روڈ میپ تیار کر لیا ہے، جس میں ترقیاتی منصوبوں، ماحولیات، توانائی، ویسٹ مینجمنٹ اور بین الاقوامی معاہدوں پر موثر عملدرآمد کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یورپی یونین کے نئے جی ایس پی پلس نظام کے تحت پاکستان کو سہولت برقرار رکھنے کے لیے 32 عالمی کنونشنز پر عملدرآمد کرنا ہوگا، نئے فریم ورک میں پہلے کے 27 معاہدوں کے مقابلے میں پانچ نئے عالمی کنونشنز بھی شامل کیے گئے ہیں۔ پنجاب حکومت نے ترقیاتی منصوبوں کو عالمی ماحولیاتی تقاضوں اور پائیدار ترقی کے اہداف سے ہم آہنگ کرنے کی تیاری شروع کر دی ہے، اس سلسلے میں پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کو موسمیاتی تبدیلی سے متعلق منصوبے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کرنے کا ٹاسک سونپا گیا ہے۔ پیرس معاہدے کے تحت ستمبر 2026 سے جون 2027 تک موسمیاتی منصوبوں میں ہم آہنگی پیدا کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کو بھی مالی سال 2026-27 کے ترقیاتی منصوبوں کا حصہ بنانے کی تجویز دی گئی ہے۔

دہشت گردوں کو سفاکیت کی سزا بھگتنا پڑے گی، نواب ثناء اللہ زہری

آزادی کے نام پر قبائلی شخصیات کو اغواء اور تشدد کر کے شہید کرنا دہشت گردی ہے

کوئٹہ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھلاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں زہری کے ممتاز قبائلی رہنما وڈیرہ محمد ابراہیم سلمانجو زہری کی دہشت گردوں کے ہاتھوں شہادت پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اس واقعہ کو اور بزدلانہ اور دہشت گردانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ آزادی کے نام پر معصوم اور معزز لوگوں کو سفاکیت سے قتل کرنا لوگوں سے بھتہ لینا کھلی دہشت گردی ہے اب پانی سر سے گزر چکا ہے دہشت گردوں کو اپنے کیے کی سزا بھگتنا پڑے گا سابق وزیراعلیٰ نواب ثنا اللہ خان زہری نے مزید کہا کہ دہشت گردوں نے وڈیرہ محمد ابراہیم سلمانجو زہری کو اغوا کے بعد تشدد کر کے سفاکیت سے ان کو شہید کیا۔۔۔۔

ملکی استحکام، ترقی اور تحفظ کیلئے متحد ہو کر آگے بڑھنا ہوگا، شہید پاکستان کانفرنس

موجودہ حالات میں امت مسلمہ کو باہمی احترام، رواداری اور یکجہتی کو فروغ دینا ہوگا، علماء

لاہور (نامہ نگار) دارالعلوم جامعہ نعیمیہ میں ڈاکٹر سرفراز نعیمی شہید کی یاد میں منعقدہ 17 ویں "شہید پاکستان کانفرنس" سے خطاب کرتے ہوئے علمائے کرام نے کہا ہے کہ ملکی استحکام، ترقی اور تحفظ کیلئے متحد ہو کر آگے بڑھنا ہوگا۔ موجودہ حالات میں امت مسلمہ کو باہمی احترام، رواداری اور یکجہتی کو فروغ دینا ہوگا دہشت گردی، تشدد اور انتہا پسندی کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ ڈاکٹر سرفراز نعیمی شہید نے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف ہمیشہ جرات مندانہ موقف اختیار کیا۔ خودکش حملوں کے حرام ہونے سے متعلق ان کا تاریخی فتویٰ دہشت گردوں کے گمراہ کن اور کھوکھلے بیانیے کے لیے ایک مؤثر اور فیصلہ کن ضرب ثابت ہوا۔ ڈاکٹر سرفراز نعیمی شہید کی قربانی نے حق و باطل کے درمیان واضح لکیر کھینچ دی۔ مقررین نے شہداء کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک میں امن، اتحاد اور ترقی کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ شہید پاکستان کانفرنس میں صاحبزادہ عبداللہ حسن نعیمی نے خصوصی شرکت کی جبکہ صدارت معروف عالم دین مولانا امداد اللہ نعیمی نے کی۔ چیئرمین متحدہ علماء بورڈ پنجاب مفتی انتخاب احمد نوری، مولانا امداد اللہ نعیمی، میر آصف اکبر قادری اور ڈاکٹر حسیب قادری، ڈاکٹر سلیمان احمد قادری، مفتی عمران حنفی، مولانا محمد علی نقشبندی، قاری محمد رفیق احمد نقشبندی، مفتی عارف حسین، مفتی ابوبکر قریشی، علامہ وقاص فریدی سمیت متعدد علماء و مشائخ نے شرکت کی۔

FOSTER MAAZ Pharmacy
فوسٹر معاذ فارمیسی
پاکستانیوں کی اپنی فارمیسی
اگر آپ کے پاس انشورنس نہیں تب بھی ہم آپ کی مدد کریں گے
ادویات، بیوٹی کیئر، فرسٹ ایڈ ہو یا پھر گفٹ کی بات
We take OTC, EBT
We Take All Major Insurances
We speak English, Urdu, Punjabi
شہباز خان
تیمور فاروق
شاہد صدیق
نیلم شہزادی
- حلال وٹامنز، وزن کم کرنے کی ادویات و سونا بیلٹ وغیرہ ہمارا اعزاز
- سٹیشنری، فیکس سروس موجود
خوبصورتی کو بڑھانے اور خواتین و نوجوان لڑکیوں کی زیبائش کی تمام چیزیں دستیاب ہیں
ہم میڈی کیڈ اور دوسری تمام بڑی انشورنس قبول کرتے ہیں
ELECTRONIC APPLIANCES AVAILABLE
Pakistani Indian Bangladeshi Grocery Available
فری بلڈ پریشر چیکنگ / فری شوگر چیکنگ
1056 Coney Island Ave, Brooklyn, NY 11230
Ph: 718 421 5533

UBER DRIVER NEEDED
All Work Guaranteed
MODERN AUTO REPAIR
ماڈرن آٹو ریپیئر
Foreign & Domestic Car Specialists
ہم دیسی آٹو شاپ کا تصور بدلنے میں مصروف ہیں
نہ کام میں کوئی فریب نہ دام میں کوئی کہانی
Electrical Work
OPEN 24
Special Discount
NEW TIRES
Computerized Wheel Alignment
Computerized Wheel Balancing
Computerized Complete Mechanical Work
LIMOUSINE AND TAXI
Free Diagnose & Free Estimate
New York State Inspection
Ph: 718-728-4700
27-25 21st Street Astoria, NY 11102

DERA OPEN TILL 3: 00 AM ON WEEKENDS FRI-SAT-SUN
Dera Restaurant
Booking for
WATERFORD
SPRINGFIELD VIRGINIA
- Anda Paratha
- Nihari
- Haleem
- Paya
- Brain Masala
ڈیرہ ریسٹورنٹ کی نئی فخریہ پیشکش
Weekend Breakfast Buffet
SATURDAY AND SUNDAY
Special Buffet
$19.95/Person
Things You Can Order From Menu Weekend Special
Atta 571-216-5463
Ghulam Rubani 703-944-9415
Ph: 703-866-2233
BROOKFIELD PLAZA SPRINGFIELD VA
7030 SPRING GARDEN DRIVE SPRINGFIELD, VIRGINIA 22150



GOLDEN KEY REALTY
EQUAL HOUSING OPPORTUNITY
REAL ESTATE
FOR SALE
BOOK NOW
REALTOR
+1 703-338-3147
www.goldenkey-realty.com/
SAADAT RANA
PRINCIPAL BROKER
+1 703-338-3147
www.goldenkey-realty.com/
SAADAT RANA
PRINCIPAL BROKER

Punjab Auto Repair & Body Shop
پنجاب آٹو ریپئر اینڈ باڈی شاپ
The Best Auto Repair in Your Town
Open 7 Days
ہم غیر ملکی اور ڈومیسٹک گاڑیوں کی سٹیٹ انسپکشن بھی کرتے ہیں
33-56 21 street, L.I.C NY 11106 Tel: 718-728-4600 Fax: 718-545-6676

کشمیر تسلیم شدہ متنازعہ خطہ

بھارت مقبوضہ کشمیر سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے، پاکستان

سلامتی کونسل کی قراردادوں میں کشمیریوں سے حق خودارادیت کا وعدہ کیا گیا، کشمیر سے متعلق بھارتی بیانات کی وقعت نہیں

پاکستان اپنے اصولی موقف کے مطابق تمام تنازعات کے پرامن حل اور مذاکراتی عمل کی حمایت جاری رکھے گا، ترجمان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ کشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازع خطہ ہے، بھارت غیر ذمہ دارانہ بیانات کے ذریعے مقبوضہ کشمیر سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان نے ہفتہ وار بریفنگ میں بتایا کہ بھارت غیر ذمہ دارانہ بیانات سے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے، کشمیر عالمی سطح پر تسلیم شدہ متنازع خطہ ہے، یو این سلامتی کونسل کی قراردادوں میں کشمیر کے عوام سے حق خودارادیت کا وعدہ کیا گیا، کشمیر سے متعلق بھارتی بیانات کی کوئی وقعت ہے نہ کوئی جواز ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی نے کہا ہے کہ صومالیہ میں پاکستانی شہری تقریبا 50 روز سے قزاقوں کے قبضے میں ہیں، جن کی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 9»

امریکی سینیٹر کرس ہولن کی پاکستان کے ثالثی کردار کی تعریف

امریکہ و اسرائیل کی جانب سے ایران تنازعہ شروع ہی نہیں ہونا چاہیے تھے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ڈیموکریٹ سینیٹر کرس وان ہولن نے پاکستان کے اس کردار کی تعریف کی ہے جس کے تحت وہ امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کو آگے بڑھانے میں سہولت کاری کی کوشش کر رہا ہے۔ پاکستانی کارڈیالوجسٹ ڈاکٹر مبشر چوہدری کی جانب سے منعقدہ ایک فنڈ ریزنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر نے کہا کہ وہ پاکستان کی ان کوششوں کو خوش آئند سمجھتے ہیں جو فریقین کو قریب لانے اور مشرق وسطی میں مزید کشیدگی کو روکنے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ کراچی میں 1959 میں پیدا ہونے والے امریکی سینیٹر کرس ہولن نے جنگ کے آغاز پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ تنازع امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کی جانب سے شروع ہونا ہی نہیں چاہیے تھا۔ وان ہولن نے کہا کہ جنگ کے ابتدائی دنوں میں نیتن یاہو کا یہ بیان ریکارڈ پر ہے کہ وہ 40 سال سے ایران کے ساتھ جنگ کا انتظار کر رہے تھے۔

بھارت کی پانی روکنے کی کوشش کے دوررس نتائج نکلیں گے

پانی روکنے کے کسی بھی اقدام کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جائیگا، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) دفتر خارجہ نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان کی بقا اور ترقی کیلئے ضروری پانی کو جان بوجھ کر روکنے کی کوئی بھی کوشش دوررس نتائج کی حامل ہوگی، مشرق وسطی و خلیجی خطے میں کشیدگی پر گہری تشویش ہے، فریقین جنگ بندی معاہدوں کا احترام کریں اور تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کا راستہ اختیار کریں۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا کہ پانی کو روکنے یا اس میں نمایاں کمی لانے کی کوئی بھی کوشش جو 25 کروڑ سے زائد پاکستانیوں کی روزی روٹی، زراعت اور فلاح و بہبود کیلئے ناگزیر ہے، انتہائی غیر ذمہ دارانہ اقدام ہوگا، ایسا اقدام سرحد پار دریاؤں سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں اور پاکستان و بھارت کے درمیان موجود دوطرفہ معاہدے کی بھی خلاف ورزی ہوگا۔ ترجمان نے واضح کیا کہ پانی روکنے کے کسی بھی اقدام کو انتہائی سنجیدگی سے لیا جائے گا یہ ممکنہ طور پر اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت جنگی اقدام کے مترادف سمجھا جاسکتا ہے۔



لاہور: مینار پاکستان گراؤنڈ میں منعقدہ شہید امت کانفرنس میں لوگوں کی کثیر تعداد شریک ہے

عوامی مفاد کو مدنظر رکھ کر وفاق سے تعلقات آگے بڑھائیں گے، سہیل آفریدی

وزیراعظم نے یقین دہانی کرائی ہے کہ 180 دن کے اندر این ایف سی ایوارڈ کو اپڈیٹ کرنے کیلئے اجلاس منعقد کیے جائیں گے

نئے این ایف سی ایوارڈ میں ضم شدہ اضلاع کا مالی حصہ شامل ہوگا جو خیبر پختونخوا کے کیلئے بڑی خوش خبری ہے،، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے نیشنل فنانس کمیشن اپڈیٹ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے، جس

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 10»

اسلام آباد: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی اکنامک کونسل کے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کشمیری عوام کی قربانیاں اور پاکستان سے محبت بے مثال ہے

کشمیری عوام کے جائز مطالبات کا حل ریاست کی ذمہ داری ہے، حاجی حنیف طیب

کراچی (نامہ نگار) چیئرمین نظام مصطفی پارٹی سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم وقدرتی وسائل ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب ،پارٹی صدر میاں خالد حبیب الٰہی ایڈووکیٹ ،جنرل سیکریٹری پروفیسر عبدالجبار قریشی ، چیف آرگنائزر انجینئر عبدالرشید ارشد نے مشترکہ بیان میں آزاد کشمیر کی حالیہ کشیدہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام متعلقہ فریقین، حکومت اور احتجاجی کمیٹیوں سے صبروتحمل، مفاہمت اور یکجہتی کا راستہ اختیار کرنے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر ہماری شہ رگ ہے، وہاں کے عوام کے جائز مطالبات کو سنجیدگی سے سننا اور انہیں پرامن طریقے سے حل کرنا ریاست کی آئینی ذمہ داری ہے پرتشدد احتجاج یا طاقت کا استعمال کسی بھی مسئلے کا حل نہیں کسی بھی بیرونی یا اندرونی دشمن قوتوں کو امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے ،ہمیں اس نازک وقت میں قومی یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، کشمیری عوام کی قربانیاں اور پاکستان سے ان کی محبت بے مثال ہے۔۔۔۔۔

بجٹ میں شپنگ انڈسٹری پر 18 فیصد سیلز ٹیکس کا خاتمہ کردیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انور چوہدری نے کہا ہے کہ بجٹ 2026-27 میں شپنگ انڈسٹری پر عائد 18 فیصد سیلز ٹیکس ختم کر دیا گیا ہے جس سے میری ٹائم اور لاجسٹکس کے شعبے کو فروغ ملے گا۔ اپنے بیان میں جنید انور چوہدری نے کہا کہ شپنگ سیکٹر کو دیے گئے اس ریلیف سے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے سیلز ٹیکس کے خاتمے سے درآمدی و برآمدی لاگت میں بھی کمی آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ مقامی شپنگ انڈسٹری کے فروغ سے روزگار کے مواقع بڑھیں گے اور ملکی معیشت کو فائدہ پہنچے گا۔ محمد جنید انور چوہدری نے کاروباری برادری کو شپنگ سیکٹر کے لیے دیے گئے تاریخی ٹیکس ریلیف پر مبارکباد بھی پیش کی ہے۔

سپریم جوڈیشل کونسل نے ججز کوڈ آف کنڈکٹ میں ترامیم کردیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سپریم جوڈیشل کونسل نے ججز کوڈ آف کنڈکٹ میں ترامیم کردیں، کوڈ آف کنڈکٹ کا اطلاق اب وفاقی آئینی عدالت اور وفاقی شرعی عدالت ججز پر بھی ہو گا، کوڈ آف کنڈکٹ کے تحت ججز کے سوشل کلچرل، پولیٹیکل، ڈپلومیٹک فنکشنز میں شامل ہونے پر پابندی تھی۔ ترمیم کے بعد ججز صرف سیاسی اور ڈپلومیٹک فنکشنز میں چیف جسٹس کی اجازت سے شمولیت کر سکیں گے، ججز کے دیگر فنکشنز میں جانے پر پابندی نہیں ہوگی۔ کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 15 کے پیرا 2 اور 3 میں ترمیم کرکے وفاقی آئینی عدالت کا نام بھی شامل کردیا گیا ہے۔

SUISSE
ONE
TROY OUNCE
999.9
FINE GOLD

عیشا جیولرز
ESHHA JEWELERS
لٹل پاکستان کونی آئی لینڈ بروکلین میں پہلی مرتبہ زیورات کی مکمل دلکش ورائٹی حیرت انگیز قیمت پر
ہم پرانا زیور لیکر نیا زیور بھی دیتے ہیں۔
ہمارے ہاں گولڈ بار بھی مناسب قیمت پر دستیاب ہیں۔
ہر قسم کے زیورات ڈیزائن کروانے اور خریدنے کیلئے عیشا جیولرز کی خدمات حاصل کریں۔
•22K Bangles •Chains
•Sets• Earring & Jewelery
•24K•Karas•Bars
•Coins Etc
ESHHA JEWELERS
748 Coney Island Avenue,
Brooklyn, NY 11218
Corner Of Cortelyou Rd & Coney Island Ave
Tel: 718-484-3933

حلال
HALAL
ہیٹنگ کا بہترین انتظام
درجنوں تازہ کھانوں کا واحد مرکز
free!
Delivery

لاہوری چلی اینڈ سویٹس
لٹل پاکستان میں پاکستانیوں کیلئے تازہ ترین، خستہ ترین اور سستہ ترین کھانوں کا مرکز
Lahori Chilli A Real Chill
خود بھی تشریف لائیں اور فیملیز اور بچوں کو بھی لائیں
بہترین سٹنگ کپیسٹی
گھر کا سا صاف ستھرا ماحول
خواتین کیلئے خاتون اٹینڈنٹ
کمیونٹی کے بزرگ افراد اور بے شمار افراد کیلئے خصوصی ڈسکاؤنٹ
WE LOVE AND CARE
OUR COMMUNITY
We Do Catering For All Occasions
Wedding, Birthday Parties
Religious Gathering Masajid Delivery Etc
1026 Coney Island Ave, Brooklyn NY 11230 Ph: 718-859-1400

دی لیگیسی آٹو ریپئر شاپ

THE LEGACY AUTO
REPAIR SHOP INC
• Computerized 4 Wheel Alignment
• Mechanic Work
• Body Work
• Electrical Work
• N.Y.S. Inspection
100% Guaranteed Work
$34.99
Wheel Alignment
TLC Plates ONLY, Lincoln Town Car
Crown Victoria, Ford Escape
Open 24 Hours
Fast Service
MOTOR CRAFT $24.99
$19.99 REGULAR
Special Oil Change

Hybrid Vehicles
Welcome
ALI IQBAL: 718-786-4978
38-2424 Street Bet. 38th & 39th Ave. Longisland City, Ny 11101

www.dunyaintl.com
Dunya News USA
You Tube
دنیا انٹرنیشنل
State Parks Announces Federal Grant Supporting LGBT Heritage Research in Greenwich Village
NY Democrats blast Biden Administration over handling of Haitian migrants

WANT TO HIGHLIGHT YOUR BUSINESS? NO WORRIES! WRITE US TO ADVERTISE IN
DUNYA INTERNATIONAL
If You Are Looking For Jobs, Travel, Legals, Matrimonial, Buying/Selling Home, Mortgage, Real Estate Agent, Garage Sale & Merchandise, Automotive, Daycare And More....
Contact
SYEDA RAZA FOR MORE DETAILS
Email: razasyeda5@gmail.com

Beautiful
PARTY HALL
For Rent
ڈیجیٹل پارٹی ہال
سمال بزنس پارٹیز، مذہبی تہوار وغیرہ کیلئے انتہائی جدید اور خوبصورت اسٹیج، جدید سپیکر سسٹم اور 100 افراد کیلئے چیئرز کی سہولت کے ساتھ
نہایت مناسب ریٹ
پارٹی ہال کے لئے ہم سے ابھی رابطہ کریں
رابطہ نمبر: 718-509-5522

Always
LEASING
SERVICES
LLC
TLC Car Rentals
Auto
Property Damage Claims
We Provide Fast Claim Service For
Accident/Property Damage
Insurance
6Hour Class (Points Reduction) Notary
Phone (718) 434-0444 Fax(718) 434-0555
1115 Coney Island Ave, Basement, Brooklyn NY 11230
Email: alwaysleasingservicesllc@gmail.com

ہر طرح کی گاڑی کی
خرید و فروخت کی جاتی ہے
نیز ڈینٹنگ، پینٹنگ، باڈی ورکس اور
ہر قسم کی گاڑی کے کام کیلئے رابطہ کریں
رابطہ: 718-509-5522

ہربل ہومیو سنٹر
حکیم محمد الیاس
ممبر امریکن آلٹرنیٹیو میڈیکل ایسوسی ایشن
PHONE NUMBER
929 320 6200
866 CONY ISLAND AVE
HERBAL HOMEO CENTER

GLP
FULL SERVICE
FOR SALE

گیس اسٹیشن برائے فروخت
کیا آپ نے کبھی گیس اسٹیشن اور مکینک کی دکان میں سرمایہ کاری کرنے کا خواب دیکھا ہے؟
اب آپ کا موقع ہے! ایک معروف ہکس ول لانگ آئی لینڈ شاپنگ مال میں واقع ہے
ایک سال میں $3 ملین سے زیادہ سیل
ڈیمانڈ $850,000
Have You Ever Dreamed Of Investing In A Gas Station And Mechanic Shop?
Now Is Your Chance!
Located In A Busy Hicksville Long Island Shopping Mall
Over $3 Million Sales In A Year. Asking $850,000
Ph: 718-509-5522

زاہد حسین بانی، پریذیڈنٹ، پبلشر و چیف ایڈیٹر

منظور حسین
(ایگزیکٹو ایڈیٹر)
عبدالصمد خان
(ڈپٹی مینجنگ ایڈیٹر)
سجاد حسین
(نیوز ایڈیٹر)
سردار شجاعت حسین خان
(نیوز ایڈیٹر)

طاہر حسین
(سینئر وائس پریذیڈنٹ و ایگزیکٹو ایڈیٹر)
صفدر حسین
(سینئر وائس پریذیڈنٹ و مینجنگ ایڈیٹر)
امت المجیب
(پروڈکشن ایڈیٹر)
یعسوب الحق عباسی
(سینئر آرٹ اینڈ کریٹیو ایڈیٹر)
سیدہ رضا
Senior Staff Correspondent
(ایڈیٹر انچارج لیڈیز ایڈیشن)
جیمز سپرین
(ایگزیکٹو ایڈیٹر انگلش سیکشن)

وزیر اعظم کا زرعی شعبہ کو چین کے تعاون سے جدید بنانے کا عزم

وزیر اعظم شہباز شریف نے زرعی شعبہ کے سٹیک ہولڈرز کے وفد سے ملاقات کے دوران اس امر کا اظہار کیا ہے کہ معیشت کو بحال کرنے میں زرعی شعبہ انقلابی تبدیلی لانے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ اس سلسلہ میں چینی اکیڈمی آف ایگریکلچر سائنس کے تعاون سے پی اے آر سی کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے زرعی شعبے کی ترقی کے لیے ماہرین اور متعلقہ سٹیک ہولڈرز پر مشتمل کمیٹی تشکیل دینے اور کپاس کی فصل کی فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کی ہدایت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ موثر روابط اور وفاقی و صوبائی پالیسیوں میں ہم آہنگی یقینی بنانا ضروری ہے۔ وزیر اعظم نے وفد کے ارکان کی جانب سے ڈیری اور لائیو سٹاک کے فروغ کی پیش کردہ تجاویز کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ مشاورت کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ وفد کی جانب سے وزیر اعظم کو زرعی شعبے کی ترقی سے متعلق اقدامات پر بریفنگ دی گئی اور حکومت کی جانب سے کی جانے والی زرعی اصلاحات کو زرعی ترقی کے لیے گیم چینجر قرار دیا گیا۔ دریں اثنا وزیر اعظم شہباز شریف نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا عمل تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے "ڈسکوز" کی نجکاری کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خسارے کا شکار ریاستی ملکیتی اداروں کی نجکاری ہماری ترجیح ہے۔ نجکاری کے تمام عمل کو انتہائی شفاف طریقے سے مکمل کیا جائے گا۔ انہوں نے اس امر کی ہدایت کی کہ ڈسکوز کی نجکاری کے بعد مضبوط ریگولیٹری فریم ورک بنایا جائے۔ اجلاس میں بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری سے متعلق وزیر اعظم کو دی گئی بریفنگ کے مطابق پہلے فیز میں اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی، گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی اور فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی کی نجکاری کی جائے گی۔ کابینہ کی نجکاری کمیٹی نے ان تین ڈسکوز کی نجکاری کے حوالے سے ٹرانزیکشن سٹرکچر کی منظوری دے دی ہے۔ بریفنگ کے مطابق سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لیے رواں ماہ روڈ شوز منعقد کیے جائیں گے۔ اسی طرح سعودی عرب، چین اور ترکیہ کے سرمایہ کاروں کے لیے بھی روڈ شوز کا اہتمام بین الاقوامی سطح پر کیا جائے گا۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پاکستان کی معیشت کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنے اور قومی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے زرعی شعبے میں انقلابی تبدیلیاں ناگزیر ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اسی تناظر میں زرعی شعبے کے سٹیک ہولڈرز سے ملاقات میں اس امر پر زور دیا کہ چین کے تعاون سے زراعت کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے کیونکہ یہی شعبہ ملکی معیشت کی بحالی میں کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ بے شک پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور اس کی بڑی آبادی کا روزگار براہ راست یا بالواسطہ زراعت سے وابستہ ہے۔ اگر اس شعبے کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کر دیا جائے تو نہ صرف غذائی تحفظ کو یقینی بنایا جا سکتا ہے بلکہ برآمدات میں اضافے کے علاوہ دیہی معیشت کی بہتری اور قومی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ بھی ممکن ہے۔

یہ امر واقع ہے کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے زرعی شعبہ مختلف مسائل کا شکار ہے۔ پانی کی قلت، فرسودہ کاشتکاری کے طریقے، معیاری بیجوں اور کھادوں کی عدم دستیابی، زرعی تحقیق پر عدم توجہی اور کسانوں کو مناسب مالی سہولتوں کی فراہمی میں رکاوٹیں اس شعبے کی ترقی کی راہ میں حائل رہی ہیں۔ اس کے برعکس چین نے جدید زرعی ٹیکنالوجی، تحقیق اور میکانائزیشن کے ذریعے اپنی زرعی پیداوار میں غیر معمولی اضافہ کیا ہے۔ اس معاملہ میں پاکستان اگر چینی تجربات اور مہارت سے بھرپور استفادہ کرے تو اپنی زرعی پیداوار کو کئی گنا بڑھا سکتا ہے۔ پاک چین اقتصادی تعاون کا دائرہ صنعت، انفراسٹرکچر اور تجارت کے ساتھ ساتھ زراعت تک بھی وسیع ہونا چاہیے تا کہ جدید ٹیکنالوجی اور تحقیق کے ثمرات براہ راست پاکستانی کسانوں تک پہنچ سکیں۔ تاہم زرعی شعبے کی ترقی کا خواب اس وقت تک شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا جب تک توانائی کے بحران پر قابو نہیں پایا جاتا۔ فی الحقیقت زراعت کا انحصار پانی اور بجلی پر ہے کیونکہ ٹیوب ویلوں، زرعی مشینری، کولڈ سٹوریج اور فوڈ پروسیسنگ کے شعبوں کو مسلسل اور سستی بجلی درکار ہوتی ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں اس وقت بجلی نہ صرف مہنگی ہے بلکہ اس کی فراہمی بھی غیر یقینی صورت اختیار کر چکی ہے۔ ملک کے مختلف حصوں میں غیر اعلانیہ اور طویل لوڈ شیڈنگ معمول بن چکی ہے جس سے کسانوں سمیت عام شہری بھی شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ فصلوں کی آبپاشی متاثر ہو رہی ہے، زرعی اخراجات میں اضافہ ہو رہا ہے اور مجموعی پیداواری صلاحیت کم ہوتی جا رہی ہے۔

حکومت کی جانب سے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کے عمل کو اگرچہ بعض حلقے مسائل کا حل قرار دیتے ہیں، تاہم یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ بجلی کے بحران کی بنیادی وجوہات کہیں زیادہ گھمبیر اور پیچیدہ ہیں۔ محض نجکاری سے مسائل خود بخود ختم نہیں ہوں گے۔ اس وقت بجلی کی ترسیل کا پورا نظام اصلاحات کا متقاضی ہے۔ ملک بھر میں ہزاروں کلومیٹر پر پھیلی بجلی کی تاریں بوسیدہ ہو چکی ہیں جبکہ متعدد ٹرانسفارمر اپنی مدت پوری کر چکے ہیں۔ نتیجتاً لائن لاسز میں اضافہ اور بجلی کی چوری کے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ بجلی کی تقسیم اور ترسیل کے ذمہ دار اداروں میں بدانتظامی اور کرپشن بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ اگر حکومت ان اداروں میں شفافیت، جواب دہی اور احتساب کا موثر نظام نافذ کرے تو اربوں روپے کے نقصانات سے بچا جا سکتا ہے۔ انتظامی اصلاحات، جدید مانیٹرنگ سسٹم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے فروغ کے بغیر نجکاری سے مطلوبہ نتائج حاصل ہونا مشکل ہوگا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت بجلی کے پورے شعبے کا غیر جانبدارانہ جائزہ لے اور بنیادی نقائص کے خاتمے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کرے۔ پاکستان میں بجلی کی قیمتوں میں اضافے کی ایک بڑی وجہ مہنگی تھرمل بجلی پر انحصار بھی ہے۔ نجی پاور پلانٹس سے حاصل کی جانے والی بجلی قومی خزانے پر بھاری بوجھ ڈال رہی ہے جبکہ اس کے اثرات براہ راست صارفین کو برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ اس صورتحال میں حکومت کو اپنی ترجیحات کا از سر نو تعین کرنا ہوگا۔ پاکستان قدرتی آبی وسائل سے مالا مال ملک ہے اور ہائیڈل پاور کی صورت میں سستی اور ماحول دوست بجلی پیدا کرنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے۔ اگر آبی وسائل کو موثر انداز میں بروئے کار لایا جائے تو نہ صرف بجلی کی لاگت میں نمایاں کمی کی جا سکتی ہے بلکہ توانائی کے بحران پر بھی قابو پایا جا سکتا ہے۔

ملک میں چھوٹے اور بڑے ڈیمز کی تعمیر وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ڈیم نہ صرف بجلی پیدا کرتے ہیں بلکہ آبپاشی، سیلابی پانی کے ذخیرے اور پانی کے موثر انتظام میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پاکستان میں پانی کی قلت ایک بڑھتا ہوا مسئلہ ہے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث اس کے اثرات مزید سنگین ہو سکتے ہیں۔ ایسے میں نئے آبی ذخائر کی تعمیر قومی ضرورت بن چکی ہے۔ چین نے اپنے آبی وسائل سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے ہزاروں ڈیمز تعمیر کیے ہیں اور ان کے ذریعے توانائی، زراعت اور صنعتی ترقی کے میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ پاکستان بھی چینی مہارت، ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری سے فائدہ اٹھا کر اس شعبے میں غیر معمولی پیش رفت کر سکتا ہے۔

یہ امر خوش آئند ہے کہ زرعی شعبے کے نمائندوں نے وزیر اعظم کی اصلاحات کو گیم چینجر قرار دیا ہے، تاہم کسی بھی اصلاحاتی منصوبے کی کامیابی کا انحصار اس کے موثر نفاذ پر ہوتا ہے۔ محض اعلانات اور کاغذی منصوبہ بندی کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات، شفاف نگرانی اور نتائج پر مبنی پالیسیوں کی ضرورت ہے۔ کسانوں کو سستی بجلی، جدید ٹیکنالوجی، مناسب قرضوں اور مارکیٹ تک رسائی کی سہولتیں فراہم کیے بغیر زرعی انقلاب لانا ممکن نہیں۔

پاکستان اس وقت معاشی مشکلات سے دوچار ہے، اس کے باوجود ملک کے پاس بے شمار قدرتی وسائل، زرخیز زمینیں اور محنت کش کسان موجود ہیں۔ اگر زراعت اور توانائی کے شعبوں میں سنجیدہ اصلاحات کی جائیں، کرپشن کا خاتمہ کیا جائے، آبی وسائل کو ترقی کے لیے استعمال کیا جائے اور چین جیسے دوست ملک کے تجربات سے فائدہ اٹھایا جائے تو پاکستان نہ صرف اپنی معاشی مشکلات پر قابو پا سکتا ہے بلکہ خطے کی ایک مضبوط زرعی اور اقتصادی قوت کے طور پر بھی ابھر سکتا ہے۔ وقت کا تقاضا یہی ہے کہ زرعی ترقی اور توانائی کے استحکام کو قومی ترجیحات میں سرفہرست رکھا جائے تا کہ خوشحال اور خود کفیل پاکستان کا خواب حقیقت کا روپ دھار سکے۔

Dunya Communication Inc
دنیا کمیونیکیشن آئی این سی

Head Office:
Washington DC Metropolitan
Address: 1366 Hill Born Drive Hanover Md 21076
Mr. Zahid Hussain (Chief Editor) Cell: 443-370-0804
www.dunyaint.com/ Eamil: zahidhussain09@hotmail.com

New York
Address: 825 E 15 st Brooklyn NY 11230
(Mr. Manzoor Hussain Executive Editor) Cell: 718-509-5522
Email: manzhussain72@yahoo.com
Tele Subscription/Circulation New York: Long Island/ Hillside

Queens/Brooklyn: 718-509-5522 (Mr. Manzoor Hussain)
Maryland: Tele 443-370-0804 (Mr. Zahid Hussain)
Display Advertising: Washington Metropolitan
Tel: 718-509-5522 / 443-370-0804 / 917-348-3974

Regional Offices
Asia Pacific: Tokyo, Toyama Ken Toyama Shi Koshi Machi 38
Cell: +81-80-3694-7050, Tel/Fax +81-76-426-1017
Email: dunyajp@yahoo.com

Islamabad Office: Flat No. 10 1st Floor Plot 2-L Bhatti Plaza Sector I-9 Markaz Islamabad. Tel: 92-51-443-5651, Cell: +92 300 9568514

امام العادلین امیر المومنین سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ... محمد عرفان الحق ایڈووکیٹ

یکم محرم الحرام کو اسلام کا یہ بطل جلیل، نبی ﷺ کی دعا، اسلامی خلافت کا تاج دار، 63 برس کی عمر میں شہادت جیسے عظیم مرتبے پر فائز ہوا

خلافت راشدہ میں آپ کے دور خلافت کو ایک نمایاں و ممتاز مقام حاصل ہے۔

حضرت عمر کی تدفین حضرت عائشہؓ کی اجازت سے حضور ﷺ کے پہلو میں ہوئی۔

آپ کا اسم گرامی عمر، لقب فاروق اور کنیت ابوحفص ہے۔ آپ ستائیس سال کی عمر میں مشرف بہ اسلام ہوئے۔ چوں کہ نبی کریم ﷺ سیدنا عمر کے اسلام قبول کرنے کے لیے بہت دعا فرمایا کرتے تھے اس لیے سیدنا عمر فاروق کے اسلام لانے پر نبی کریم بہت خوش ہوئے اور اپنی جگہ سے چند قدم آگے چل کر آپ کو گلے لگایا اور آپ کے سینہ مبارک پر دست نبوت پھیر کر دعا دی: یا اللہ! ان کے سینے سے کینہ و عداوت کو نکال کر ایمان سے بھر دے۔ حضرت جبریل بھی سیدنا فاروق اعظم کے قبول اسلام پر مبارک باد دینے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

سیدنا فاروق اعظم کے اسلام لانے سے اسلام کی شوکت و سطوت میں اضافہ ہونا شروع ہو گیا اور مسلمانوں نے بیت اللہ شریف میں اعلانیہ نماز ادا کرنا شروع کر دی۔ آپ وہ واحد صحابی ہیں جنہوں نے سب سے پہلے اعلانیہ اسلام قبول کیا اور اعلانیہ ہجرت فرمائی۔ ہجرت کے موقع پر طواف کعبہ کیا اور کفار مکہ کو للکار کر کہا: میں ہجرت کرنے لگا ہوں یہ مت سوچنا کہ عمر چھپ کر بھاگ گیا ہے، جسے اپنے بچے یتیم اور بیوی بیوہ کرانی ہو وہ آ کر مجھے روک لے۔ مگر کسی کی ہمت نہ ہوئی کہ آپ کے مقابل آتا۔

ہجرت کے بعد سیدنا عمر فاروق اعظم تمام غزوات میں رسول اللہ ﷺ کی معیت میں رہے۔ غزوہ بدر میں اپنے حقیقی ماموں عاص بن ہشام کو قتل کیا۔ غزوہ احد میں انتشار کے باوجود اپنا مورچہ نہیں چھوڑا۔ غزوہ خندق میں ایک طرف کی حفاظت آپ کے سپرد تھی بعد ازاں بہ طور یادگار یہاں آپ کے نام پر ایک مسجد تعمیر کی گئی۔

غزوہ بنی مصطلق میں سیدنا عمر فاروق نے ایک کافر جاسوس کو گرفتار کر کے دشمن کے تمام حالات دریافت کر کے اسے قتل کر دیا، جس کے باعث کفار پر دہشت طاری ہوگئی۔ غزوہ حدیبیہ میں آپ، مغلوبانہ صلح پر راضی نہ ہوتے تھے مگر نبی اکرم ﷺ کی وجہ سے سر تسلیم خم کیا اور جب سورہ فتح نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے آپ کو یہ سورہ سنائی۔ کیوں کہ اس میں بڑی خوش خبری اور فضیلت انہی کے لیے ہے۔

غزوہ خیبر میں رات پہرے کے دوران ایک یہودی کو گرفتار کیا اور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں لے آئے۔ اس سے حاصل شدہ معلومات ہی فتح خیبر کا بہترین ذریعہ ثابت ہوئیں۔ غزوہ حنین میں مہاجرین صحابہ کی سرداری امیر المومنین عمر کو مرحمت کی گئی۔ فتح مکہ کے بعد سیدنا عمر نے حضور ﷺ سے کعبہ میں عمرہ یا اعتکاف کی اجازت طلب کی تو نبی کریم نے اجازت کے ساتھ فرمایا: اے میرے بھائی! اپنی دعا میں ہمیں بھی شریک رکھنا اور ہمیں بھول نہ جانا۔ سیدنا عمر فرمایا کرتے تھے: نبی کریم ﷺ کے اس مبارک جملے کے عوض اگر مجھے ساری دنیا بھی مل جائے تو میں خوش نہ ہوں گا۔

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کفر و نفاق کے مقابلے میں بہت جلال والے اور کفار و منافقین سے شدید نفرت رکھتے تھے۔ ایک دفعہ ایک یہودی و منافق کے مابین حضور انور ﷺ نے یہودی کے حق میں فیصلہ فرمایا مگر منافق نہ مانا اور آپ سے فیصلہ کے لیے کہا۔ آپ کو جب علم ہوا کہ نبی ﷺ کے فیصلے کے بعد یہ آپ سے فیصلہ کرانے آیا ہے تو سیدنا عمر فاروق نے اس کو قتل کر کے فرمایا: جو میرے نبی ﷺ کا فیصلہ نہیں مانتا میرے لیے اس کا یہی فیصلہ ہے۔

کئی مواقع پر حضور نبی کریم ﷺ کے مشورہ مانگنے پر جو مشورہ سیدنا فاروق اعظم نے دیا، قرآن کریم کی آیات مبارکہ اسی کی تائید میں نازل ہوئیں۔ ازواج مطہرات کے پردے، قیدیان بدر، مقام ابراہیم پر نماز، حرمت شراب، کسی کے گھر میں داخلے سے پہلے اجازت، تطہیر سیدہ عائشہ جیسے اہم معاملات میں سیدنا عمر کی رائے، مشورے اور سوچ کے موافق قرآن کریم کی آیات نازل ہوئیں۔ علما و فقہا کے مطابق تقریبا 27 آیات قرآنی ایسی ہیں جو براہ راست فاروق اعظم کی تائید میں نازل ہوئیں۔

جب آپ تخت خلافت اسلامیہ پر متمکن ہوئے تو اعلان فرما دیا: میری جو بات قابل اعتراض ہو مجھے اس پر برسر عام ٹوک دیا جائے۔ امیر المومنین کا خطاب سب سے پہلے آپ ہی کے لیے استعمال ہوا، کیوں کہ آپ سے پہلے، خلیفہ اول سیدنا صدیق اکبر کو خلیفۃ الرسولؐ کہہ کر پکارا جاتا تھا۔ آپ اپنی خلافت میں رات کو رعایا کے حالات سے آگاہی کے لیے گشت کیا کرتے تھے۔ آپ نے اپنے حکام کو باریک کپڑا پہننے، چھنے ہوئے آٹے کی روٹی کھانے اور دروازے پر دربان رکھنے سے سختی سے منع فرما رکھا تھا۔ مختلف اوقات اپنے مقرر کردہ حکام کی جانچ پڑتال بھی کیا کرتے تھے۔

اپنے دور خلافت میں مصر، ایران، روم اور شام جیسے بڑے ملک فتح کیے۔ 1 ہزار 36 شہر مع ان کے مضافات فتح کیے۔ مفتوحہ جگہ پر فورا مسجد تعمیر کی جاتی۔ آپ کے زمانے میں 4 ہزار مساجد عام نمازوں اور 9 سو مساجد نماز جمعہ کے لیے بنیں۔ قبلہ اول بیت المقدس بھی دور فاروقی میں بغیر لڑائی کے فتح ہوا۔ حضرت عمرو بن عاص، آپ حکم سے جب بیت المقدس پہنچے تو وہاں کے یہودیوں اور عیسائیوں نے کہا کہ ہماری کتابوں کے مطابق فاتح بیت المقدس کا حلیہ آپ جیسا نہیں لہٰذا آپ اسے فتح نہیں کر سکتے۔

چناں چہ حضرت عمرو بن عاص نے سیدنا عمر فاروق کو خط میں صورت حال لکھ بھیجی اور پھر جناب عمر فاروق کی بیت المقدس آمد پر چابیاں آپ کے حوالے کی گئیں کیوں کہ یہودیوں اور عیسائیوں نے آپ کا حلیہ مبارک اپنی کتابوں کے مطابق پایا تھا۔ سیدنا عمرو بن عاص نے فتح مصر کے بعد ایک مرتبہ سیدنا فاروق اعظم کو بہ ذریعہ خط اطلاع دی کہ دریائے نیل ہر سال خشک ہو جاتا ہے اور لوگ ہر سال ایک خوب رو دوشیزہ کی بھینٹ چڑھاتے ہیں تو دریا میں پانی اتر آتا ہے۔ تو سیدنا عمر فاروق نے جوابا ایک خط تحریر فرما کر روانہ کیا کہ یہ خط دریا کی ریت میں دبا دیا جائے۔ جیسے ہی خط دبایا گیا تو دریائے نیل میں پانی چڑھ آیا بل کہ پہلے سے چھ گنا زیادہ پانی ہو گیا۔

آپ کے خط کا مضمون یہ تھا: اے دریا! اگر تو اپنی مرضی سے بہتا ہے تو ہمیں تیری کوئی حاجت نہیں اور اگر تو اللہ کی مرضی سے بہتا ہے تو بہتا رہ۔

کئی قرآنی وعدے اور خوش خبریاں آپ ہی کے دور خلافت میں پوری ہوئیں۔ فاروقی دور خلافت 22 لاکھ مربع میل کے وسیع رقبہ پر محیط تھی۔ پولیس کا محکمہ بھی آپ ہی نے قائم فرمایا۔ کئی علاقوں میں قرآن اور دینی مسائل کی تعلیمات کے لیے سیدنا معاذ بن جبل، سیدنا عبادہ بن صامت، سیدنا ابی ابن کعب، سیدنا ابوالدرداء، سیدنا سعد اور سیدنا ابوموسی اشعری جیسے اجلہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو مقرر فرمایا۔

نبی کریم ﷺ کے ارشاد کے مطابق سیدنا عمر فاروق اس امت کے محدث تھے۔ علاوہ ازیں امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ انتہائی معاملہ فہم، دانش مند، زیرک، ذہین اور دور اندیش خلیفہ تھے۔ آپ نے مختلف مواقع پر کئی ایسے ارشادات فرمائے جو کہ آب زر سے لکھنے کے لائق ہیں۔

امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عظیم الشان و بے مثال عہد خلافت کا ایک نمایاں اور زریں طریقہ کار یہ تھا کہ آپ راتوں کو بیدار رہ کر گلی محلوں میں گشت فرمایا کرتے تھے تا کہ اپنی رعایا کے حالات و واقعات اور ضروریات و حاجات و مشکلات وغیرہ سے باخبر رہ سکیں۔

امیر المومنین عمر کے گشت کے دوران کئی ایسے واقعات پیش آئے جن سے آپ کی اعلی ظرفی، حکمت و بصیرت اور دانائی و دور اندیشی سمیت آپ کے طرز حکم رانی و خلافت کی بے ساختہ داد دینی پڑتی ہے۔ سیدنا عمر فاروق کی ایک مرتبہ رات کے وقت دوران گشت ایک اعرابی سے ملاقات ہوئی جو کہ اپنے خیمہ کے باہر بیٹھا ہوا تھا۔ آپ نے اس سے علیک سلیک کے بعد گفت گو شروع فرمائی کہ دفعتا خیمہ کے اندر سے کسی کے رونے کی آواز آئی تو آپ کے دریافت کرنے پر اس اعرابی نے بتایا کہ میری بیوی کے درد زہ ہے۔

یہ سنتے ہی سیدنا فاروق اعظم اپنے گھر پہنچے اور اپنی اہلیہ کو لے کر اس اعرابی کے پاس تشریف لے گئے اور اس سے اجازت لے کر اہلیہ کو خیمہ میں بھیج دیا۔ اور خود اعرابی سے بات چیت کرتے رہے یہاں تک کہ اچانک خیمہ سے نے پکار کر کہا کہ امیر المومنین! اپنے دوست کو لڑکے کی ولادت کی خوش خبری دیں۔ اس اعرابی نے جو امیر المومنین سنا تو کانپ گیا اور جلدی سے با ادب ہو گیا اور معذرت کرنے لگا تو آپ نے فرمایا کہ کوئی بات نہیں، صبح کو میرے پاس آنا اور پھر آپ نے اس کے بچے کا وظیفہ مقرر فرما کر اسے کچھ مرحمت فرمایا۔

اسی طرح رات کو ایک گھر کے پاس سے گزرے تو اندر سے چند بچوں کے رونے کی آوازیں سنیں تو وہاں موجود خاتون سے استفسار پر معلوم ہوا کہ بچے بھوکے ہیں اور گھر میں کھانے کو کچھ نہیں، جب کہ خاتون نے خالی دیگچی میں پانی ڈال کر چولہے پر چڑھا رکھی ہے کہ بچے اسی طرح کھانا پکنے کا انتظار کرتے کرتے سو جائیں۔

امیر المومنین سیدنا عمر یہ سن کر بہت رنجیدہ ہو کر رونے لگے اور الٹے پیروں بیت المال میں آ کر وہاں سے کچھ آٹا، چربی، چھوہارے، کپڑے اور کچھ نقدی لی اور اپنے غلام اسلم سے فرمایا کہ یہ سب میری پیٹھ پر لاد دے۔ اسلم کہنے لگے کہ امیر المومنین میں لے چلوں گا مگر نہ مانے کہ روز قیامت تو پوچھ مجھ سے ہی ہونی ہے۔ سیدنا عمر نے سب سامان اپنی پیٹھ پر لادا اور اس خاتون کے گھر جا پہنچے اور خود ہی دیگچی میں اشیا خورد ڈال کر پکایا کہ آگ کا دھواں آپ کی ریش مبارک میں بھر گیا۔ کھانا تیار کر کے بچوں کو اپنے سامنے کھلا کر کچھ دیر مزید وہیں رکے رہے کہ بچوں کو بھوک سے روتے دیکھا تو اب بھرے پیٹ کے ساتھ کھیلتے بھی دیکھ لیں۔

آپ کا دور خلافت بہت مبارک اور اشاعت و اظہار اسلام کا باعث تھا۔ خلافت راشدہ میں سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کو ایک نمایاں و ممتاز مقام حاصل ہے۔ 27 ذی الحجہ بہ روز بدھ مجوسی غلام ابولولو فیروز نے نماز فجر کی ادائی کے دوران سیدنا عمر کو خنجر مار کر شدید زخمی کر دیا۔ اور یکم محرم الحرام کو اسلام کا یہ بطل جلیل، نبی ﷺ کی دعا، اسلامی خلافت کا تاج دار، 63 برس کی عمر میں شہادت جیسے عظیم مرتبے پر فائز ہوا۔ آپ کی نماز جنازہ سیدنا صہیب رومی نے پڑھائی۔ روضہ نبویؐ میں مدفون ہوئے۔

اللہ پاک اس عظیم المرتبت شخصیت کی قبر مبارک پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین

امیر المومنین حضرت عمر فاروقؓ کا بابرکت دور خلافت... مولانا محمد الیاس گھمن

حضرت عمر فاروق
رضی اللہ عنہ

محرم الحرام ان چار محترم مہینوں میں شامل ہے جن کو قرآن کریم نے قابل احترام قرار دیا ہے۔ اسلامی تاریخ میں محرم الحرام کی مناسبت سے دو ایسے واقعات پیش آئے ہیں جن سے ہمیں معاشرتی زندگی گزارنے کا عملی درس ملتا ہے۔

پہلا واقعہ خلیفہ دوم سیدنا عمر فاروقؓ کی شہادت جب کہ دوسرا واقعہ نواسہ رسول کریم سیدنا حسین اور ان کے ساتھیوں کی شہادت کا ہے۔ حضرت عمر فاروق کی زندگی کے چند ان پہلوؤں پر روشنی ڈالی جاتی ہے جن کا ہماری عملی زندگی سے بہت گہرا تعلق ہے، یہ تذکرہ اس لیے کیا جا رہا ہے تا کہ ہم بھی ان کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کریں۔

قیام امن کی عملی کاوشیں:

اسلام میں امن کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ آپ کے دور خلافت میں جو علاقے اسلامی سلطنت کے زیر نگین آئے یا جو پہلے سے موجود تھے، ان میں عدالتی نظام کو فعال کیا۔ مفتوحہ علاقوں میں بنیادی طور پر دو کام کیے جاتے، وہاں کے باسیوں کو دین اسلام کی تعلیم سے آشنا کیا جاتا اور دوسرا وہاں عدالتیں قائم کر کے قیام امن اور انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جاتا۔ آپ نے قانون کے علمی ماخذ کے طور پر قرآن وسنت کے بعد قضائے صالحین کو درجہ دیا۔

اس سے ہمیں قرآن وسنت کے بعد صالحین یعنی دین کے ماہرین کے فیصلوں پر عمل کرنے کا درس ملتا ہے۔ اسلام، باہمی مشاورت پر زور دیتا ہے تا کہ خیر کے پہلو سامنے آئیں اور نقصان دہ پہلو سے بچا جا سکے۔ حضرت عمر کی زندگی اس کی عملی نمونہ تھی، خلیفہ وقت میں عدالت، دیانت، تقوی، علم دین سے واقفیت، انتظامی امور میں اہلیت اور احکام شریعت کے نفاذ کی صلاحیت موجود ہوتی ہے جو اسے عوام ممتاز کر دیتی ہے۔ لیکن اس کے باوجود آپ اپنے مشیروں کی بات کو اہمیت دیتے تھے۔

سربراہ کا سادہ معیار زندگی:

سربراہ کے طرز زندگی کے اثرات رعایا پر پڑتے ہیں، اگر حکم ران انصاف پسند، قناعت پسند اور سادگی پسند ہو تو عوام میں ظلم وتشدد، خواہش پرستی اور فیشن پرستی جنم نہیں لیتی جس کی وجہ سے معاشرہ سکون و راحت کی زندگی بسر کرتا ہے۔ حضرت عمر باوجود اس کے کہ بہت بڑی سلطنت کے فرماں روا تھے لیکن مزاجا سادگی اور قناعت پسندی کے خوگر تھے۔ تاریخ ایسے کئی واقعات کی شہادت دیتی ہے۔

ہرمزان سلطنت اہواز کا حکم ران جب قید ہو کر آیا تو اس نے دیکھا کہ آپ مسجد کے فرش پر لیٹے ہوئے آرام فرما رہے ہیں۔ بیت المقدس کی فتح کا مشہور واقعہ تاریخ کی کتابوں میں منقول ہے۔ سن 16ھ میں جب حضرت عمرو بن عاص نے بیت المقدس کا محاصرہ کیا تو وہاں کے اہل کتاب علما نے کہا: تم بلا وجہ تکلیف اٹھاتے ہو، بیت المقدس کو فتح کرنے والے کا حلیہ اور علامات ہماری کتابوں میں موجود ہیں، اگر تمہارے امام میں وہ سب باتیں موجود ہیں تو ہم آپ کو بیت المقدس حوالے کر دیں گے۔

چناں چہ آپ کو اس بارے اطلاع کی گئی، آپ اپنے ایک غلام کے ہم راہ ایک اونٹ پر سوار ہو کر عازم سفر ہوئے، زاد راہ میں چھوہارے اور جو کے سوا کچھ نہ تھا، اونٹ پر سوار ہونے کی باری مقرر کی، کبھی آپ خود سوار ہوتے اور غلام پیدل چلتا اور کبھی غلام سواری پر سوار ہوتا اور آپ پیدل چلتے، آپ نے جو کرتا زیب تن کیا ہوا تھا اس میں پیوند لگے ہوئے تھے، جب بیت المقدس کے قریب پہنچے تو مسلمانوں نے آپ کے لیے ایک عمدہ جوڑے اور گھوڑے کا انتظام کیا۔ آپ نے نیا لباس پہنا، گھوڑے پر سوار ہوئے چند قدم کے بعد فرمانے لگے کہ میرے نفس پر اس کا برا اثر پڑ رہا ہے لہذا مجھے میرے وہی کپڑے اور اونٹ واپس کرو، چناں چہ اسی پر سوار ہوئے اور بیت المقدس پہنچے۔ اہل کتاب علما نے آپ کا حلیہ مبارک اور علامات دیکھیں تو برملا کہہ اٹھے کہ ہاں فاتح بیت المقدس یہی ہیں اور آپ کے لیے اس کے دروازے کھول دیے۔ اس سے ہمیں سربراہ کے عام معیار زندگی، عوام میں گھل مل کر رہنے اور صبر و شکر کا درس ملتا ہے۔

انسانی حقوق میں مساوات:

آپ نے اسلام کی نافذ شدہ تعلیم مساوات کو مزید آگے بڑھایا، چناں چہ کسی علاقے کے حاکم، گورنر بل کہ خود خلیفۃ المسلمین کو یہ اجازت نہیں تھی کہ وہ اپنے آپ کو دوسروں پر ترجیح دے، جو وظیفہ بدریوں کو ملتا وہی آپ لیتے تھے۔ اس سے ہمیں مساوات کا درس ملتا ہے۔

حقوق نسواں کا حقیقی تصور:

اسلام میں خواتین کو بہت بلند مقام حاصل ہے اور خواتین میں سب سے اہم عنصر حیا اور تقدس کا ہے۔ آپ نے ان کے عزت اور حقوق کو محفوظ کرنے کے لیے حجاب کو لازمی سمجھا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی رائے کی موافقت میں قرآن کریم نازل فرما کر حجاب کو ضروری قرار دیا۔ خواتین کے لیے رائے کی آزادی بھی حقوق نسواں کے ذیل میں آتی ہے، چناں چہ ایک مرتبہ جب آپ نے دوران خطبہ خواتین کے مہنگے حق مہر کے بارے ناپسندیدگی کا اظہار فرمایا تو ایک عورت نے کہا: اے عمر! آپ ہمارے مہروں کو کس طرح کم کر سکتے ہیں حالاں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں سونے کے ڈھیر تک مہر لینے کا حق دیا ہے۔ اور قرآن کریم سورۃ النساء کی آیت نمبر 20 بھی تلاوت کی۔ حضرت عمر اس پر بہت خوش ہوئے اور خاتون کو عزت بخشتے ہوئے فرمایا: مدینہ کی خواتین عمر سے زیادہ دین کی سمجھ رکھتی ہیں۔

اس سے ہمیں حجاب، آزادی اظہار رائے اور خواتین کی سماجی عزت و احترام کا درس ملتا ہے۔

مفتوحہ علاقوں کا نظم و نسق:

آپ 22 لاکھ 51 ہزار 30 مربع میل زمین پر حکم رانی کرنے والے انصاف پرور حکم ران تھے۔ اس کے باوجود آپ مفتوحہ علاقوں کی کثرت پر زور دینے کے بہ جائے ان کے باسیوں کی تربیت کو ترجیح دیتے۔ آپ نے دمشق، بصرہ، بعلبک، شرق، اردن، یرموک، قادسیہ، اہواز، مدائن، ایران، عراق، تکیت، انطاکیہ، حلب، بیت المقدس، نیشاپور، الجزیرہ، قیساریہ، مصر، اسکندریہ، نہاوند اور دیگر علاقوں کو فتح کیا۔ ان میں تربیتی اور تعلیمی مراکز قائم کیے، کھلی کچہریاں لگوائیں، فوری انصاف کو یقینی بنایا، عوام الناس کی شکایات کو دور کرنے کے لیے احکامات جاری کیے۔ روٹی کپڑا اور مکان جیسی بنیادی ضرورتوں کو عوام کی دہلیز تک پہنچایا۔ اس سے ہمیں اپنے نظام زندگی میں انصاف، تعلیم اور نظم و نسق کا درس ملتا ہے۔

اقلیتوں سے حسن سلوک:

اسلام ایسے کفار جو مسلمانوں سے نہ لڑیں ان سے حسن سلوک کی تعلیم دیتا ہے، حضرت عمر نے حمص کو حاصل کرنے کے لیے بہ طور سپہ سالار حضرت ابوعبیدہ کو مقرر فرمایا، انہوں نے اسے فتح کیا اور غیر مسلموں سے جزیہ وصول کیا لیکن جب انہیں جنگ یرموک کے لیے حمص چھوڑنا پڑا تو انہوں نے یہ کہہ کر جزیہ واپس کر دیا کہ اب جب ہم آپ کے جان و مال کی حفاظت کی ذمے داری پوری نہیں کر سکتے تو ہمیں جزیہ لینے کا بھی حق نہیں۔ جب مسلمان حمص سے لوٹنے لگے تو وہاں کے غیر مسلم بھی اس عادلانہ نظام سے محروم ہونے پر رونے لگے۔

بیت المقدس کی فتح ہوئی تو حضرت عمر نے اہل کتاب کے مذہبی پیشوا کے ساتھ شہر کی متعدد عبادت گاہوں کو دیکھا، آپ معائنہ فرما رہے تھے کہ اتفاق سے نماز کا وقت ہو گیا، انہوں نے آپ اور آپ کے رفقا کے لیے صفیں بھی بچھا دیں کہ آپ یہاں نماز ادا کر لیں۔ لیکن آپ نے یہ کہہ کر انکار فرما دیا کہ اگر ہم نے یہاں نماز پڑھ لی تو کل کو کوئی یہاں مسجد بنانا نہ شروع کر دے، میں نہیں چاہتا کہ غیر مسلموں کی عبادت گاہوں میں ہم کسی طرح کا حق قائم کریں۔

اسی طرح اہل ایلیا کے غیر مسلموں سے آپ نے معاہدہ امن کیا کہ یہ امن جو ان کو دیا جاتا ہے، ان کی جان، مال، ان کے گرجاں اور ان کی صلیبوں، ان کے بیماروں، تن درستوں اور ان کے جملہ اہل مذاہب کے لیے ہے اور وہ یہ ہے کہ ان کے گرجا گھروں میں رہائش نہ رکھی جائے، ان کو گرایا نہ جائے، انہیں اور ان کے احاطوں کو نقصان نہ پہنچایا جائے اور نہ ہی ان پر دین کے بارے جبر کیا جائے۔ اس سے ہمیں اقلیتوں سے حسن سلوک کا درس ملتا ہے۔

سماجی و رفاہی خدمات:

قرآن کریم کی تعلیم کے لیے مکاتب و مدارس قائم کیے، مدرسین صاحبان اور ائمہ مساجد کی تن خواہیں مقرر فرمائیں۔ اسلامی تقویم کا آغاز ہجرت نبویؐ سے شروع فرمایا۔ مسجد حرام اور مسجد نبویؐ کی توسیع فرمائی۔ عرب و عجم کے سنگم پر مرکز علم کوفہ کو آباد فرمایا۔ دریائے نیل کو بحیرہ قلزم سے ملانے کے لیے نہر سویز کھدوائی، جس کی وجہ سے نفع بخش تجارت نے فروغ پایا۔ محکمہ ڈاک قائم کیا۔ شہر کے اندرونی حالات کو درست رکھنے کے لیے محکمہ پولیس قائم کیا اور فوج کو سرحدیں اور محاذ سپرد کیے۔

بیت المال تعمیر کرائے۔ معذور اور ضعیف لوگوں کے وظائف بیت المال سے مقرر فرمائے۔ مسافروں کے لیے شاہ راہوں پر مسافر خانے تعمیر کرائے۔ لاوارث بچوں کے تربیتی مراکز قائم کیے۔ دریائے نیل کے نام خط جاری فرمایا اور قیصر و کسری جیسی سپر پاور طاقتیں پاش پاش ہوئیں۔ مورخین کے محتاط اندازے کے مطابق آپ کے زمانہ خلافت میں 3600 علاقے فتح ہوئے۔ 900 جامع مساجد اور 4000 عام مساجد تعمیر ہوئیں۔ اس سے ہمیں تعمیر وطن، خوش حالی اور ترقی، اہل علم کی قدر، مستحق افراد کی معاونت اور یتیموں کی کفالت کا درس ملتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ عصر حاضر کے مسائل کا حل سیرت عمر میں مضمر ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکم ران اسے اپنی عملی زندگی میں بروئے کار لائیں۔ ایسا کیا گیا تو ہماری دنیا سنور جائے گی، ہم ترقی کریں گے، ضرورت مندوں کی معاونت ہوگی اور معاشرے میں انصاف بھی عام ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں مزاج فاروقی اپنانے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارے معاشرے کو انصاف پسند معاشرہ بنائے۔ آمین

"اے ارض کربلا"



تحریر: سیدہ رضا (دنیا انٹرنیشنل USA)
razasyeda5@gmail.com

اسلام علیکم قارئین:

میں ہوں سیدہ رضا فرام دنیا انٹرنیشنل USA

محرم الحرام کے مہینہ کی آمد ہے، عزا خانے، سامان عزا سے دنیا بھر میں سجائے جا رہے ہیں۔ ذکر مظلوم حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے خانوادہ کی مجالس عزا کے لیے دنیا بھر میں اہتمام کیے جا رہے ہیں۔ ماتم داریاں اور جلوس عزاداری کے انتظامات ہو رہے ہیں۔

یہ سب چیزیں واضح کرتی ہیں کہ امت مسلمہ میں سید المرسلین حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے نواسہ حضرت امام حسین علیہ السلام سے از حد محبت، عقیدت اور لگاؤ ہے کیونکہ ہر باشعور اور باضمیر انسان کے ذہن و روح پر حضرت امام حسینؑ اور ان کے خانوادہ کے پاکیزہ افکار اور لازوال قربانیاں نقش ہیں۔ دنیا میں اور کسی انسان پر اس قدر نہ لکھا گیا، نہ بولا گیا اور نہ ذکر کیا گیا جتنا کہ حضرت امام حسینؑ اور ان کے خانوادہ کی قربانیاں، شہادت و ذکر کربلا پر۔

محرم اسلامی مہینوں میں پہلا مہینہ ہے۔ خداوند عالم نے قرآن مجید میں محرم الحرام کو حرمت والا قرار دیا ہے، جس میں کافر تک لڑائی کو حرام جانتے تھے لیکن اس وقت کی امت کے منافقوں نے خون خرابہ کو جائز سمجھا اور خانوادہ رسول پر ظلم و ستم کی انتہا کر دی۔

قارئین جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ ماہ محرم کی دسویں تاریخ کو "روز عاشورہ" کہتے ہیں۔ اس روز کربلا میں سید الشہدا حضرت امام حسینؑ بمعہ اپنے اعزا و اصحاب کے کربلا میں



بے جرم و خطا بھوکے پیاسے شہید ہوئے اور یہ دس روز امام مظلوم نے نہایت رنج و غم و الم میں گزارے۔

کربلا کی تاریخ میں کفر و اسلام کی یہ جنگ باقی جنگوں سے بہت مختلف تھی۔ ایک طرف یزید کی لاکھوں فوج اور دوسری طرف امام حسینؑ کے لشکر میں شامل 72 شہیدان، قدم قدم پر سنسان بیابان ریگزار۔ ذرا وہ منظر اپنی آنکھوں کے سامنے لائیے جب حضرت امام حسینؑ کا لٹا ہوا قافلہ شام کے حاکم کے دربار میں کھڑا تھا اور امام عالی مقام کہہ رہے تھے کہ ہم کو قتل سے ڈراتا ہے، ہم شہادت کو گلے لگانے والے ہیں، ہم ابراہیم و اسماعیل کی یادگار ہیں اور شہادت ہماری کرامت ہے۔

7 محرم کو قدم قدم پر مشکلات ملیں اور آپ کے خانوادہ پر پانی بند کر دیا گیا۔ کہیں جوان بیٹے کی قربانی دینی پڑی اور کہیں چھ ماہ کے پیاسے ننھے علی اصغر کی گردن پر تیر چلے۔ آپ کے خیام لوٹ لئے گئے۔ ان کی لاشیں گھوڑوں کی ٹاپوں نے پامال کردیں اور حضرت امام حسینؑ کربلا میں شہید کردیے گئے۔

حضرت امام حسینؑ شہید ہوگئے مگر حضرت امام حسینؑ نے یہ آخری جنگ شہادت کے مرتبہ پر جیتی مگر آج دنیا کے اہل فکر و دانش سے پوچھا جائے کہ فتح کس کی ہوئی تو سب یزید کی بجائے حسینؑ کی فتح کہیں گے۔

قارئین آج بھی کربلا سے صدا بلند ہوتی ہے کہ میں وہ حسین ہوں جس کی رگوں میں تاریخ بدر وحنین کا خون ہے۔

میری جنگ دنیاوی جنگ نہیں بلکہ اصولوں کی جنگ ہے، مجھ پر ظلم کرنے والے تھک جائیں گے، میرے قاتل میری شہادت کے بعد یہ ماننے پر مجبور ہوں گے کہ میں تنہا مظلوم کربلا ہو کر بھی جیتوں گا اور میری یہ جیت دائمی ہوگی اور تا قیامت میری تنہائی پر رونے والوں میں ہر لمحہ ہر قدم پر تمہارے قریب ہوں گا۔ میں کسی کو تنہا نہیں دیکھ سکتا جیسا کہ میں کربلا میں تھا۔

آج بھی کربلا آباد ہے وہاں کی فضاؤں میں نواسہ رسول کے استغاثے کی صدائیں آج بھی گونج رہی ہیں اور انسان کو بیدار کر رہی ہیں کہ جس کی زندگی کا سورج فرات میں ڈوب کر بھی غروب نہ ہوا اسے حسین کہتے ہیں۔ اپنی ماں سیدہ النساء العالمین کی عظمت کو سلام کرنے والے تخت کو حسین کہتے ہیں۔ توحید کی معرفت کے مواحد کو حسین کہتے ہیں، جس کی رگوں کے ٹوٹے ہوئے رابطے کا نام قرآن ہو اسے حسین کہتے ہیں۔

علی اصغر کے ہونٹوں کے تبسم کے مفہوم کو حسینؑ کہتے ہیں، علی اکبر کی اذان میں نکھر کر بھی جو مکمل نہ ہوا اسے حسین کہتے ہیں۔

قارئین! اگر آج کوئی خلوص نیت سے ہمیشہ کے لئے حسینؑ کا ہو کر دیکھے تو محسوس کرے گا کہ اسے نماز میں اور خصوصا ایام عزاء میں خاک شفا سرخ ہو کر پرسہ دینے کو آئی ہے اور ہاتھ میں مس کرتی ہوئی خاک شفاء کی تسبیح سرخ ہو کر تعزیت کرتی ہوئی نظر آتی ہے اور اگر کائنات کا مظلوم بھی اس کی اضطرابی اور اضمحلالی کیفیت سے آگاہ ہو تو کیا دنیا و آخرت کی کوئی خواہش باقی رہ جائے گی؟

آزاد کشمیر میں افہام و تفہیم کی ضرورت... سلمان غنی

گلگت بلتستان کے انتخابات میں پیپلز پارٹی اکثریتی جماعت بن کر سامنے آئی ہے۔ غیر حتمی نتائج کے مطابق اس نے 24 میں سے 10 نشستوں پر کامیابی حاصل کی ہے مسلم لیگ (ن) کو چھ نشستیں حاصل ہوئی ہیں جبکہ آزاد امیدواروں نے سات نشستیں جیتی ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے پر زور مہم چلائی اور اسکا نتیجہ ان کو کامیابی کی صورت میں ملا ہے۔ اگرچہ پی ٹی آئی کا الزام ہے کہ انتخابات شفاف نہیں ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ پی ٹی آئی کی انتخابی مہم بہت کمزور تھی۔ پیپلز پارٹی کوشش کر رہی ہے کہ وہ مقتدرہ سے مفاہمت کی بنیاد پر گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں اپنی حکومتیں بنائے یا وہ مخلوط حکومت کے طور پر (ن) لیگ کیساتھ کام کرنے کو بھی تیار ہے۔ بشرطیکہ وزیراعظم آزاد کشمیر اور وزیراعلی گلگت بلتستان ان کے ہوں۔ پیپلز پارٹی چاہتی ہے کہ حکومت ان سے 28 ویں ترمیم میں حمایت چاہتی ہے تو اس کے بدلے میں اسے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں پیپلز پارٹی کا ساتھ دینا ہوگا۔ تاہم (ن) لیگ کی کوشش ہے کہ آزاد کشمیر میں حکومت ان کی ہو اور وزیراعظم بھی انہی کا ہو تا کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ میں طاقت کا توازن برقرار رہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ پیپلز پارٹی 28 ویں ترمیم کی بنیاد پر اپنی شرائط کو منوا سکتی ہے یا اسے کسی حد تک سمجھوتے کی سیاست کرنا پڑے گی۔ مقتدرہ چاہے گی کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ میں اقتدار کے فارمولے میں توازن کی پالیسی ہو تا کہ دونوں جماعتوں کو ساتھ لے کر چلا جا سکے۔

گلگت بلتستان کے انتخابات کے بعد اگلا معرکہ 27 جولائی کو آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات کا ہے لیکن انتخابات سے قبل آزاد کشمیر میں حکومت اور کالعدم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے درمیان محاذ آرائی دیکھنے کو مل رہی ہے۔ یہ حالات ظاہر کرتے ہیں کہ آنے والے دنوں میں حکومت اور جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے درمیان مزید کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے اور وہاں الیکشن کا ماحول ناسازگار بھی ہو سکتا ہے۔ حکومت کا دعوی ہے کہ انہوں نے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے بیشتر مطالبات تسلیم کر لیے تھے لیکن ایکشن کمیٹی کی سیاسی ضد کی وجہ سے کچھ معاملات پر اتفاق نہ ہو سکا اور کمیٹی نے وہ راستہ اختیار کیا جو تشدد کا راستہ تھا۔ حکومت کے بقول انہوں نے ہر سطح پر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو مذاکرات کی پیشکش کی اور کہا کہ ہم ہر صورت مذاکرات کے ذریعے ہی راستہ تلاش کرنا چاہتے ہیں لیکن ایسے لگتا ہے کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو مذاکرات سے زیادہ بگاڑ کی سیاست کرنا چاہتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعظم شہباز شریف کو مشورہ دیا ہے کہ وہ آزاد کشمیر کی سیاست میں محاذ آرائی کی سیاست سے گریز کریں اور بالخصوص طاقت کے استعمال سے گریز کیا جائے۔ خود آزاد کشمیر کے وزیراعظم فیصل ممتاز راٹھور نے بھی مفاہمت اور مذاکرات کی بات کی ہے اور کہا ہے کہ معاملات کو سیاسی بنیادوں پر حل کیا جائے گا لیکن اس کے لیے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے لوگوں کو بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا اور اپنے سخت گیر موقف سے پیچھے ہٹنا ہوگا تا کہ حکومت سے بات چیت کا عمل آگے بڑھ سکے۔ اگر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے لوگ ضد پر قائم رہتے ہیں تو مذاکرات کی بات آگے نہیں بڑھ سکے گی۔

حکومت کی ذمہ داری ہے کہ عام انتخابات سے قبل آزاد کشمیر کے معاملات میں سازگار حالات پیدا کیے جائیں تا کہ سب جماعتیں آزادانہ بنیادوں پر انتخابات میں حصہ لے سکیں۔ اگر حالات سازگار نہیں رہتے تو آزادانہ انتخابات یا پرامن انتخابات ممکن نہیں ہو سکیں گے۔ کالعدم قرار دی گئی جوائنٹ ایکشن کمیٹی بنیادی طور پر مہاجرین کی 12 نشستوں کے خاتمے اور صوبائی خود مختاری پر زور دے رہی ہے۔ اس کا موقف ہے کہ اس معاملے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جبکہ آزاد کشمیر کی سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ مہاجرین کی 12 نشستوں کا فیصلہ منتخب اسمبلی کرے گی۔ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ اس کے لیے آئینی ترمیم کی ضرورت ہوگی جو کہ بغیر اسمبلی کے ممکن نہیں۔ حکومت نے یہ بھی الزام لگایا ہے کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی بلا وجہ معاملات میں خرابیاں پیدا کر رہی ہیں اور انتشار کو ہوا دینا اس کے ایجنڈے کا حصہ بن گیا ہے اس لیے اس تنظیم پر پابندی لگانا یا اسے کالعدم قرار دینا حکومت کی مجبوری بن گئی تھی۔ لیکن کسی بھی تنظیم پر پابندی لگانے سے مسئلہ حل نہیں ہوتا بلکہ ہم نے ماضی میں دیکھا ہے کہ اس طرح کی پابندیوں سے معاملات اور بگڑ جاتے ہیں۔ اس لیے مفاہمت کا راستہ اختیار کرنا ہے اور جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو اس بات پر راضی کرنا ہوگا کہ وہ بھی اپنے رویے میں سختی کو کم کرے اور مفاہمت کی طرف آگے بڑھے۔ آزاد کشمیر حساس علاقہ ہے اور بھارت کی یہاں کے معاملات پر نظر رہی ہے۔ اس لیے حکومت کو آزاد کشمیر کے معاملے میں حساسیت کا مظاہرہ کرنا ہوگا اور اس تاثر کی نفی ہونی چاہیے کہ حکومت طاقت کا استعمال کرنا چاہتی ہے۔ آزاد کشمیر میں حالات خراب ہوتے ہیں تو بھارت اس کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گا۔ پہلے ہی بھارت اور افغانستان کے تعلقات کی وجہ سے پاکستان میں دہشت گردی میں اضافہ ہوا ہے۔ یہاں حالات کی خرابی کے باعث دہشت گردی کے مزید واقعات سامنے آ سکتے ہیں۔ تاہم حکومت کی اس بات میں بھی وزن ہے کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو باہر کے ایجنڈے پر حالات کو خراب کرنا چاہتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو حکومت کو جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے ذمہ داروں کے ساتھ مل کر ان لوگوں کی نشاندہی کرنی چاہیے تا کہ ان کرداروں کو سامنے لایا جا سکے جو حالات کو بگاڑنے کے ذمہ دار ہیں۔ البتہ یہ بات سمجھ آتی ہے کہ گلگت بلتستان ہو یا آزاد کشمیر کے معاملات وفاقی حکومت کو وہاں صوبائی خود مختاری اور بہت سے ترقیاتی امور پر زیادہ توجہ دینا ہوگی کیونکہ لوگ بہت زیادہ شدت کے ساتھ اپنے بنیادی حقوق کی بات کر رہے ہیں۔ ان کی اسلام آباد سے ناراضی کی وجہ بھی بنیادی حقوق کی عدم فراہمی ہے۔ اس لیے حکومت کو سمجھنا ہوگا کہ وہاں لوگوں میں ناراضی کیوں ہے اور کیوں ایکشن کمیٹی جیسی تنظیمیں اپنی اہمیت کو بڑھا رہی ہیں۔

صدر اور وزیراعظم سمیت دونوں جماعتوں کی قیادت ایک دوسرے کیساتھ بات چیت کی ہے اور اس پر اتفاق کیا ہے کہ ہم نے معاملات کو بند گلی میں نہیں دھکیلنا اور مفاہمت کا راستہ ہی اختیار کرنا ہے۔ (ن) لیگ کا موقف ہے کہ اس وقت جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے کچھ لوگ جے کے ایل ایف کیساتھ جڑے ہوئے ہیں اور اس پر پاکستان کے سخت تحفظات ہیں۔ لیکن اگر جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے لوگ حکومت کے ساتھ مذاکرات کرنا چاہتے ہیں تو حکومت نے مذاکرات کے دروازے بند نہیں کیے۔ معاملات کا حل بھی بات چیت کے ذریعے ہی نکل سکتا ہے۔ لیکن بات چیت کا راستہ ڈکٹیشن کی بنیاد پر نہیں چلنا چاہیے اور اگر کوئی سمجھتا ہے کہ وہ ریاست کی حکومت کو دباؤ ڈال کر اپنی شرائط منوا سکتا ہے تو ایسا ممکن نہیں ہوگا۔ بہرحال وفاقی حکومت کے لیے اس وقت سب سے اہم مسئلہ آزاد جموں و کشمیر کے حالات کو درست کرنے کا ہونا چاہیے اور اس بات پر توجہ دینی چاہیے کہ جلد از جلد کشمیر کے معاملات پرامن طور پر حل ہوں۔ یہی پاکستان کے مفاد میں ہے اور کشمیری عوام کے مفاد میں بھی ہے کہ معاملات کا حل بات چیت اور افہام و تفہیم کی سیاست سے تلاش کیا جائے۔

محرم الحرام کے سماجی و دینی تقاضے...

مولانا محمد الیاس گھمن

یہ ماہ مکرم ہمیں باطن کی تطہیر، نفس کی تہذیب، اور روح کی بالیدگی کی دعوت دیتا ہے۔

اسلامی سال کا پہلا مہینہ محرم الحرام ہر مسلمان کے لیے صرف نئے ہجری سال کی شروعات نہیں بل کہ ایک ایسا روحانی لمحہ ہے جو وقت کے مفہوم، زندگی کے نصب العین اور انسان کے رب تعالیٰ کے ساتھ تعلق کی گہرائی کو تازہ کرتا ہے۔

اسلامی تقویم کا آغاز کسی جشن یا دنیاوی مسرت کی علامت نہیں، بل کہ فکر و احتساب کی صدا ہے، جو ہر مومن کے دل میں یہ سوال جگاتی ہے کہ ایک اور سال گزر گیا، میں نے کیا پایا، کیا کھویا اور آئندہ کی راہ کیسی ہو؟

قرآن مجید نے جن چار مہینوں کو اشہر حرم کا شرف عطا فرمایا، ان میں محرم الحرام کو خاص مقام حاصل ہے۔ یہ مہینے صرف چند دنوں کا نام نہیں، بل کہ یہ اسلام کے اس معاشرتی پیغام کی علامت ہیں جو امن، عزت نفس، رواداری اور باہمی احترام پر قائم ہے۔ اشہر حرم کی حرمت ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ انسانیت کی فلاح صرف عبادات میں نہیں، بل کہ اخلاقی عظمت، سماجی ذمہ داری، اور باہمی رواداری میں بھی ہے۔

محرم ہمیں یاد دلاتا ہے کہ وقت ایک امانت ہے، جو پل پل گزر کر ہماری زندگی کی داستان رقم کر رہا ہے۔ جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مفہوم:

دو نعمتیں ایسی ہیں جن میں بہت سے لوگ خسارے میں ہیں۔ وہ صحت اور فراغت ہیں۔ (صحیح بخاری)

اس حدیث میں وقت کی اہمیت کو اس خوب صورتی سے بیان کیا گیا ہے کہ انسان کو اپنا ہر لمحہ قیمتی سمجھنا چاہیے۔ محرم کا مہینہ ہمیں یہ شعور عطا کرتا ہے کہ ہم وقت کو بے مقصد نہ گزاریں، بلکہ ہر دن، ہر ساعت کو نیکی، خیر اور خدمت خلق سے روشن کریں۔

نئے ہجری سال کا آغاز تقویمی لحاظ سے اگرچہ سادہ سی تبدیلی ہے، لیکن روحانی اعتبار سے یہ ایک بڑی تبدیلی کا موقع ہے۔ یہ موقع ہے اپنے نفس کا محاسبہ کرنے کا، اپنے اعمال کا جائزہ لینے کا، اپنے تعلق مع اللہ کو گہرا کرنے کا ہے۔ ایک مومن صرف اپنی گزشتہ غلطیوں پر نادم نہیں ہوتا، بل کہ آئندہ کے لیے عزم نو بھی کرتا ہے۔ وہ یہ ارادہ کرتا ہے کہ میں قرآن و سنت کو اپنی زندگی کا راہ نما بناؤں گا، سچ بولوں گا، وقت کی قدر کروں گا، معاشرے کے لیے خیر کا سبب بنوں گا، اور دنیا میں اسلام کے امن، محبت اور عدل کے پیغام کو عام کروں گا۔

محرم الحرام کا مہینہ ہمیں باطن کی تطہیر، نفس کی تہذیب، اور روح کی بالیدگی کی دعوت دیتا ہے۔ یہ صرف ظاہری عزت و وقار کا مہینہ نہیں، بل کہ ایک ایسا دورانیہ ہے جو انسان کو اس کی اندرونی حالت پر غور کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ ہر باشعور مسلمان کو چاہیے کہ وہ خود سے یہ سوال کرے:

کیا میرا دل گناہوں سے پاک ہے؟
کیا میری نیت خالص ہے؟
کیا میری زبان دوسروں کے لیے باعث خیر ہے؟
کیا میں دوسروں کے حق ادا کر رہا ہوں؟
کیا میں اپنے ارد گرد کے لوگوں کے لیے آسانی کا ذریعہ ہوں؟

یہ مہینہ ہمیں انفرادی اصلاح کے ساتھ اجتماعی فلاح کا پیغام بھی دیتا ہے۔ آج کا مسلمان جن مسائل سے دوچار ہے، ان میں سب سے بڑا مسئلہ عدم برداشت، افتراق و انتشار، اور باہمی بدگمانی ہے۔ محرم ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہم ایک امت ہیں، اور امت کا شیرازہ صرف اس وقت محفوظ رہ سکتا ہے جب ہم ایک دوسرے کی عزت کریں، اختلاف کو افتراق نہ بنائیں، اور ہر حالت میں عدل و احسان کو اپنا شعار بنائیں۔

دین صرف عبادات کا مجموعہ نہیں، بل کہ حسن اخلاق، حسن سلوک اور حسن تعلقات بھی دین کا جز ہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت گواہ ہے کہ آپ ﷺ نے صرف نماز، روزہ اور حج کی دعوت نہیں دی، بل کہ لوگوں کے ساتھ معاملات میں نرمی، سچائی، خیر خواہی اور عدل کو بھی دین کا حصہ بنایا۔ محرم ہمیں اسی سیرت طیبہ کو اپنانے کی ترغیب دیتا ہے۔ یہ مہینہ معاشرتی خیر خواہی، اصلاح باطن، اور فکری بیداری کا موسم ہے۔

عبادت و بندگی کے اعتبار سے بھی محرم کا مہینہ بڑی فضیلت رکھتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے شہر اللہ یعنی اللہ کا مہینہ فرمایا اور اس میں روزہ رکھنے کی خاص تاکید کی۔ گو کہ عبادات کا دائرہ پورے سال پر محیط ہے، لیکن محرم کی روحانی فضا دلوں کو عبادت کی طرف کھینچتی ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ان دنوں میں عبادات کے ذریعے اللہ سے قرب حاصل کریں، دعا کریں کہ یا اللہ! ہمیں اس نئے سال میں گناہوں سے بچا، نیکیوں کی توفیق دے، اور ہمارے دلوں کو ایمان، محبت، اور خیر سے منور کر۔

جو قوم وقت کے ساتھ اپنے اہداف مقرر نہیں کرتیں، وہ اپنی منزل کھو دیتی ہیں۔ محرم ہمیں دعوت دیتا ہے کہ ہم اپنی زندگی کے لیے ایک واضح لائحہ عمل بنائیں۔ ہمیں اس بات کا عہد کرنا چاہیے کہ ہم خود کو قرآن کے قریب کریں گے، جھوٹ، غیبت، فریب اور بدگمانی سے بچیں گے، سماج میں نرمی، انصاف اور خیر کو فروغ دیں گے، اور اپنے ہر عمل کو رضائے الٰہی کے تابع بنانے کی سعی کریں گے۔

محرم الحرام ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ روحانی بیداری کے بغیر سماجی فلاح ممکن نہیں، اور فرد کی اصلاح کے بغیر امت کی اصلاح ناممکن ہے۔ یہ مہینہ ہمیں اپنے رب کی طرف لوٹنے، اپنے کردار کو سنوارنے، اور معاشرے میں بھلائی عام کرنے کا سنہری موقع عطا کرتا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس موقع کو رسمی تقویمی تبدیلی نہ سمجھیں، بل کہ اسے ایک بیداری، تجدید عہد، اور عملی اصلاح کا ذریعہ بنائیں۔

اللہ رب العزت ہمیں اس مہینے کی روح کو سمجھنے، اس کے پیغام پر عمل کرنے، اور اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی کو تقوی، اخلاص، اور حسن اخلاق سے مزین کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

دو نعمتیں ایسی ہیں جن میں بہت سے لوگ خسارے میں ہیں، وہ صحت اور فراغت ہیں۔ (صحیح بخاری)

محرم کا مہینہ ہمیں یہ شعور عطا کرتا ہے کہ ہم وقت کو بے مقصد نہ گزاریں، بلکہ ہر دن، ہر ساعت کو نیکی، خیر اور خدمت خلق سے روشن کریں

مشترکہ اعلامیہ جاری

نیویارک: جموں و کشمیر کمیونٹی کے زیر اہتمام شہدائے عوامی حقوق کانفرنس کا انعقاد

نیویارک میں شہدائے عوامی حقوق کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف ریاستی، سیاسی، سماجی اور انسانی حقوق کے کارکنان نے بھرپور شرکت کی

پاکستان کے زیر انتظام جموں و کشمیر کی حالیہ صورتحال، عوامی حقوق کی تحریک اور مبینہ ریاستی کارروائیوں کے حوالے سے متعدد مطالبات پیش کیے گئے

عوامی حقوق کے شہداء کے واقعات کے ذمہ دار قرار دیے جانے والے سرکاری و غیر سرکاری عہدیداروں کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں

بروکلین نیویارک (منظور حسین سے) امریکہ میں مقیم جموں و کشمیر کمیونٹی کے زیر اہتمام نیویارک میں شہدائے عوامی حقوق کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف ریاستی، سیاسی، سماجی اور انسانی حقوق کے کارکنان نے شرکت کی۔ کانفرنس کے اختتام پر ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا جس میں پاکستان کے زیر انتظام جموں و کشمیر کی حالیہ صورتحال، عوامی حقوق کی تحریک اور مبینہ ریاستی کارروائیوں کے حوالے سے متعدد مطالبات پیش کیے گئے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان کی حکومت فوری طور پر پاکستان کے زیر انتظام جموں و کشمیر سے ایف سی (فرنٹیئر کور) اور پی سی سمیت دیگر فورسز کو واپس بلائے اور خطے میں عسکری موجودگی کم کی جائے۔ شرکا نے مؤقف اختیار کیا کہ عوامی حقوق کے لیے جان قربان کرنے والے افراد کے جسد خاکی ان کے ورثا کے حوالے کیے جائیں اور لاشوں کی مبینہ بے حرمتی پر متعلقہ حکام متاثرہ خاندانوں اور کشمیری قوم سے معافی مانگیں۔ کانفرنس کے مشترکہ اعلامیے میں مطالبہ کیا گیا کہ عوامی حقوق کے شہداء کے واقعات کے ذمہ دار قرار دیے جانے والے سرکاری و غیر سرکاری عہدیداروں کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں اور شفاف تحقیقات کے بعد ذمہ داران کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔ اعلامیے میں چیف سیکرٹری، آئی جی پولیس، نام نہاد وزیراعظم فیصل راٹھور، قائم مقام صدر لطیف اکبر اور دیگر متعلقہ اداروں کے ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ بھی شامل تھا۔ شرکا نے جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کو کالعدم قرار دینے کے فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کے ساتھ طے شدہ اور تسلیم شدہ چارٹر آف ڈیمانڈ پر بلا تاخیر عمل درآمد کیا جائے تاکہ عوامی مسائل کا پائیدار حل ممکن بنایا جا سکے۔ کانفرنس میں یہ بھی اعلان کیا گیا کہ اگر کشمیری عوام کے خلاف مبینہ ظلم، جبر، بربریت اور شہریوں کے قتل کا سلسلہ بند نہ ہوا تو امریکہ، یورپ، برطانیہ اور کینیڈا میں پاکستانی سفارت خانوں، اقوام متحدہ کے دفاتر اور انسانی حقوق کی تنظیموں کے سامنے غیر معینہ مدت کے دھرنے اور بھوک ہڑتالی کیمپ لگائے جائیں گے۔ مشترکہ اعلامیے میں پاکستان کے عوام، بالخصوص مزدوروں، کسانوں، دانشوروں، صحافیوں، وکلا، طلبہ اور ٹریڈ یونینز سے اپیل کی گئی کہ وہ کشمیری عوام کے حقوق کے تحفظ اور مبینہ قتل و غارت روکنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ کانفرنس کے شرکا نے کہا کہ بیرون ملک مقیم کشمیری اور ریاستی باشندے محنت کش عوامی حقوق تحریک کے پشتی بان ہیں اور اپنی قوم کے سفیر کے طور پر دنیا بھر میں کشمیری عوام کی آواز بلند کرتے رہیں گے۔ اعلامیے کے اختتام پر اقوام متحدہ، عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں اور عالمی برادری سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ کشمیری عوام پر ہونے والے مبینہ ظلم و ستم، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور قتل و غارت کے واقعات کا نوٹس لیں اور فوری اقدامات کے ذریعے خطے میں امن، انصاف اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ کانفرنس کے مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کشمیری عوام کے سیاسی، معاشی اور انسانی حقوق کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی اور عالمی سطح پر اس مسئلے کو مزید مؤثر انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔

تمام شہدائے کشمیر
Kashmir Bleeds, Humanity Weeps
Silence is Not Neutral
Justice for Kashmir
Hear the Cries of Kashmir
Their Blood Demands Justice
Stop the Violence, Save Lives
No More Tears, No More Graves
The World Must Listen
How Many More Must Die?
Your Silence Hurts the Innocent
Human Rights Are Not Optional
A Voice for the Voiceless

بروکلین، نیویارک: امریکہ میں مقیم جموں وکشمیر کمیونٹی کے زیر اہتمام نیویارک میں شہدائے عوامی حقوق کانفرنس کے موقع پر لی گئیں تصاویر

معیشت پر پڑھنے والے اثرات اگلے سال تک رہیں گے، وزیر خزانہ

ایف بی آر کے محصولات اہداف پورے ہوں یا نہیں ٹیکس میں اضافہ ہونا بہتری ہے

اقتصادی سروے پیش کرنے کا جارہا ہوں، بہت سے حقائق سامنے آئیں گے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایران امریکا کشیدگی ختم بھی ہوجائے تو اس کے معیشت پر پڑھنے والے اثرات اگلے سال تک رہیں گے۔ چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت اجلاس میں وزیر خزانہ نے سینیٹ اجلاس میں اپنے خطاب میں کہا کہ مشرق وسطی کی صورتحال نے پوری دنیا کو متاثر کیا ہے، دعا گو ہیں پاکستان کی قیادت اس مسئلے کے حل میں کامیاب ہو، مجموعی طور پر پہلے تین ہفتوں میں 129 ارب کی سبسڈی دی گئی جس پر بڑی تنقید بھی سامنے آئی، سبسڈی کو کیٹگرائز کرنے کے حوالے سے تنقید کا سامنا کرنا پڑا پھر اس کو مخصوص لوگوں تک منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ خطے کی صورتحال کے باعث تمام صوبائی حکومتوں نے بھی ساتھ دیا، خیبر پختونخوا حکومت نے بھی اس میں اپنا کردار ادا کیا، وزیراعلی کے پی کا شکریہ ادا کرتا ہوں آج ای اے سی میں بھی شریک ہوئے، صوبوں کا بار بار شکریہ ادا کر رہا ہوں کیونکہ یہ صوبائی حکومتوں کے بغیر ممکن نہیں تھا۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ ٹارگٹڈ سبسڈی کا سلسلہ اب بھی جاری ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ خطے میں جاری کشیدگی ختم بھی ہو جائے تو اس کے اثرات اگلے سال تک رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر کے محصولات اہداف پورے ہوں یا نہیں ٹیکس میں اضافہ ہونا بہتری ہے۔

وزیراعظم کا بیرون ملک مقیم پاکستان کے ریکارڈ ترسیلات زر بھیجنے پر اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے بیرون ملک مقیم پاکستان کے ریکارڈ ترسیلات زر بھیجنے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بیرون ملک مقیم پاکستان نے مئی میں ریکارڈ 14اعشاریہ 3ارب ڈالر ترسیلات زر بھیجے ہیں۔ وزیراعظم نے ریکارڈ ترسیلات زر بھیجنے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ترسیلات زر میں اضافہ نہایت خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ مئی 2026 میں سمندر پار پاکستانیوں کی جانب سے ماہانہ بنیاد پر 20اعشاریہ 2فیصد اور سالانہ بنیاد پر 15اعشاریہ 4فیصد اضافہ ہوا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ سمندر پار پاکستانیوں کا ملکی معیشت پر اعتماد اور مثبت شراکت داری ہمارا قومی سرمایہ ہے۔

آزاد کشمیر کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں، چوہدری شجاعت

چند تخریب کار عناصر کی وجہ سے پوری قوم کو غدار قرار دینا کسی طور پر درست نہیں

مسائل کا حل مذاکرات، برداشت، افہام و تفہیم اور سیاسی مکالمے میں ہے، بیان

لاہور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ کے صدر چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ وہ آزاد جموں و کشمیر کی موجودہ صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں اور پاکستان مسلم لیگ ہمیشہ کی طرح مثبت، ذمہ دار اور فیصلہ کن کردار ادا کرے گی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام محب وطن ہیں، چند شرپسند عناصر انہیں گمراہ نہیں کر سکتے، چند تخریب کار عناصر کی وجہ سے پوری قوم کو غدار قرار دینا کسی طور درست نہیں، مسائل کا حل مذاکرات، برداشت، افہام و تفہیم اور سیاسی مکالمے میں ہے۔ دریں اثنا آزاد کشمیر الیکشن کمیشن نے پاکستان مسلم لیگ (آزاد جموں و کشمیر) کی رجسٹریشن کی توثیق کر دی ہے۔ پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی سیکرٹری جنرل طارق حسن نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں مسلم لیگ کی رجسٹریشن سیاسی سرگرمیوں میں ایک اہم اور مثبت پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ آزاد کشمیر کی سیاست میں مؤثر، متحرک اور اہم کردار ادا کرے گی اور عوامی مسائل کے حل، سیاسی استحکام اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ پارٹی ترجمان و مرکزی سیکرٹری اطلاعات مصطفیٰ ملک کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (آزاد جموں و کشمیر) آئندہ انتخابات میں چوہدری شجاعت حسین کی قیادت میں بھرپور حصہ لینے کے لیے مختلف سیاسی، سماجی اور تنظیمی حلقوں سے مشاورت کر رہی ہے۔ مصطفیٰ ملک نے بتایا کہ پارٹی رجسٹریشن کی توثیق پر شہریوں، سیاسی و مذہبی رہنماؤں اور کارکنوں نے چوہدری شجاعت حسین کو مبارکباد پیش کی ہے۔ کشمیری مہاجرین نے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کو مکمل تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی ہے۔

ZAM ZAM MARKET
International
Foods & Halal Meat
AS - SALAM HAND SLAUGHTER CHICKEN
& WE ONLY SELL HALAL MEAT
پاکستانی، انڈین، بنگلہ دیشی، افغانی اور مڈل ایسٹرن گروسری انتہائی مناسب قیمتوں پر دستیاب ہے
WE ACCEPT VISA, MASTER CARD, & FOOD STAMP
YOUR SATISFACTION IS OUR PLEDGE TO YOU
BUSINESS HOURS
MON-SAT 10AM - 9PM
SUN & BANK HOLIDAY
10AM - 8PM
703-491-6666
HAND SLAUGHTERED
ORGANIC Halal Chicken
14794 Build America Drive. Woodbridge VA 22191

Niralla
Sweets & Restaurant
Brookfield Plaza, Springfield Virginia
www.nirallasweets.com
نرالا سویٹس اینڈ ریسٹورنٹ

We Cater For All Occasions
Ph: 703-923-9460
7038 Spring Garden Dr. Springfield,
VA 22150, Fax: 703-923-9465

FAIR PRICE
INTERNATIONAL
Halal Meat & Grocery
فیئر پرائس انٹرنیشنل حلال میٹ اینڈ گروسری
احسان فرم کے اینٹی بائیوٹک اور ہارمون فری، نوکلورین ویج فیڈ، نوسٹننگ، ہینڈ سلاٹرڈ ذبح حلال چکن یہاں دستیاب ہے
IHSAN FARMS ہماری پہچان احسان فارم
• Hand Cut (Zabeeha) • Hormone Free • No Stunning
• Antibiotic Free • Veggie Fed • No Chlorine
The Name of Quality Better
Service and Incomparable Prices
703 680 1170
13863 SMOKETOWN RD WOODBRIDGE VA 22192

SUPER HALAL
MEAT & GROCERY
GUARANTEED LOWEST PRICES
& SUPER BEST QUALITY
BROOKFIELD PLAZA, SPRINGFIELD VA.
703-866-2024
نیا شاندار اور کشادہ سپر سٹور
سپر حلال میٹ اینڈ گروسری
شمالی ورجینیا کے دل سپرنگ فیلڈ میں شاندار لوکیشن بروک فیلڈ پلازہ میں آپکا اپنا گروسری سٹور
خود آئیں، اور اپنے اہل خانہ کو بھی لائیں
بہترین آرام دہ ماحول میں دیسی گروسری کی شاپنگ کا لطف اٹھائیں۔
ذبیحہ حلال
چکن اور کوالٹی سیفوڈ
ہماری اسپشلٹی: معیاری اور تازہ گوشت، دنبے کا گوشت، بکرے کا گوشت، گائے کا گوشت
تازہ سبزیاں اور ذائقہ دار موسمی پھل دودھ، دہی، دالیں اور ہر قسم کے مصالحہ جات

Cheese Pumpkin
carrot
Lady finger
Sweet Yum
Green Onion
Tomatoes
Caggabe
WE SELL ORGANIC CHICKEN
Pomegranate
Orange
Red graps
Corn
Potatoes
Capsicum
Olive Oil
Flour
National Masala
National Biryani
Onion
ONIONS
Rice
RICE
Goat Meat
Chicken leg pieces
Ice Cream
SWAD CHANA DAL
Chana Dal
National Pickle
Basen
meera GRAM FLOUR
ROSHNI
Moong Dal
Tea Rusk
Mango Juice
Plan Yugurt
DANNON
Eggplant
Apple
Fish

We sell all kind of Fish Hand Slaughtered Halal Meat, Poultry
Indian, Pakistani, Afghani, Middle Eastern
& other International Groceries & Produce.



لاہور: تاریخی شاہی قلعے کے عالمگیری دروازے کا خوبصورت منظر

پاکستان 2025، کے تباہ کن سیلاب میں 822 ارب روپے نقصان

تاریخی مون سون کے نتیجے میں انسانی اور معاشی نقصانات انتہائی سنگین رہے

لاہور (نامہ نگار) 2025 کے تباہ کن سیلابوں نے پاکستان کو 822 ارب روپے کا معاشی نقصان پہنچایا، 1,039 افراد کی جانیں لے لیں اور 40 لاکھ سے زائد لوگوں کو بے گھر کر دیا۔ اقتصادی سروے 2025-26 کے مطابق اس غیر معمولی آفت نے ملکی معیشت کو شدید دھچکا پہنچایا، جس کے باعث حکومت کو حقیقی جی ڈی پی کی شرح نمو کا ہدف 4.2 فیصد سے کم کرکے 3.5 سے 3.9 فیصد کے درمیان مقرر کرنا پڑا۔ سیلاب کو پاکستان کی اقتصادی ترقی کے لیے ایک بڑا منفی عنصر قرار دیتے ہوئے کہا گیا کہ تاریخی مون سون کے نتیجے میں انسانی اور معاشی نقصانات انتہائی سنگین رہے، یہ سیلاب جولائی سے ستمبر 2025 کے دوران غیر معمولی بارشوں کے باعث آئے۔ اس عرصے میں ملک بھر میں اوسط بارش 172.8 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی، جو معمول کی 140.9 ملی میٹر بارش سے 23 فیصد زیادہ تھی۔ بحران اگست کے آخری ہفتے میں شدت اختیار کر گیا جب گلیشیئرز کے تیز پگھلاؤ اور شدید مون سون بارشوں نے دریائے ستلج، راوی اور چناب میں بیک وقت سیلابی صورتحال پیدا کر دی۔ اس مشترکہ سیلابی ریلے نے پنجاب میں بڑے پیمانے پر تباہی مچائی۔ سیلاب سے پنجاب میں 631 ارب روپے کا نقصان ہوا، جو ملک بھر کے مجموعی نقصانات کا 76 فیصد سے زائد ہے، اسی صوبے میں سیلاب سے ہونے والی 77 فیصد اموات اور بے گھر ہونے کے واقعات رپورٹ ہوئے۔ اقتصادی سروے کے مطابق ملک بھر میں بنیادی ڈھانچے کو 307 ارب روپے کا نقصان پہنچا، سڑکوں کے نیٹ ورک کو 187 ارب روپے، رہائشی شعبے کو 91 ارب روپے، پلوں، آبی ڈھانچے اور توانائی کے نظام کو 28 ارب روپے سے زائد نقصان ہوا۔ سروے کے مطابق مجموعی طور پر 2 لاکھ 29 ہزار 763 مکانات شدید متاثر ہوئے یا مکمل طور پر تباہ ہوگئے۔ سیلاب نے روزگار کے شعبے کو بھی شدید متاثر کیا اور 2 لاکھ سے زائد افراد اپنی ملازمتوں سے محروم ہو گئے، جس سے بے روزگاری میں اضافہ ہوا۔ زراعت سب سے زیادہ متاثر ہونے والا شعبہ ثابت ہوئی، جسے 430 ارب روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑا، صرف فصلوں کو 422 ارب روپے کا نقصان پہنچا۔۔۔۔

پنجاب میں مفت سفری سہولت میں رائڈرشپ کی نئی تاریخ رقم

لاہور (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے مفت سفری سہولت کے اعلان کے بعد 4 اپریل سے 12 جون تک 70 دنوں میں تقریباً 9 کروڑ مسافروں نے مفت سفری سہولت حاصل کی اور میٹرو بس سروسز، اورنج لائن میٹرو ٹرین، سپیڈو اور الیکٹرک بسوں سے ہر طبقے کو فائدہ پہنچا۔ رپورٹ کے مطابق ایک ماہ میں اورنج لائن میٹرو ٹرین سے 2 کروڑ 31 لاکھ سے زائد مسافروں نے سفر کیا جبکہ لاہور میٹرو بس سروس سے تقریباً 1 کروڑ 43 لاکھ جبکہ سپیڈو بسز سے 1 کروڑ 8 لاکھ سے زائد مسافروں کو فری سفر کی سہولت حاصل ہوئی۔ اسی طرح پی ایم اے کے تحت لاہور میں چلنے والی گرین الیکٹرک بسوں سے 13 لاکھ سے زائد مسافروں نے فری سفر کیا اور صرف لاہور میں ماس ٹرانزٹ منصوبوں سے تقریباً 4 کروڑ مسافر مفت سفر سے مستفید ہوئے۔

BATS
Expertise in US & Pakistan taxation
Email: malik.altaf@batsllc.org
Website: www.batsllc.org
Professional Tax Services
Don't risk your taxes with false refund promises.
Get your tax returns filed by a qualified IRS Enrolled Agent with 25+ years of experience.
Accuracy, compliance, and professional service guaranteed
Malik Tahir Altaf
IRS Enrolled Agent
Brooklyn Accounting & Tax Service LLC
1755 Bath Avenue Brooklyn NY 11214
Ph: (929) 796-3003

دوکام اور ایک نام۔۔۔ شہباز خان
دیانت داری، خلوص اور محنت پر مبنی قابل اعتبار کاروبار
3 STARS
ARUMI TAG AND TITLE INC.
Tel: 301-725-4343
Tel: 301-725-2660
Email: arumitags@gmail.com
SHAHBAZ A. KHAN
NATIONAL DRIVINGSCHOOL
NATIONAL DRIVING SCHOOL
Ph: 301-725-2660, Cell: 443-474-0757
Web: www.nationaldrivingschool.net
Email: nationaldred@gmail.com
6 N 2nd St. Laurel, Maryland 20707

Punjab Tires & Auto Shop
FOREIGN & DOMESTIC CARS STATE INSPECTION
24 Hours 7 days a week
ٹیکسی اور لیموزین لائیوری کے لیے کال کریں شرطیہ کم ریٹ اور وقت کی پابندی ہمارا شیوہ ہے
Tel: (718)728-5100, FAX: (718)728-5101
30-81 21st Street, Astoria, NY 11102

مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ سے امریکی مشیر ٹیری سٹیئرز گونزالیز کی ملاقات

پاک امریکہ تعلقات کے استحکام سے خطے میں امن اور خوشحالی کو فروغ ملے گا

پاکستان خطے میں امن و استحکام کیلئے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گا، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) مشیر برائے وزیراعظم سیاسی امور اور سابق وفاقی وزیر رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن واستحکام کیلئے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گا۔ سابق وفاقی وزیر رانا ثنااللہ نے امریکی سفارتخانے کے وزیر مشیر برائے سیاسی امور ٹیری سٹیئرز گونزالیز سے ملاقات کی جس میں پاک امریکہ دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امریکی نمائندے نے خطے میں امن واستحکام کیلئے پاکستان کے مثبت کردار کو سراہا۔ وزیر مشیر برائے سیاسی امور ٹیری سٹیئرز گونزالیز نے کہا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان مذاکرات کے فروغ کیلئے پاکستان کی سفارتی کاوشیں قابل تحسین ہیں، علاقائی امن کے قیام کیلئے پاکستان کا کردار اہم اور قابل قدر ہے۔ مشیر وزیراعظم نے کہا ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ مسائل کے حل

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 12»

25 لاکھ مہاجرین کشمیر کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، وزیر دفاع

پرتشدد مظاہروں کا کوئی جواز نہیں، ہم کشمیریوں کو پاکستانی سمجھتے ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ 25 لاکھ مہاجرین کشمیر کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، ان کی نشستیں ختم کرنے کا مطالبہ عام انتخابات میں عوام کے سامنے رکھا جائے، وہ ووٹ کی پرچی سے اس کا فیصلہ کریں گے، پرتشدد مظاہروں کا کوئی جواز نہیں، ہم کشمیریوں کو پاکستانی سمجھتے ہیں، حیرت ہے اتنی نفرت کہاں سے آئی، پی ٹی آئی کے بانی قانونی عمل کے تحت قید ہیں، اپوزیشن اس ایوان کا تقدس پامال نہ کرے، ہماری قیادت نے بھی قید کاٹی ہے تاہم ہم نے سسٹم کو ڈی ریل کیا نہ اس ایوان کا تقدس پامال کیا۔ جمعرات کو قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری تمام قیادت قید میں رہی، پیپلز پارٹی کی قیادت قید میں رہی، ہم نے ضرور اس پر احتجاج کیا تاہم ہم نے اس ایوان کے تقدس کو داؤ پر نہیں لگایا، ہم نے احتجاج کیلئے متعلقہ فورم استعمال کیے، ہم نے سسٹم کو چیلنج نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ شریف فیملی کے سیاست کرنے والے اور سیاست نہ کرنے والے تمام افراد کے خلاف کارروائی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے یہاں صرف بانی کی رہائی کی بات کرنے کے علاوہ کوئی پارلیمانی کارروائی میں حصہ نہیں لیا، یہ ادارہ سپریم ہے تاہم ایک شخص کے لئے اس کا استحقاق دو سال سے مجروح کیا جا رہا ہے، یہ ملک قائم ودائم رہے گا، افراد اور شخصیات آتی جاتی رہتی ہیں، ہر ایک نے یہاں سے جانا ہے، اگر ان کا لیڈر قید میں ہے تو اس کو جواز بنا کر اس ایوان کی کارروائی میں رکاوٹ نہ ڈالی جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ رویہ درست نہیں، یہ لیڈرشپ کی ہدایات پر عملدرآمد کرنے کی کوشش کرتے ہیں، پی ٹی آئی کے اکثر ممبران چاہتے ہیں کہ ایوان کی کارروائی چلے۔ انہوں نے کہا کہ اس ادارے کو کاری ضربیں لگائی گئی ہیں، اگر ہماری کمزوریاں نہ ہوتیں تو باہر سے آکر کوئی اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتا تھا، یہ سلسلہ بند ہونا چاہیے، یہ اپنے لیڈر کی رہائی کیلئے ضرور ہر فورم پر لڑیں تاہم اس ایوان کو نقصان پہنچانے سے سب کا نقصان ہوگا۔

جوڑ میلہ، 600 سکھ یاتری واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچ گئے

سکھ یاتریوں کو سخت سکیورٹی میں گورودوارہ جنم استھان ننکانہ صاحب روانہ کیا گیا

لاہور (نامہ نگار) متروکہ وقف املاک بورڈ وزارت مذہبی امور کے زیر انتظام سکھ مذہب کے پانچویں گورو ارجن دیو جی کے شہیدی دن (جوڑ میلہ) کی تقریبات میں شرکت کے لئے بھارت سے 600 سکھ یاتری واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچ گئے۔ واہگہ چیک پوسٹ پر صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ، ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز ناصر مشتاق سمیت دیگر نے سکھ یاتریوں کا استقبال کیا۔ پاکستان سکھ گورودوارہ پربندھک کمیٹی کے ممبران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دہلی گورو دوارہ مینجمنٹ کمیٹی کے جتھہ لیڈر سردار پرجیت سنگھ چندوک اور شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے پردھان سردار پرجیت سنگھ بھی جتھے کے ہمراہ پاکستان پہنچے۔ واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان آنے والے سکھ یاتریوں کے امیگریشن اور کلیئرنس کے عمل کو انتہائی تیزی کے ساتھ مکمل کیا گیا۔ واہگہ بارڈر آمد کے بعد سکھ یاتریوں کو سخت سکیورٹی میں گورودوارہ جنم استھان ننکانہ صاحب روانہ کیا گیا۔ جوڑ میلہ کی مرکزی تقریب 16 جون کو گورودوارہ ڈیرہ صاحب لاہور میں ہوگی۔ بھارتی سکھ 10 روزہ دورہ کے دوران گردوارہ جنم استھان ننکانہ صاحب، گردوارہ پنجہ صاحب، گورودوارہ دربار صاحب کرتار پور کی یاترا کریں گے۔ صوبائی وزیر سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے

پاکستان روس تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے خواہاں ہیں، صدر

1300 پاکستانی طلبہ روس کے تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم ہیں، کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد میں روس کے قومی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت آصف علی زرداری نے حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام کی جانب سے روسی قیادت اور عوام کو قومی دن کی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ روس کے قومی دن کی تقریب میں شرکت ان کے لیے باعث مسرت ہے اور یہ تقریب روس کی خودمختاری، شاندار تاریخ، قومی عزم اور عوام کے حوصلے کی عکاس ہے۔ صدر مملکت نے اپنے خطاب میں پاکستان اور روس کے درمیان بڑھتے ہوئے تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک نے گزشتہ برسوں کے دوران اعتماد، باہمی احترام اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے اہم پیشرفت کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے اعلیٰ حکام کے درمیان مسلسل رابطے اور تبادلے اس مثبت پیشرفت کا واضح ثبوت ہیں۔ آصف علی زرداری نے 2011 میں اپنے روس کے دورے کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ اس سفر کی خوشگوار یادیں آج بھی ان کے ذہن میں تازہ ہیں۔۔۔

کروڑوں آمدن پر عائد سپر ٹیکس ختم کرنے کی تجویز

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے 15 سے 50 کروڑ روپے کی آمدنی پر عائد سپر ٹیکس ختم کرنے کی تجویز دے دی۔ بجٹ تقریر میں وفاقی وزیر نے کہا کہ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ ہماری حکومت نے کاروبار سے 15 کروڑ روپے سے 50 کروڑ روپے تک کی آمدنی نے سیلابس پر عائد سپر ٹیکس ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل سپر ٹیکس کی شرح 6 سلیبس کی شکل میں 1 سے ساڑھے 7 فیصد تک عائد تھی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اسی طرح 50 کروڑ روپے سے زائد آمدنی پر سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد تھی۔

کراچی سے محبت پیپلز پارٹی والوں سے زیادہ کوئی نہیں کرسکتا، وزیراعلیٰ

کراچی (نامہ نگار) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ کراچی سے محبت پیپلز پارٹی والوں سے زیادہ کوئی نہیں کرسکتا، ہمارے وسائل بہت کم ہیں، پھر بھی پوری توانائی لگا رہے ہیں۔ کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ شہر میں بڑے منصوبوں پر کام کر رہے ہیں، ملیر میں عظیم پورہ پل کو ریکارڈ وقت میں مکمل کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کراچی کے لئے پانی اور ٹرانسپورٹ سمیت اہم شعبوں میں کام ہو رہے ہیں، ایمپریس مارکیٹ شہر کا تاریخی ورثہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگوں کو عوام کی تکلیف میں مزہ آتا تھا، اس شہر میں روز سیکڑوں لوگ مارے جاتے تھے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ ہم شہر کے اور صوبے کے لوگوں کے لئے کام کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔

شمالی وزیرستان، 72 گھنٹوں میں آپریشنز کے دوران 48 خوارج ہلاک

راولپنڈی (نامہ نگار) شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 72 گھنٹوں کے دوران مجموعی طور پر 48 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے میران شاہ و گردونواح میں خوارج کے خلاف کارروائیاں کیں جس میں فتنہ الخوارج کے 21 دہشتگرد ہلاک ہوئے جن میں خارجی خالد، خارجی مفتون، خارجی موسیٰ اور خارجی عمران کو بھی ہلاک کردیا گیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ اب تک 72 گھنٹوں میں آپریشنز کے دوران 4 رنگ لیڈرز سمیت مجموعی طور پر 48 خوارج مارے گئے جن کے قبضے سے اسلحہ سمیت گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے۔

بھارت مقبوضہ کشمیر میں عالمی قوانین کی دھجیاں اڑا رہا ہے، حریت کانفرنس

بھارت بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی دھجیاں اڑا کر کشمیریوں کو انکے بنیادی انسانی حقوق سے منظم طریقے سے محروم کر رہا ہے

بھارت کشمیریوں کے حق خودارادیت کو ظالمانہ طریقے سے دبانے کیساتھ ساتھ ان کی زمینوں اور جائیدادوں پر بھی قبضہ کر رہا ہے

سرینگر (نیوز ڈیسک) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ بھارت تمام بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی دھجیاں اڑا کر کشمیریوں کو ان کے بنیادی انسانی حقوق سے منظم طریقے سے محروم کر رہا ہے۔ حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈوکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ مودی حکومت کالے قوانین کا غلط استعمال کرکے کشمیریوں کو من مانے طریقے سے گرفتار اور نظر بند کر رہی ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے اور جعلی ڈومیسائل فراہم کرکے علاقے میں غیر کشمیریوں کو آباد کرنے کی مذمت کی۔ ترجمان نے کہا کہ بھارت کشمیریوں کے حق خودارادیت کو ظالمانہ طریقے سے دبانے کے ساتھ ساتھ ان کی زمینوں اور جائیدادوں پر بھی قبضہ کر رہا ہے۔ راجوری کے علاقوں کیمیر موگلہ اور ڈوریمل میں بھارتی فوج کا آپریشن آج مسلسل 19ویں روز بھی جاری رہا جہاں گھنے جنگلات سے مسلسل شدید فائرنگ اور دھماکوں کی آوازیں آرہی ہیں۔ محکمہ صحت میں یومیہ اجرت پر کام کرنے والے ملازمین نے جموں میں حکومت کی مزدور دشمن پالیسیوں کے خلاف زبردست احتجاج کیا۔ متحدہ محاذ کے بینر تلے احتجاج کرنے

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 11»

تعلیمی میدان میں پاکستان کیلئے عالمی سطح پر غیر معمولی کامیابی

لاہور (نامہ نگار) پاکستان کے نجی تعلیمی ادارے نے عالمی سطح پر ملک کے لئے غیر معمولی کامیابی حاصل کی ہے، بین الاقوامی ادارے کیو ایس سٹارز نے یونیورسٹی آف لاہور کو مجموعی طور پر ''فائیو سٹار ریٹنگ'' اور ''ریٹڈ ایکسیلنٹ'' کے اعزاز سے نوازا ہے۔ تفصیلات کے مطابق یہ اعزاز عالمی شہرت کے حامل ادارے کوا کیریلی سمنڈز (کیو ایس) کے آزادانہ اور جامع جائزے کے بعد دیا گیا جس میں یونیورسٹی کی کارکردگی کا مختلف اعشاریوں اور عالمی معیار کے مطابق تفصیلی تجزیہ کیا گیا۔ نتائج کے مطابق یونیورسٹی آف لاہور نے 9 میں سے 7 اہم شعبوں میں فائیو سٹار ریٹنگ حاصل کی۔ ان شعبوں میں تدریس، تحقیق، طلبہ و تدریسی سہولیات، روزگار کے مواقع، طبی تعلیم، ماحولیاتی اثرات، تنوع، مساوات اور شمولیتی نظام شامل ہیں۔ جبکہ عالمی روابط اور بہتر انتظامی طرز حکمرانی کے شعبوں میں یونیورسٹی کو فور سٹار ریٹنگ دی گئی۔

صوبہ کے حقوق کیلئے ہم سب کو ملکر کردار ادا کرنا ہوگا، فیصل کریم کنڈی

سب سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کے باوجود بجلی لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

پشاور (نامہ نگار) گورنر ہاؤس پشاور میں پیپلز لائرز فورم میں وکلاء کی شمولیتی تقریب منعقد ہوئی جس میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر محمد علی شاہ باچا، پیپلز لائرز فورم کے صدر گوہر رحمان خٹک ایڈوکیٹ، سینیئر نائب صدر پیپلز لائرز فورم اعجاز مہمند، سینئر وکیل اور ممبر کے پی بار کونسل خضر حیات خزانہ ایڈوکیٹ سپریم کورٹ، جنرل سیکرٹری لاجبر خان ایڈوکیٹ، سینئر وکلاء اور نوجوان وکلاء سمیت پی پی پی رہنماؤں ڈپٹی جنرل سیکرٹری پی پی پی ملک سعید، ڈویژنل صدر مصباح الدین، ڈاکٹر جانباز اور دیگر نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر 14 خواتین وکلاء سمیت 70 نوجوان وکلاء نے پیپلز لائرز فورم میں شمولیت اختیار کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے پی ایل ایف کو شاندار شمولیتی پروگرام پر خراج تحسین پیش کیا اور پی ایل ایف میں شمولیت اختیار کرنیوالے نوجوان وکلاء کو پیپلز پارٹی کی جانب سے خوش آمدید کہا اور مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ بہت جلد صوبہ میں پی ایل ایف مزید مضبوط ہوگا۔ گورنر نے کہا کہ صوبائی حکومت گذشتہ تیرہ سالوں سے صوبہ کا مقدمہ وفاق کے سامنے پیش نہیں کر سکا۔ خیبر پختونخوا 508 ایم ایم سی ایف ڈی گیس پیدا کرتا ہے جبکہ صوبے کی مجموعی ضرورت صرف 180 ایم ایم سی ایف ڈی ہے، آئین پاکستان کے مطابق صوبائی وسائل پر پہلا حق متعلقہ صوبے کا تسلیم شدہ ہے تاہم اس کے باوجود صوبہ پر سی این جی بند کی گئی ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے خود وزیراعظم سے اس حوالے سے بات کی، اس کے بعد صوبائی اسمبلی میں سپیکر کی جانب اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے کے حقوق کیلئے متفقہ طور پر آواز بلند کی گئی اور پھر 48 گھنٹے میں وفاقی حکومت کی جانب سے سی این جی کی بندش کا خاتمہ کیا گیا۔۔۔



لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ واہگہ بارڈر پر سکھ یاتریوں کو جی آیاں نوں کہہ رہے ہیں

WE PRINT EVERYTHING
FOR ALL YOUR PRINTING NEEDS
گرافک ڈیزائننگ اور ہر قسم کی پرنٹنگ ڈیزائن کیلئے رابطہ کریں
Our Services:
- Car Stickers
- Letter Heads
- Business Cards
- Flyers & Brochure
- News Letters
- Sign Boards
- Calenders
- Stickers & Labels
- Advertising
- Banner & Tags
- Graphic Designing
- Website Designing
- Mobile Application
- Social Media Marketing
- Search Engine Optimization and Much More
Great Design at Affordable Prices
Cell: 718-509-5522, 917-348-3974
Email: manzhussain72@yahoo.com, vniwvssamad@yahoo.com

UNITED PEDIATRICS
ANOOP SINGH MD, FAAP
BOARD CERTIFIED PEDIATRICIAN
بچوں کے ماہر معالج
OVER 30 YEAR OF EXPERIENCE
First Location:
7819 18th Ave, Brooklyn NY 11214
Ph: 718-265-5437, 718-265-KIDS
Second Location:
5413 5th Ave, Brooklyn NY 11220
Ph: 718-492-5437, 718-492-KIDS

بقیہ نمبر 01

سب سے زیادہ تعداد ہے۔ اس طرح پاکستان نے 135 ممالک کو پیچھے چھوڑتے ہوئے عالمی درجہ بندی میں سرفہرست مقام برقرار رکھا۔ یہ اسکالرشپس یورپی یونین کے ایراسمس پلس پروگرام کے تحت دی جاتی ہیں، جن کے ذریعے اس سال مجموعی طور پر 1,872 طلبہ کو وظائف دیے گئے۔ اعداد و شمار کے مطابق بنگلہ دیش 180 اسکالرشپس کے ساتھ دوسرے، بھارت 75 کے ساتھ تیسرے، امریکا 68 کے ساتھ چوتھے اور اٹلی 67 کے ساتھ پانچویں نمبر پر رہا۔

بقیہ نمبر 02

آتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کے رش سے متعلق شکایات موصول ہوتی ہیں، جبکہ نجی ہسپتالوں پر بھی دباؤ بڑھ رہا ہے۔ وزیرِ صحت نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے عوامی مفاد میں حکومت کی تجویز کو قبول کیا جس کے نتیجے میں کئی سال بعد صحت سہولت پروگرام کو دوبارہ فعال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جڑواں شہروں کے 42 ہسپتالوں میں صحت سہولت پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے، جہاں مستحق مریضوں کو مفت علاج کی سہولت فراہم کی جائے گی، یہ پروگرام اسلام آباد کی حدود میں نافذ العمل ہوگا۔ سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کی ایک رپورٹ کے مطابق ایک کروڑ 30 لاکھ افراد غربت کی لکیر سے نیچے جا چکے ہیں جبکہ دو ارب گزشتہ پانچ ماہ کے دوران مریضوں کے علاج پر خرچ کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پروگرام کے تحت تمام معلومات اور اخراجات کا ریئل ٹائم ڈیٹا جمع کیا جا رہا ہے اور کسی بھی قسم کی بے ضابطگی یا خامی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وفاق اور صوبوں کا مجموعی صحت بجٹ 1,156 ارب روپے ہے لیکن اس کے باوجود مریضوں کے اطمینان کی شرح 10 فیصد سے زیادہ نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ یونیورسل ہیلتھ کوریج کے حوالے سے ایک جامع مطالعہ کروایا گیا ہے جس کے مطابق تقریبا 210 ارب روپے کے وسائل سے صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کی جا سکتی ہیں، تاہم اس مقصد کے لیے ملک بھر میں تقریبا پانچ ہزار نئے ہسپتال درکار ہوں گے۔

بقیہ نمبر 03

امریکہ کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور صحت کے شعبے میں تعاون کے نئے مواقع تلاش کیے جا سکیں۔ ڈاکٹر بابر راؤ نے خصوصی طور پر صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ اور چیئرمین پاکستان۔ امریکہ بزنس کونسل ایف پی سی سی آئی ملک سہیل حسین کو اس وفد کی قیادت کرنے کی دعوت دی۔ مجوزہ دورے کا مقصد دونوں ممالک کے کاروباری، صنعتی، سرمایہ کاری اور طبی شعبوں کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین پاکستان۔ امریکہ بزنس کونسل ایف پی سی سی آئی اور صدر حافظ آباد چیمبر ملک سہیل حسین اور بیرسٹر سید حسنین کاظمی کی جانب سے ڈاکٹر بابر راؤ کے اعزاز میں عشائیہ دیا گیا۔ تقریب میں کاروباری، سفارتی اور طبی شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی اور پاکستان۔ امریکہ اقتصادی تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امریکی سفارتخانے کی ناظم الامور محترمہ نٹالی اے بیکر کی جانب سے پولیٹیکل اکنامک آفیسر ڈیوڈ موریسن نے تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر نائب صدر ایف پی سی سی آئی جناب طارق خان جدون، سابق ممبر ایف بی آر ڈاکٹر ارسلان سبکتگین، امریکہ کی ریاست ورجینیا سے ممتاز کاروباری شخصیت ڈاکٹر ندیم کھوکھر، ڈائریکٹر ایف پی سی سی آئی عمر ہاشمی سمیت دیگر معزز شخصیات بھی موجود تھیں۔ ڈاکٹر بابر راؤ نے اپنے خطاب میں کہا کہ امریکہ میں مقیم پاکستانی نژاد ڈاکٹرز، سرمایہ کار اور کاروباری شخصیات دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی، پیشہ ورانہ اور ثقافتی تعلقات کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ امریکہ میں ایف پی سی سی آئی کے تجارتی وفد کے اعزاز میں "اپنا" کے معالجین خصوصی عشائیے کا اہتمام کریں گے، جس میں پاکستانی نژاد امریکی سرمایہ کاروں، کاروباری رہنماؤں اور پیشہ ور افراد کے ساتھ ملاقاتوں کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ مجوزہ تجارتی وفد امریکہ میں ٹیکسٹائل، زراعت، صحت، رئیل اسٹیٹ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری اور کاروباری مواقع سمیت مختلف شعبوں میں بزنس ٹو بزنس ملاقاتوں اور شراکت داریوں کے امکانات کا جائزہ لے گا۔ اس اقدام کا مقصد دوطرفہ تجارت کے فروغ، سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے اور دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے درمیان موثر روابط قائم کرنا ہے۔ ملک سہیل حسین نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان۔ امریکہ بزنس کونسل ایف پی سی سی آئی دونوں ممالک کے نجی شعبوں کے درمیان مضبوط اور پائیدار روابط کے قیام کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ تجارتی وفد پاکستانی کاروباری برادری کے لیے امریکی منڈی میں نئے مواقع تلاش کرنے، سرمایہ کاری کو فروغ دینے اور اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دینے میں معاون ثابت ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان کاروباری برادریوں کے روابط میں اضافہ نہ صرف اقتصادی ترقی اور سرمایہ کاری کے فروغ کا باعث بنے گا بلکہ دونوں ممالک کے درمیان عوامی سطح پر تعلقات کو بھی مزید مضبوط کرے گا۔ تقریب کے شرکاء نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایف پی سی سی آئی کا آئندہ امریکی تجارتی وفد دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی، تجارتی اور پیشہ ورانہ تعلقات کو نئی جہت فراہم کرے گا اور باہمی تعاون کے مزید مواقع پیدا کرے گا۔

بقیہ نمبر 04

جس سے مستحق خاندانوں کو مزید سہولت ملنے کا امکان ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے سولر پینلز اور اسٹیشنری پر 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد کرنے کا دباؤ بھی واپس لے لیا ہے۔ حکومت کی درخواست پر سولر پینلز پر 18 فیصد سیلز ٹیکس نافذ نہ کرنے کی تجویز زیرِ غور ہے جبکہ آئندہ بجٹ میں سولر پینلز پر سیلز ٹیکس 10 فیصد برقرار رہنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح وزیراعظم شہباز شریف طلبہ اور والدین کے لیے بھی ریلیف حاصل کرنے میں کامیاب رہے۔ ذرائع کے مطابق اسٹیشنری پر مجوزہ 18 فیصد سیلز ٹیکس عائد نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ اسٹاک مارکیٹ اور تمباکو مصنوعات پر ٹیکسز میں کسی بڑی تبدیلی کا امکان نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 05

کو یقین دلایا تھا کہ معیشت درست سمت میں گامزن ہے اور بجٹ میں پیش کیے گئے اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ پاکستان معاشی استحکام سے ترقی کی جانب بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی ترقی کا یہ سفر مسلسل ہوتا ہے اور اس کی کوئی آخری منزل نہیں ہوتی تاہم حکومت نے محدود مالی وسائل کے باوجود دستیاب گنجائش کو زیادہ سے زیادہ عوامی فلاح، معاشی سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے استعمال کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ کی تیاری کے دوران تنخواہ دار طبقے خصوصاً کم آمدنی والے ملازمین کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح تھی۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ حکومت نے تنخواہ دار طبقے کے نچلے درجے کے افراد پر ٹیکس کا بوجھ کم کرنے کیلئے اقدامات کیے ہیں تاکہ مہنگائی اور معاشی دباؤ سے متاثر ہونے والے طبقات کو سہولت مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 06

حل نہ ہوئے تو اس بات کا پختہ یقین ہے کہ اس کے جموں و کشمیر کے متنازعہ علاقے کے لیے تباہ کن نتائج برآمد ہوں گے۔ جو لوگ بین الاقوامی برادری میں جموں و کشمیر کاز کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں، اگر یہ بحران حل کیے بغیر جاری رہتا ہے تو انہیں ایک اہم اتحادی کھونے کا خطرہ ہے۔ مختصراً، آزاد کشمیر ایک اہم دوراہے پر کھڑا ہے۔ آگے بڑھنے کے لیے نہ صرف فوری معاشی شکایات کا ازالہ کیا جائے بلکہ آئینی بنیادوں اور تاریخی اصولوں کی بھی حفاظت کی ضرورت ہے جو کشمیریوں کی جدوجہد کو طویل عرصے سے بیان کرتے رہے ہیں۔ پائیدار استحکام محاذ آرائی سے نہیں بلکہ جامع مذاکرات، ذمہ دارانہ طرز حکمرانی اور انصاف اور جمہوری احتساب کے لیے مشترکہ عزم کے ذریعے آئے گا۔ ایک ایسے دور میں جب سیاسی بیانیے اکثر لوگوں کو علاقائی اور نظریاتی خطوط پر تقسیم کرنے کی کوشش کرتے ہیں، یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ ہندوستان کے مقبوضہ کشمیر اور آزاد کشمیر کے لوگوں کو جوڑنے والے بندھن نمایاں طور پر لچکدار رہے ہیں۔ ان رشتوں کی جڑیں محض جغرافیہ، مذہب یا سیاست میں نہیں بلکہ مشترکہ تاریخ، ثقافت اور وقار اور امن کی اجتماعی خواہش میں جڑی ہوئی ہیں۔ کشمیری مزاحمتی اور سیاسی تحریک کے قائدین نے جس حوالے سے آزاد کشمیر کے عوام کا ساتھ دیا ہے وہ انتہائی اہم ہے۔ سید علی گیلانی، محمد یاسین ملک، شبیر احمد شاہ اور بہت سے دوسرے لوگوں نے تسلیم کیا کہ آزاد کشمیر کے لوگ ایک منفرد مقام پر فائز ہیں۔ ایک ایسے ماحول میں رہتے ہوئے جہاں وہ آزادانہ طور پر منظم، متحرک اور وکالت کر سکتے تھے، وہ بین الاقوامی سطح پر کشمیری کاز کے فطری سفیر بن گئے۔ حال ہی میں، 2024 سے، آزاد کشمیر کے لوگ مراعات کا نہیں بلکہ جوابدہ طرز حکمرانی، معاشی انصاف اور اپنے جمہوری حقوق کے احترام کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ان کی آواز سننے کے لائق ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ جمہوریت کے نام پر کی جانے والی کسی بھی اصلاحات کو نادانستہ طور پر کشمیر کاز کی سیاسی اور آئینی بنیادوں کو کمزور نہیں کرنا چاہیے۔ اس لیے آزاد کشمیری قیادت کے سامنے دوہرا چیلنج ہے، اپنے شہریوں کے فوری تحفظات کو دور کرتے ہوئے ان اصولوں کو برقرار رکھتے ہوئے جنہوں نے تاریخی طور پر سابق ریاست جموں و کشمیر کے تمام خطوں میں کشمیریوں کو متحد کیا ہے۔ سٹیٹ مین شپ کے لیے بیک وقت دونوں مقاصد حاصل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ موجودہ بدامنی کی جڑیں 2024 میں شدت اختیار کرنے والے معاشی بحران سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔ بڑے پیمانے پر احتجاج اور ہڑتالوں کا سامنا کرتے ہوئے، آزاد جموں و کشمیر کی حکومت نے عوامی ایکشن کمیٹی (AAC) کی طرف سے اٹھائے گئے متعدد مطالبات کے جواز کو تسلیم کیا اور عوامی مشکلات کو کم کرنے کے لیے اقدامات کے سلسلے کا اعلان کیا۔ ان میں آٹے پر سبسڈی، مقامی پن بجلی کی پیداواری لاگت کی عکاسی کرنے کے لیے بجلی کے نرخوں میں کمی، اور حکمران اشرافیہ کے اراکین کو حاصل کچھ مراعات کو کم کرنے کے اقدامات شامل تھے۔ ان وعدوں کی حمایت کے لیے 23 ارب روپے کے مالیاتی پیکج کی منظوری دی گئی۔ اگرچہ ان اقدامات سے عارضی طور پر تناؤ کم ہوا، لیکن تنازعہ ختم نہیں ہوا۔ بہت سے کارکنوں اور کمیونٹی لیڈروں کا کہنا ہے کہ وعدہ شدہ اصلاحات پر عمل درآمد نامکمل یا ضرورت سے زیادہ تاخیر کا شکار ہے۔ ان کا عدم اطمینان ہر جگہ حکومتوں کو درپیش ایک وسیع چیلنج کی عکاسی کرتا ہے، عوام کا اعتماد محض وعدوں پر نہیں بلکہ بروقت اور ظاہری کارروائی پر منحصر ہے۔ تحریک کا تازہ ترین مرحلہ معاشی خدشات سے آگے بڑھ گیا ہے۔ 2025 میں، AAC نے ایک جامع چارٹر پیش کیا جس میں 38 مطالبات تھے۔ پاکستان میں مقیم کشمیریوں، خاص طور پر جموں اور وادی کشمیر سے تعلق رکھنے والے کشمیریوں کے لیے مختص آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کی بارہ مخصوص نشستوں کو ختم کرنے کی تجویز سب سے زیادہ نتیجہ خیز ہے۔ اس تجویز کے حامیوں کا موقف ہے کہ یہ نشستیں آزاد کشمیر میں مقیم افراد کو قانون سازی کا اثر و رسوخ دے کر جمہوری نمائندگی کو مسخ کرتی ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ منتخب اداروں کو بنیادی طور پر ان لوگوں کی نمائندگی کرنی چاہیے جو علاقے میں رہتے ہیں اور براہ راست اس علاقے میں حکمرانی کے نتائج کا تجربہ کرتے ہیں۔ یہ دلیل قابل غور ہے۔ جمہوری نظام نمائندگی، احتساب اور حکومت کرنے والوں کی رضامندی سے قانونی حیثیت حاصل کرتے ہیں۔ کوئی بھی ادارہ جاتی انتظام جو ان اصولوں سے متصادم نظر آئے وہ فطری طور پر جانچ پڑتال اور بحث کو دعوت دے گا۔ تاہم، ایک اور جہت ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ مہاجرین کی مخصوص نشستیں محض سیاسی رہائش کے طور پر نہیں بنائی گئی تھیں۔ یہ کمیونٹیز آزاد کشمیر سے باہر رہنے کے باوجود وسیع تر کشمیری قومی بیانیے کا لازمی حصہ بنی ہوئی ہیں۔ مخصوص نشستیں اس دیرینہ آئینی موقف کو تقویت دیتی ہیں کہ ریاست جموں و کشمیر ایک متنازعہ علاقہ ہے، جس کی حتمی حیثیت کا تعین اس کے عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا باقی ہے۔ عقل غالب آنی چاہیے تھی۔ بات چیت کا آغاز ہونا چاہیے تھا۔ مشکل حالات میں بات چیت کو آگے بڑھانے کے اصول کو آزاد کشمیر کے حالیہ واقعات سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیے تھی۔ تعمیری بات چیت کا آغاز بڑھنے سے روک سکتا تھا اور اسٹیک ہولڈرز کے درمیان باہمی افہام و تفہیم کو فروغ دیتا تھا۔ پاکستان نے مسلسل بین الاقوامی برادری کے سامنے یہ ثابت کیا ہے کہ کھلے مذاکرات اور بات چیت ممکن ہے، چاہے انتہائی سخت حالات میں بھی۔ مصروفیت کے اس عزم نے پاکستانی حکام، سویلین اور فوجی دونوں کے لیے وسیع پیمانے پر پہچان اور تعریف حاصل کی ہے، جنہوں نے تنازعات کو تصادم کی بجائے بات چیت کے ذریعے حل کرنے کا انتخاب کیا ہے۔ پاکستان کی ثابت شدہ صلاحیت کے پیش نظر متضاد فریقوں کو ایسے حالات میں اکٹھا کرنے کی صلاحیت ہے جو کبھی ناممکن نظر آتے تھے، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آزاد کشمیر میں اس کامیاب تکنیک کو کیوں استعمال نہیں کیا گیا؟ اگر بات چیت نے پہلے گہری تقسیم کو ختم کیا ہے، تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اسی طرح کے طریقوں سے نشستوں کے خاتمے اور دیگر مطالبات کے گرد موجود تعطل کو دور کرنے میں مدد مل سکتی تھی۔

بقیہ نمبر 07

مفتی محمد جان نعیمی صاحب نے عظمت صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اہل بیت اطہار علیہم الرضوان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اہل سنت و جماعت ہمیشہ ان مقدس ہستیوں کی محبت، ادب اور تعظیم کا درس دیتی رہی ہے۔ صحابہ کرام اور اہل بیت عظام کی شان میں گستاخی، بے ادبی اور توہین کسی صورت برداشت نہیں کی جا سکتی۔ انہوں نے حکومت وقت سے مطالبہ کیا کہ ایسے عناصر کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے جو معاشرے میں انتشار اور فرقہ واریت کو فروغ دے رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزارات اولیائے کرام رشد و ہدایت، محبت، اخوت اور اصلاح معاشرہ کے مراکز ہیں۔ بعض عناصر مزارات اہل سنت اور اولیائے کرام کے خلاف بے بنیاد پروپیگنڈا کر کے انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں، جس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں۔ بغیر ثبوت اور دلیل کے مزارات کے خلاف مہم چلانا تعصب، جہالت اور گمراہی ہے۔ اہل سنت و جماعت مزارات اولیاء کے تقدس کے تحفظ کو اپنا دینی فریضہ سمجھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خانقاہ عالیہ لواری شریف برصغیر کی عظیم روحانی خانقاہوں میں شمار ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 08

بوجھ نہیں ڈالا جائے گا، مذاکرات کی کامیابی پر اسحاق ڈار کا شکر گزار ہوں، سیاسی انداز میں قومی ضروریات پوری کرنا بڑی کامیابی ہے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ اپوزیشن کے زیر انتظام صوبے بھی قومی اتفاق رائے میں شامل ہیں، کشمیر کی موجودہ صورتحال انتہائی تشویشناک ہے، کشمیری اور پاکستانی عوام کشمیر کے حالات پر فکرمند ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ بھارت اور اسرائیل کا گٹھ جوڑ پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہا ہے، ریاستی مفاد کو ذاتی پسند ناپسند پر ترجیح دینی چاہیے، کوئی حکومت قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دے سکتی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ مسائل کے سیاسی حل کی حامی رہی ہے، کشمیر میں پیپلز پارٹی کو حکومت سازی سے محروم رکھا گیا، عمران خان کے دور میں پی پی کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا، آزاد کشمیر میں کٹھ پتلی حکومت قائم کی گئی۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ پی ڈی ایم دور میں بھی پیپلز پارٹی کو حق نہیں دیا گیا، آزاد کشمیر میں سیاسی قیادت کو نظرانداز کرنے کے نتائج سامنے آئے۔ گزشتہ چھ سات ماہ میں پیدا ہونے والا سیاسی خلا پر کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کشمیر میں ہماری کارکردگی بہت اچھی رہی، سیاسی جماعتوں کو سپیس نہ ملے تو غیر جماعتی عناصر جگہ بنا لیتے ہیں، کشمیر کے مسائل کا حل سیاسی عمل اور جمہوری نمائندگی میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چھ سات ماہ میں پیدا ہونے والا سیاسی خلا پر کیا، کشمیر میں ہماری کارکردگی بہت اچھی رہی، سیاسی جماعتوں کو سپیس نہ ملے تو غیر جماعتی عناصر جگہ بنا لیتے ہیں، کشمیر کے مسائل کا حل سیاسی عمل اور جمہوری نمائندگی میں ہے۔

بقیہ نمبر 09

رہائی کے لیے حکومت پاکستان تمام ممکنہ سفارتی اور ادارہ جاتی سطح پر کوششیں کر رہی ہے، تاہم صورتحال انتہائی پیچیدہ ہونے کے باعث اب تک پیش رفت محدود رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق یرغمال پاکستانی شہری ایک کارگو جہاز پر موجود ہیں، جن کے ساتھ دیگر ممالک کے عملے کے ارکان بھی شامل ہیں، حکومت پاکستان مسلسل اس معاملے پر صومالی حکام، مقامی فریقین اور جہاز کے مالک سے رابطے میں ہے تاکہ یرغمالیوں کی جلد از جلد بحفاظت واپسی ممکن بنائی جا سکے۔ ترجمان نے بتایا کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے دو روز قبل صومالی وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک گفتگو کی، جس میں انہوں نے نہ صرف پاکستانی شہریوں بلکہ دیگر یرغمال افراد کی صورتحال بہتر بنانے پر بھی زور دیا، اس موقع پر پاکستان نے اس معاملے پر اپنی شدید تشویش سے آگاہ کیا اور فوری اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ طاہر اندرابی کے مطابق اسلام آباد میں صومالی سفیر کو بھی طلب کر کے اس معاملے پر پاکستان کے تحفظات سے آگاہ کیا گیا، جبکہ وزارت خارجہ میں اس حوالے سے بین الوزارتی اجلاس بھی منعقد کیے گئے ہیں تاکہ ایک مربوط حکمت عملی کے تحت پیش رفت کو یقینی بنایا جا سکے۔ پاکستان نے مشرق وسطی اور خلیجی خطے میں کشیدگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ جنگ بندی کے معاہدوں کا احترام کریں اور تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کا راستہ اختیار کریں۔ ترجمان کے مطابق پاکستان کا موقف ہے کہ خطے کے تمام دیرینہ مسائل کا حل صرف بات چیت اور سفارتی کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ پاکستان ہمیشہ سے پرامن حل اور کشیدگی میں کمی کی حمایت کرتا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے اس سلسلے میں مختلف علاقائی اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ رابطے جاری رکھے ہیں تاکہ امن اور استحکام کو فروغ دیا جا سکے۔ پاکستان کی کوشش ہے کہ کسی بھی نئی کشیدگی سے خطے میں انسانی جانوں کے نقصان اور عدم استحکام سے بچا جا سکے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان اپنے اصولی موقف کے مطابق تمام تنازعات کے پرامن حل اور مذاکراتی عمل کی حمایت جاری رکھے گا، اور خطے میں استحکام کے لیے تعمیری سفارت کاری میں اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

بقیہ نمبر 10

کے تحت ضم اضلاع کو بھی شامل کیا جائے گا جو صوبے کے عوام کے لیے ایک خوش خبری ہے۔ نیشنل اکنامک کونسل کے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ اجلاس میں خیبر پختونخوا کے عوام کا مقدمہ بھرپور انداز میں پیش کیا گیا اور صوبے کے آئینی، مالی اور ترقیاتی حقوق کے تحفظ کیلئے واضح موقف اختیار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ 180 دن کے اندر این ایف سی ایوارڈ کو اپڈیٹ کرنے کیلئے باقاعدہ اجلاس منعقد کیے جائیں گے، تاہم اگر مقررہ مدت میں اتفاق رائے نہ ہو سکا تو صدر مملکت کو سمری بھجوا کر صدارتی آرڈر کے ذریعے این ایف سی ایوارڈ اپڈیٹ کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نئے این ایف سی ایوارڈ میں ضم شدہ اضلاع کا مالی حصہ شامل کیا جائے گا جو خیبر پختونخوا کے عوام خصوصاً ضم شدہ علاقوں کے لیے ایک بڑی خوش خبری ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ضم شدہ اضلاع کے تیز رفتار عمل درآمد پروگرام میں مجوزہ کٹوتی مذاکرات کے بعد کافی حد تک بہتر ہوئی ہے تاہم صوبائی حکومت نے مزید بہتری کے لیے بھی بھرپور مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ضم شدہ اضلاع کے سالانہ ترقیاتی پروگرام اور اے آئی پی میں مزید بہتری لائی جائے گی تاکہ وہاں کے عوام کو ترقیاتی ثمرات بروقت پہنچ سکیں۔ وزیر اعلیٰ نے آئین کے آرٹیکل 151 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اشیائے ضروریہ کی آزادانہ نقل و حمل یقینی بنانا وفاق کی آئینی ذمہ داری ہے، تاہم اگر اس آرٹیکل پر عمل درآمد ممکن نہیں تو پھر آئین کے اس شق کو ختم کر کے صوبوں کو اپنی پالیسی اختیار کرنے کی اجازت دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاسکو کے ساتھ طے شدہ معاہدے کے تحت ایک لاکھ 75 ہزار ٹن گندم مقررہ نرخ پر خیبر پختونخوا کو فراہم کی جائے گی اور وفاقی حکومت نے یقین دہانی کرائی ہے کہ گندم کی قیمت میں اضافہ نہیں کیا جائے گا۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت ملک بھر میں امن و امان کے قیام کیلئے سب سے زیادہ سرمایہ کاری کر رہی ہے اور 15 اکتوبر 2025 سے اب تک پولیس، محکمہ انسداد دہشت گردی اور اسپیشل برانچ کی استعداد کار بڑھانے پر 30 ارب روپے سے زائد خرچ کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس، سی ٹی ڈی اور اسپیشل برانچ کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے تاکہ عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ وفاق کے ساتھ ورکنگ ریلیشن صوبے اور عوام کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے آگے بڑھائے جائیں گے، این ای سی اور این ایف سی اجلاس میں شرکت صوبے کے حقوق اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعلیم، صحت اور امن و امان صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، احساس پروگرام، شیلٹر ہومز، زمنگ کور اور کوئی بھوکا نہ سوئے جیسے فلاحی منصوبے بھی کامیابی کے ساتھ جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحت کارڈ چیئرمین عمران خان کا انقلابی منصوبہ ہے جس کے ذریعے خیبر پختونخوا کے ہر شہری کو مفت علاج کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا پاکستان کے مجموعی جنگلات میں تقریباً 45 فیصد حصہ ڈال رہا ہے، صوبے کے کل رقبے کا 26.7 فیصد حصہ جنگلات پر مشتمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگلات کے مزید فروغ کیلئے خصوصی فنڈ مختص کیا جائے گا اور نجی اراضی پر اگائے گئے درختوں کو کاٹنے کے بجائے صوبائی حکومت خود خریدے گی اور مالکان کو ادائیگی کرے گی تاکہ شجرکاری کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ بنجر اراضی پر شجرکاری کرنے والے افراد کو حکومت ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی تاکہ صوبے میں جنگلات کے رقبے میں مزید اضافہ کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 11

والے کارکنوں نے اس حکمنامے کی مذمت کی جس میں انہیں حاضری کے لیے موبائل ایپ پر ذاتی تفصیلات اپ لوڈ کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ سوپور میں کئی علاقوں کی خواتین نے پینے کے پانی کی شدید قلت کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے سڑک کو بند کر دیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ وہ گزشتہ ایک ماہ سے دریاؤں کا غیر محفوظ پانی پینے پر مجبور ہیں جس سے بچوں اور بزرگوں کی صحت کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ اوڑی کے علاقے کمل کوٹ میں قائم ایک فوجی کیمپ میں سامان کی نقل و حمل کے دوران دستی بم پھٹنے سے دو بھارتی فوجی ہلاک ہو گئے۔ سرینگر جموں ہائی وے پر ایک سڑک حادثے میں بھارتی پیرا ملٹری بی ایس ایف کے دو اہلکار زخمی ہو گئے۔ ڈائریکٹوریٹ آف انفارمیشن اینڈ پبلک ریلیشنز نے کشمیر کے سب سے بڑے اردو روزنامے "کشمیر عظمیٰ" کو اپنی مطبوعات کی سرکاری فہرست سے خارج کر دیا ہے۔ میڈیا حلقوں نے اس اخراج کو من مانی اور سیاسی انتقام قرار دیا۔ بی جے پی حکومت نے جموں کے علاقے بٹھنڈی میں دو بھائیوں کے مکانات مسمار کر دیے۔ بھارت کی بدنام زمانہ تہاڑ جیل میں کالے قانون یو اے پی اے کے تحت تقریباً ساڑھے تین سال سے نظربند انسانی حقوق کے معروف کشمیری کارکن خرم پرویز کو دہلی ہائی کورٹ نے ضمانت دے دی۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد کشمیر شاخ نے اسلام آباد میں منعقدہ ایک تقریب میں ممتاز حریت رہنماؤں سعد اللہ تانترے اور مصدق عادل کو ان کی برسیوں پر شاندار خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ نمبر 12

کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کو ترجیح دی ہے، پاک امریکہ تعلقات کے استحکام سے خطے میں امن اور خوشحالی کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کیلئے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گا، دونوں ممالک کے درمیان مضبوط شراکت داری خطے کے روشن اور پرامن مستقبل کی ضامن ہے۔

بقیہ نمبر 13

ترکی کے لیے بھی خطرہ بن رہے ہیں، انقرہ کی سلامتی ان دونوں ممالک کی سلامتی سے جڑی ہوئی ہے۔ ان کے مطابق اسرائیل کی جارحیت پوری دنیا کے لیے خطرہ ہے اور اسے روکا جانا چاہیے۔ نیوز کے مطابق ترکی اسرائیل کے ایران، غزہ اور لبنان پر حملوں کا سخت ترین ناقد رہا ہے اور وہ اسے خطے میں امن کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ قرار دیتا ہے۔ ترکی نے اسرائیل کے ساتھ تمام تجارتی تعلقات معطل کر دیے ہیں اور اس کے خلاف بین الاقوامی عدالتوں میں اقدامات کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ صدر اردوان نے یہ بھی کہا کہ اسرائیل افریقی ممالک اور بحیرہ روم کے خطے کو غیر مستحکم کرنے کی خاموش کوشش کر رہا ہے، جس کے تحت وہ قبرص کے منقسم جزیرے میں نسلی اختلافات کو ہوا دے کر اختلاف کی آگ کو بھڑکا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ چھوٹے گروہ، جن کی خواہشات ان کے حجم سے کہیں زیادہ ہیں، اسرائیل کی شرانگیز پالیسیوں کا حصہ بن چکے ہیں اور مشرقی بحیرہ روم میں کچھ غیر حقیقی خواب دیکھ رہے ہیں۔ اردوان نے خبردار کیا کہ کسی کو بھی مہم جوئی نہیں کرنی چاہیے۔ ہم سب کو واضح طور پر بتانا چاہتا ہوں کہ اگر مشرقی بحیرہ روم میں ترکی اور ترک قبرصیوں کے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی تو ہمارا ردعمل بالکل واضح اور سخت ہوگا۔ واضح رہے کہ ایران کے ہمسایہ ملک ترکیہ نے امریکا۔ ایران جنگ کے آغاز کا ذمہ دار اسرائیل کی اشتعال انگیزیوں کو قرار دیا ہے۔ اردوان نے عالمی طاقتوں سے اپیل کی کہ وہ اسرائیل کے خلاف زیادہ واضح موقف اختیار کریں، کیوں کہ ان کے مطابق اسرائیل کو بین الاقوامی برادری کی خاموشی مزید جرات دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کو قانون کی حدود میں واپس لانا صرف چند ممالک کی نہیں بلکہ پوری انسانیت کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 14

معاشی اصلاحات کے ثمرات وقت کے ساتھ سامنے آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو روایتی طرز فکر سے نکل کر اپنے ترقیاتی پیراڈائم کو تبدیل کرنا ہوگا، تاکہ معیشت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جا سکے۔ ان کے مطابق ملک معاشی بحالی کے راستے پر گامزن ہے اور مختلف شعبوں میں بہتری کے آثار نمایاں ہو رہے ہیں، جنہیں مستقل مزاجی اور موثر پالیسیوں کے ذریعے مزید مستحکم بنایا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 15

نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی گلگت بلتستان میں اکثریت کو تسلیم کرنا ایک جمہوری روایت کا تسلسل ہے، ہم وزیراعظم پاکستان کی جانب سے حکومت بنانے کی دعوت کے مثبت اقدام کو تحسین کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اتفاق رائے کے نتیجے میں گلگت بلتستان کا گورنر اور ڈپٹی اسپیکر کا منصب مسلم لیگ (ن) کا ہوگا، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے عوام کی خدمت میں اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائے گی۔ اس موقع پر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان کے عوام کا خصوصی طور پر شکریہ بھی ادا کیا اور کہا کہ ہم پر اعتماد کر کے گلگت بلتستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت بنانے والے عوام نے ہمیں ایک ذمہ داری دی ہے کہ ہم ان کے حق ملکیت، حق روزگار اور آئینی حقوق کے تحفظ کو ممکن بنائیں گے اور پاکستان پیپلز پارٹی اپنی یہ ذمہ داری خوش اسلوبی سے نبھائے گی۔

بقیہ نمبر 16

معاشی گنجائش پیدا ہوگی، عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے گا اور آئندہ مالی سال کا بجٹ اسی عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کی اصلاحاتی کوششوں میں سرفہرست ایف بی آر اصلاحات ہیں اور ملکی تاریخ میں اس نوعیت کی وسیع اور موثر اصلاحات کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ایف بی آر کا پورا ڈھانچہ سفارش اور سیاسی مداخلت سے پاک بنایا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آج کوئی افسر کسی سفارش کرے کہ اسے کسٹمز کی کسی مخصوص پوسٹ پر تعینات کر دیا جائے تو شام تک متعلقہ افسر کی معطلی کا حکم میری ٹیبل پر ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سیاسی کلچر میں نمایاں تبدیلی آئی ہے، اب لوگ سفارش یا اپروچ کے لیے رجوع نہیں کرتے اور یہ کلچرل چینج اس وقت ممکن ہوا جب اس کا آغاز اعلیٰ سطح سے ہوا اور وزیراعظم نے خود اس عمل کی قیادت کی۔

بقیہ نمبر 17

امریکہ کی جنگ سے پوری دنیا سمیت خطے میں صورتحال غیر معمولی ہے، اس لیے ہم سمجھتے ہیں کہ ملک کے دفاع کو مضبوط سے مضبوط ترین بنانے کیلئے وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔

بقیہ نمبر 18

فوجی کارروائیوں کو فوری اور مستقل طور پر ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیے ہیں۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا کہنا ہے کہ امریکا کی جانب سے انہوں نے اور صدر ٹرمپ نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ ان کے مطابق ایران کی طرف سے ایرانی پارلیمانی اسپیکر باقر قالیباف نے دستخط کیے۔ پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف نے اس بڑی کامیابی کا باضابطہ اعلان کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر لکھا کہ طویل اور مشکل مذاکرات کے بعد ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے بہت خوشی ہو رہی ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان امن معاہدہ طے پا گیا ہے اور اس معاہدے پر باقاعدہ دستخط کی تقریب 19 جون بروز جمعہ سوئٹزرلینڈ میں ہوگی۔ وزیراعظم نے اس امن عمل میں مدد کرنے پر سعودی عرب، ترکیہ اور خاص طور پر قطر کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہم برادر ملک قطر کی عظیم قیادت کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں جن کی حمایت نے اس معاہدے تک پہنچنے میں بیحد اہم اور قابل قدر خدمات انجام دیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس ہفتے ثالثی کرنے والے ملک مزید ملاقاتیں کروائیں گے تاکہ آگے کے تکنیکی مذاکرات اور دستخط کی تقریب کو اچھے طریقے سے پورا کیا جا سکے۔ دوسری طرف امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی اس بڑی کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے سب کو مبارکباد دی اور اپنے سوشل میڈیا پر سب کو مبارکباد دیتے ہوئے لکھا کہ ایران کے ساتھ امن معاہدہ مکمل ہو گیا ہے اور جمعہ کو اس عظیم ڈیل پر دستخط کے بعد سمندر کا اہم راستہ یعنی آبنائے ہرمز کھول دیا جائے گا۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ اس عظیم ڈیل سے پورے خطے میں امن ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھ سے پہلے کے تمام امریکی صدور ایران کے ساتھ امن معاہدہ کرنے کی کوششوں میں ناکام ہو گئے تھے، لیکن خطے کے رہنماؤں کو پہلی بار کوئی ایسا صدر ملا ہے جس نے ان کی اصل امن کے حصول میں سچی مدد کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جمعہ کو سمندر سے بارودی سرنگوں کو ہٹانے کے بعد ڈیل پر دستخط ہوں گے جس کے بعد تیل لانے اور لے جانے والے جہاز دونوں طرف سے آسانی سے گزر سکیں گے۔ امریکی حکام کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ، نائب صدر جے ڈی وینس اور ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر دیے ہیں۔ معاہدے میں لبنان شامل نہیں ہے۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہونا شروع، اسٹاک مارکیٹس میں تیزی۔ معاہدے کے باوجود اسرائیل نے پیر کو لبنان پر پھر حملے کیے ہیں۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ امن معاہدے پر دستخط جمعے کو سوئٹزرلینڈ میں کیے جائیں گے اور اس موقع پر ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی پارلیمنٹ اسپیکر باقر قالیباف بھی موجود ہوں گے۔ ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کو ایران کو کوئی ٹول ٹیکس ادا نہیں کرنا پڑے گا تاہم یہ ٹول فری آمدورفت عارضی بھی ہو سکتی ہے۔ دوسری جانب ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ ابھی یہ واضح نہیں کہ ایران کی جانب سے معاہدے پر کون دستخط کریگا۔ معاہدے کا مطلب یہ نہیں کہ ہم امریکی و اسرائیلی جرائم کو معاف کر دیں گے یا بھول جائیں گے، دستخطوں کے بعد تکنیکی مذاکرات کا پہلا راؤنڈ ہوگا۔ ٹول ٹیکس نہیں لیکن ہرمز میں خدمات کی فیس ضرور وصول کریگا۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق اس معاہدے میں خاص شرط شامل ہے کہ ایران ایٹمی ہتھیار نہیں بنائے گا اور آبنائے ہرمز کو فوراً کھولا جائے گا۔ صدر ٹرمپ نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ ہمیں ایران سے ایٹمی مواد نکالنے کی کوئی جلدی نہیں ہے، یہ کام بعد میں بھی کیا جا سکتا ہے اور اس معاہدے کے بدلے ایران کو کوئی نقد رقم یا پیسہ نہیں دیا جائے گا۔ ادھر ایران نے بھی اس امن معاہدے کے طے پانے کی باقاعدہ تصدیق کر دی ہے۔ ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ہے کہ اتوار کے روز لبنان پر اسرائیلی حملے کے بعد، ایران کی جانب سے معاہدے کے کاغذات میں تجویز کی گئی کچھ تبدیلیاں قبول کر لی گئی ہیں، جس کے بعد امریکا کے ساتھ مختلف محاذوں پر جاری جنگ اور عسکری کارروائیاں فوری طور پر ختم کرنے کے عمل پیر سے ہی شروع کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس معاہدے پر باضابطہ دستخط کی تقریب جمعہ کو ہوگی اور اس کے بعد ہی اس کا متن عوام کے سامنے لایا جائے گا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم دیکھیں گے کہ امریکا اپنے وعدوں کی کتنی پاسداری کرتا ہے اور جب ہمیں اس بات کا پورا یقین ہو جائے گا تو پھر حتمی معاہدے تک پہنچنے کے لیے 60 دنوں کا مذاکراتی عمل شروع ہوگا۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ ان 60 دنوں کے مذاکرات میں جوہری معاملات، ایران کے روکے گئے پیسوں کی بحالی، ناکہ بندی کے خاتمے، جنگ کی مکمل بندش، ایران پر لگی اقتصادی پابندیوں کو ہٹانے اور ایران کی دوبارہ تعمیر نو کے طریقوں پر تفصیلی بات چیت ہوگی۔ تاہم انہوں نے خبردار بھی کیا کہ اگر امریکا نے معاہدے کی پاسداری نہ کی تو ایران اس کا سخت ردعمل دے گا۔ ایران کے سرکاری ٹی وی نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے اپنی بہترین حکمت عملی سے امریکا کو اس معاہدے پر مجبور کیا ہے اور صدر ٹرمپ کی اپیل پر اسرائیل پر ہونے والا ممکنہ جوابی حملہ بھی منسوخ کر دیا ہے۔ ایران کے خاتم الانبیاء ہیڈکوارٹرز نے اپنی قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ کے حکم سے امریکا اور اسرائیل کو شکست فاش ہوئی ہے اور ایرانی قوم کی مرضی دشمن پر مسلط کر دی گئی ہے، ہم اپنی مسلح افواج اور مزاحمت کاروں کی ثابت قدمی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اس تاریخی امن معاہدے کا دنیا بھر میں بڑے پیمانے پر خیر مقدم کیا جا رہا ہے۔ قطر کے وزیراعظم شیخ محمد بن عبدالرحمن بن جاسم آل ثانی نے اس کا خیر مقدم کرتے ہوئے اپنے بیان میں کہا کہ ہم اپنے برادر ملک پاکستان کا، نیز ان تمام علاقائی اور بین الاقوامی فریقوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس مفاہمت تک پہنچنے کے لیے ایک اچھا ماحول پیدا کرنے میں اپنا کردار ادا کیا، اور ہمیں امید ہے کہ تمام فریق آئندہ کے مذاکرات میں بھی مثبت اور تعمیری جذبے کے ساتھ حصہ لیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ قطر ہمیشہ امن کی کوششوں اور دنیا میں سلامتی کو فروغ دینے والے اقدامات کا حامی رہے گا۔ قطر کے ساتھ ساتھ دنیا کے بڑے ممالک جیسے برطانیہ، جرمنی اور فرانس نے بھی اس معاہدے کی کھل کر حمایت کی ہے۔ برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ میں اس امن معاہدے پر امریکا، پاکستان، قطر اور دیگر فریقین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اب آبنائے ہرمز میں بغیر کسی رکاوٹ کے کشتیوں اور جہازوں کی آمدورفت بحال ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 19

ہے کہ جنیوا میں امریکا اور ایران کے درمیان معاہدے کی تقریب کی میزبانی پاکستان کرے گا۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ جنگ کی تاریک رات کے بعد امن کا سورج طلوع ہو گیا ہے، امریکا اور ایران نے تمام محاذوں پر فوجی کارروائی کے مستقل خاتمے کا اعلان کر دیا ہے، فریقین نے مشکل حالات میں صبر، تحمل اور دانشمندی کا دامن نہیں چھوڑا۔ وزیراعظم نے کہا کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنیوا میں ہونے والی امن معاہدے کی تقریب کی میزبانی پاکستان کرے گا، پاکستان سمیت پوری عالمی دنیا کو اس پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ پارٹی قیادت، اپنی پارٹی کے لیڈر نواز شریف کا بھی تہہ دل سے شکر گزار ہوں جن کی رہنمائی مجھے ہر وقت میسر ہے، صدر مملکت آصف زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور تمام پارٹی کے سربراہوں کو مبارکباد دیتا ہوں، یہ صرف دو ممالک کے درمیان معاہدہ نہیں بلکہ یہ امن اور مکالمے کی فتح ہے، یہ سفارتکاری کی کامیابی ہے اور جنگ کی تباہی ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ اس معزز ایوان کے حوالے سے امریکا کے صدر ٹرمپ، ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای، ایرانی صدر اور امن عمل میں شریک دونوں ٹیمز کے تمام ممبران کو مبارکباد دیتا ہوں، فریقین نے مشکل حالات میں مدبر، دانش اور صبر کا ہاتھ نہ چھوڑا، مذاکرات کے نازک، کٹھن اور صبر آزما عمل میں قطر کے امیر کے بھرپور تعاون کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، قطر کے امیر نے انتہائی مثبت کردار ادا کیا، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور ترکیے کے صدر کی دور اندیش قیادت اور بھرپور تعاون کا بھی شکرگزار ہوں۔ ذرائع کے مطابق امریکا ایران معاہدے کی تقریب جنیوا میں منعقد ہوگی جس میں وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ شریک ہوں گے۔

بقیہ نمبر 20

موجود تھیں جب ایک نامعلوم شخص ان کے قریب آیا اور ان کے کپڑوں کے اوپر نامناسب حرکات کیں۔ واقعے کے بعد ملزم موقع سے پیدل فرار ہو گیا اور اس کا کوئی سراغ نہ مل سکا۔ پولیس نے بتایا کہ اس واقعے میں کسی قسم کے جسمانی زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی، تاہم اسے ایک سنگین جنسی ہراسانی کا واقعہ قرار دیا گیا ہے اور تحقیقات جاری ہیں۔ نیویارک پولیس نے واقعے سے متعلق مشتبہ شخص کی تصاویر جاری کرتے ہوئے عوام سے اپیل کی ہے کہ اگر کسی کو اس شخص یا واقعے کے بارے میں معلومات ہوں تو وہ فوری طور پر رابطہ کریں۔ پولیس کے مطابق شہری این وائی پی ڈی کرائم اسٹاپرز ہاٹ لائن پر 1-800-577-TIPS(8477) پر کال کر سکتے ہیں، جبکہ ہسپانوی زبان میں 1-888-57-PISTA(74782) پر بھی اطلاع دی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ معلومات آن لائن Crime Stoppers ویب سائٹ یا X (سابقہ ٹوئٹر) پر @NYPDTips کے ذریعے بھی فراہم کی جا سکتی ہیں۔ پولیس نے یقین دہانی کرائی ہے کہ تمام موصول ہونے والی معلومات کو مکمل طور پر خفیہ رکھا جائے گا اور اطلاع دینے والے افراد کی شناخت ظاہر نہیں کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 21

اور فرانس کی دو دو شارٹ فلمیں دکھائی گئیں۔ اس موقع پر شرکا سے بات کرتے ہوئے سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے کہا کہ اس ایونٹ کی میزبانی ہماری ثقافتی مکالمے اور تخلیقی تعاون سے وابستگی کا واضح اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان فلموں کے ذریعے ہم پاکستان سے متعلق دقیانوسی تصورات ختم کرنا چاہتے ہیں، پاکستان ایک قدیم تہذیب ہے لیکن پسماندہ نہیں، پاکستان نے ہمیشہ علم، وسعتِ قلبی اور لبرل ازم کے جذبے کی آبیاری کی ہے۔

بقیہ نمبر 22

ٹروپیکانا ارینا میں ہونے والے اس مقابلے نے نہ صرف کھیل کے شائقین کو متاثر کیا بلکہ پاکستانی امریکن کمیونٹی کے لیے بھی فخر کا ایک نیا باب رقم کر دیا۔ راجہ جہاں زیب، معروف سماجی و فلاحی شخصیت راجہ ساجد آف پوران کے بھتیجے اور راجہ رضوان کے صاحبزادے ہیں۔ انہوں نے پروفیشنل مڈل ویٹ مقابلے میں اپنے سے زیادہ وزنی اور طاقتور سمجھے جانے والے حریف کا بھرپور اعتماد کے ساتھ سامنا کیا۔ آغاز ہی سے جارحانہ حکمتِ عملی اپناتے ہوئے انہوں نے چاروں راؤنڈز میں حریف کو دباؤ میں رکھا اور اپنی برتری واضح کر دی۔ مقابلے کے دوران کئی مواقع پر راجہ جہاں زیب کے تابڑ توڑ حملوں نے حاضرین کو اپنی نشستوں سے کھڑا ہونے پر مجبور کر دیا۔ ہزاروں تماشائیوں سے بھرے ہال میں پاکستانی کمیونٹی اپنے نوجوان ہیرو کی حوصلہ افزائی کرتی رہی، جبکہ خاندان کے افراد بھی جذباتی انداز میں ان کی کامیابی کے لیے دعاگو نظر آئے۔ اس کامیابی کا سب سے یادگار لمحہ اس وقت سامنے آیا جب راجہ جہاں زیب نے فتح کے فوراً بعد رنگ میں مائیک سنبھالتے ہوئے "فری فلسطین" کا نعرہ بلند کیا اور اپنی کامیابی فلسطینی عوام کے نام کر دی۔ ان کے اس اعلان کو حاضرین نے بھرپور پذیرائی دی اور اسے مظلوم فلسطینی عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی قرار دیا۔ بعد ازاں گلوبل ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں راجہ جہاں زیب نے کہا کہ انہیں معلوم تھا کہ ان کا حریف جسمانی طور پر زیادہ مضبوط ہے، تاہم انہوں نے مکمل تیاری اور حکمتِ عملی کے ساتھ مقابلے میں حصہ لیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مقصد صرف ناک آؤٹ کرنا نہیں بلکہ پورے مقابلے میں اپنی برتری ثابت کرنا تھا، جس میں وہ کامیاب رہے۔ جیسے ہی فاتح کے طور پر ان کا نام پکارا گیا، پورا ہال "نعرۂ تکبیر، اللہ اکبر" اور "پاکستان زندہ باد" کے نعروں سے گونج اٹھا۔ پاکستانی پرچم فضا میں لہرانے لگے اور شائقین نے اپنے ہیرو کا والہانہ استقبال کیا۔ اس کامیابی کے ساتھ راجہ جہاں زیب نے پروفیشنل مڈل ویٹ چیمپئن شپ اپنے نام کر لی، جبکہ وہ اس سے قبل لائٹ ویٹ ٹائٹل بھی جیت چکے ہیں۔ اس موقع پر راجہ ساجد آف پوران کی خدمات کو بھی سراہا گیا، جنہوں نے پاکستانی کمیونٹی کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی انتظامات کیے۔ ان کی کاوشوں کے باعث بڑی تعداد میں پاکستانی اس تاریخی کامیابی کے گواہ بنے۔ اٹلانٹک سٹی کے ٹروپیکانا ارینا میں منعقد ہونے والا یہ مقابلہ صرف ایک کھیلوں کا ایونٹ نہیں تھا بلکہ پاکستانی امریکن کمیونٹی کے اتحاد، قومی وقار اور نوجوان نسل کے بلند حوصلوں کی ایک خوبصورت مثال بن کر سامنے آیا۔ راجہ جہاں زیب کی یہ کامیابی آنے والے برسوں تک پاکستانیوں کے لیے باعث فخر اور تحریک کا ذریعہ رہے گی۔

بقیہ نمبر 23

ذرائع کے حوالے سے رپورٹ میں بتایا ہے کہ ایران نے حالیہ ہفتوں کے دوران اپنے جوہری اثاثوں کے تحفظ کے لیے غیر معمولی حفاظتی اقدامات کیے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ان اقدامات میں زیرِ زمین سرنگوں کو بند کرنا اور داخلی راستوں کو بارودی سرنگوں سے محفوظ بنانا شامل ہے۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ تقریباً نصف ٹن انتہائی افزودہ یورینیم تک رسائی اب پہلے کے مقابلے میں زیادہ مشکل اور خطرناک ہو چکی ہے۔ اس ذخیرے کا بڑا حصہ وسطی ایران میں واقع اصفہان کی جوہری تنصیب کی زیرِ زمین سرنگوں میں موجود ہے جبکہ کچھ مواد دیگر مقامات پر بھی منتقل کیا گیا ہے۔ مزید کہا گیا ہے کہ مئی کے وسط میں امریکی فوج نے ان جوہری ذخائر پر ممکنہ کارروائی کی تیاری کی تھی تاہم اسے بعد میں موخر کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 24

حریف کو شکست دی اور اس کے سپورٹر جشن منانے کے لیے سڑکوں پر نکلے۔ اس دوران کچھ لوگ آتش بازی کرتے رہے جبکہ نعرے لگا کر بھی اپنی خوشی کا اظہار کرتے رہے۔ تاہم اس دوران ہی صورت حال خراب ہونا شروع ہوئی اور افراتفری پھیلنے کے بعد ورلڈ کپ کے شائقین کو لے جانے والی ایک بس کو آگ لگ گئی جبکہ یہ کہا جا رہا ہے کہ آگ لگائی گئی۔ اسی طرح ایک نوجوان گولی لگنے سے بھی زخمی ہوا۔ نیو یارک نکس نے 1973 کے بعد پہلی بار یہ چیمپئن شپ جیتی ہے اور وہ تیسری بار فائنل میں پہنچی تھی۔ اس سے قبل وہ 1994 اور 1999 میں فائنل میں پہنچنے میں کامیاب ہوئی تھی لیکن ایک بار سان انتونیو سپرز اور دوسری مرتبہ ہوسٹن راکٹس سے شکست کھائی تھی۔ تاہم سنیچر کی رات ٹیم نے سان انتونیو سپرز کو شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ نیو یارک پولیس کے ایک افسر کا کہنا ہے کہ رات تقریباً دو بجے ٹائمز سکوائر میں جشن کے دوران صورت حال خراب ہونا شروع ہوئی اور اس دوران ایک نوجوان کو گولی لگی۔ ان کے مطابق پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تین مشتبہ افراد کو حراست میں لیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق جشن رات گئے تک جاری رہا اور اس دوران ٹائمز سکوئر کے قریب سینکڑوں افراد نے بسوں کے اس قافلے کو گھیر لیا جو ورلڈ کپ کے شائقین کو لانے اور لے جانے کے لیے شٹل سروس کے طور پر کام کر رہی ہیں۔ تقریباً 15 بسیں اس ہجوم میں پھنس گئیں جب وہ فٹ بال کے شائقین کو واپس لا رہی تھیں اور وہ مراکش اور برازیل کے درمیان ہونے والے میچ کے بعد لوگوں کو لے جا رہی تھیں۔ رپورٹس کے مطابق کچھ افراد بسوں کی چھتوں پر چڑھ گئے جبکہ کچھ نے اندر گھس کر ڈرائیور کی سیٹ سنبھالی اور ڈرائیور کو نیچے اتار دیا گیا۔ اسی دوران کرائے پر حاصل کی گئی ایسی ہی ایک بس کو آگ لگا دی گئی۔ موقع پر موجود ایک صحافی کا کہنا ہے کہ انہوں نے اپنی آنکھوں سے بس کو شعلوں کی لپیٹ میں دیکھا۔ ابتدائی طور پر یہ واضح نہیں ہوا کہ اس واقعے میں گولی لگنے سے زخمی ہونے والے نوجوان کے علاوہ کوئی زخمی ہوا ہے یا نہیں تاہم اس ہجوم نے تین مزید شٹل بسوں کو بھی نقصان پہنچایا۔ خبر رساں ادارے کے بعد اس ہجوم میں ایک ایسے شخص کو بھی دیکھا گیا جس کے چہرے سے خون بہہ رہا تھا تاہم یہ فوری طور پر واضح نہیں ہو سکا کہ اسے کو چوٹ کیسے لگی۔ اس موقع پر موجود 49 سالہ مراکشی نژاد کینیڈین یوسف صابر کا کہنا ہے کہ وہ بھی گھیرے میں آنے والی ایک بس میں سوار تھے، ان کا کہنا ہے کہ لوگ جشن منا رہے تھے مگر کسی حد تک پرتشدد انداز میں۔ پولیس کی جانب سے سڑکوں کو اس وقت رکاوٹیں لگا کر بند کیا گیا جب افراتفری کی صورت حال پھیلی اس کے بعد خصوصی لباس میں ملبوس اہلکار موقع پر پہنچے اور ہجوم کو منتشر کرنے کی کوششیں کیں۔

بقیہ نمبر 25

وعدے بھی دیکھ چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹرمپ نے نئی جنگیں شروع کی ہیں لیکن اخراجات کم نہیں کیے، اور اس سے امریکی عوام کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ دوسری جانب کانگریس مین سیتھ مولٹن نے مجوزہ معاہدے کو سخت الفاظ میں تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے بنیادی طور پر ہتھیار ڈالنے کی دستاویز قرار دیا۔ انہوں نے ایم ایس این بی سی کو دیے گئے انٹرویو میں کہا کہ یہ ایک انتہائی خراب معاہدہ ہے، یہ دراصل ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے سپریم لیڈر کے سامنے ہتھیار ڈالنے کی دستاویز ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تقریباً 100 ارب ڈالر ٹیکس دہندگان کا پیسہ پہلے ہی اس جنگ میں خرچ ہو چکا ہے، 14 امریکی ہلاک ہو چکے ہیں، اور ہمیں ایسا معاہدہ مل رہا ہے جو ایک ایسی آبنائے کو دوبارہ کھول دیتا ہے جو اس جنگ کے شروع ہونے سے پہلے بھی کھلی ہوئی تھی۔ تو یہ کیسے ایک کامیابی ہے؟

بقیہ نمبر 26

طور پر اذیت رسانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ان خواتین کی وکیل ایملی ٹروسٹل نے بتایا کہ ان میں سے ایک خاتون عیسائیت قبول کر چکی ہیں جبکہ دوسری جمہوریت نواز کارکن ہیں۔ امریکی محکمہ خارجہ اور وسطی افریقی جمہوریہ کی صدارت نے اس معاملے پر تبصرے کی درخواستوں کا فوری جواب نہیں دیا۔ وسطی افریقی جمہوریہ نے حال ہی میں امریکا کے ساتھ ایک معاہدہ کیا ہے جس کے تحت وہ تیسرے ممالک کے جلاوطن افراد کو قبول کرے گا۔ ایملی ٹروسٹل کے مطابق دونوں خواتین نومبر 2024 میں امریکا پہنچنے کے بعد حراست میں لے لی گئی تھیں۔ انہوں نے امریکا میں سیاسی پناہ کی درخواست دی تھی اور بعد ازاں امریکی امیگریشن جج کی جانب سے انہیں وِتھ ہولڈنگ آف ریمووَل نامی قانونی تحفظ حاصل ہو گیا تھا۔ اس قانونی تحفظ کے حصول کا مطلب یہ تھا کہ جج نے یہ قرار دیا تھا کہ ایران واپسی کی صورت میں انہیں 50 فیصد سے زیادہ خطرہ لاحق ہے کہ وہ ظلم و ستم یا تشدد کا نشانہ بن سکتی ہیں۔ معاملے سے آگاہ ایک اہلکار نے رائٹرز کو بتایا کہ وسطی افریقی جمہوریہ بھیجے جانے والی پہلی پرواز میں 20 افراد سوار ہوں گے جن میں ایرانیوں کے علاوہ شامی اور افغان شہری بھی شامل ہوں گے۔ ایک ترک شہری، جو سیاسی جبر سے بچنے کے لیے اپنے ملک سے فرار ہوا تھا اور جسے بھی وِتھ ہولڈنگ آف ریمووَل کا تحفظ حاصل ہے، اس پرواز میں شامل ہو سکتا ہے۔ اس شخص کے وکیل نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر یہ معلومات فراہم کیں۔ ٹرمپ انتظامیہ ایسے تیسرے ممالک کے ساتھ معاہدوں کا استعمال کر رہی ہے جہاں ان افراد کو بھیجا جا سکتا ہے جنہیں قانونی وجوہات کی بنا پر ان کے آبائی ممالک واپس نہیں بھیجا جا سکتا۔ ایسے معاہدوں میں وسطی افریقی جمہوریہ کے پڑوسی ملک جمہوریہ کانگو بھی شامل ہے، جہاں اس وقت ایبولا وائرس کے پھیلنے کی اطلاعات ہیں۔ واشنگٹن نے ان معاہدوں کو قانونی قرار دیا ہے، تاہم انسانی حقوق کی تنظیموں اور تارکین وطن کے حامی گروپوں کا کہنا ہے کہ ان معاہدوں کی تفصیلات واضح نہیں ہیں اور کئی جلاوطن افراد بالآخر اپنے اصل ممالک واپس بھیج دیے جاتے ہیں۔ معاملے سے واقف اہلکار کے مطابق جلاوطن افراد کو وسطی افریقی جمہوریہ کے دارالحکومت بنگوئی میں اپارٹمنٹس میں رکھا جائے گا اور انہیں فوری طور پر ان کے آبائی ممالک واپس بھیجنے کا ارادہ نہیں ہے۔ اہلکار نے مزید بتایا کہ اس معاہدے کے تحت بالآخر سینکڑوں تارکین وطن کو وسطی افریقی جمہوریہ منتقل کیا جا سکتا ہے۔ ایرانی امریکن لیگل ڈیفنس فنڈ کے قائم مقام قانونی ڈائریکٹر علی رہنما نے اس منصوبے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ عین اس وقت جب امریکا ایرانی عوام کو آزادی اور اسلامی جمہوریہ کے خلاف کھڑے ہونے کی حمایت کا یقین دلا رہا ہے، وہ اسی حکومت سے فرار ہونے والے ایرانی پناہ گزینوں کو تباہی کی جانب دھکیل رہا ہے۔ علاوہ ازیں امریکی محکمہ داخلی سلامتی نے گزشتہ ہفتے کہا تھا کہ تمام جلاوطن افراد کو مکمل قانونی عمل اور اپنے موقف کے اظہار کا حق فراہم کیا جائے گا۔ بین الاقوامی ادارہ برائے مائیگریشن کے ترجمان نے کہا کہ ادارہ وسطی افریقی حکومت کی درخواست پر بنگوئی پہنچنے والے تارکین وطن کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر محدود امداد فراہم کرے گا۔ ترجمان کے مطابق آئی او ایم ان افراد کی منتقلی کے عمل میں شامل نہیں ہے اور وہ اپنی خدمات مکمل رضاکارانہ بنیادوں اور بین الاقوامی معیارات کے مطابق فراہم کرے گا۔ ایرانی شہریوں کی ممکنہ جلاوطنی کے منصوبے کی خبر سب سے پہلے جمعرات کو امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے شائع کی تھی۔ خیال رہے کہ امریکا اور اسرائیل نے فروری کے آخر میں ایران پر شدید حملے شروع کیے تھے، جس کے بعد شروع ہونے والی جنگ کو اب تین ماہ گزر چکے ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپریل میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ اگر جنگ بندی ہو جاتی ہے تو ان کے خیال میں ایرانی عوام کو حکومت کے خلاف اٹھ کھڑا ہونا چاہیے، تاہم انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا تھا کہ ایسا کرنا ایرانیوں کے لیے انتہائی خطرناک ہو سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 27

سوا کوئی راستہ نہیں رہا۔ ایرانی قومی سلامتی کونسل کے مطابق لبنان سمیت تمام محاذوں پر فوجی کارروائیاں آج رات سے ختم کر دی جائیں گی۔ مجوزہ معاہدے کے تحت ایران کی بحری ناکہ بندی بھی فوری ختم کی جائے گی۔ فریق ثانی نے معاہدے کی پاسداری کی تو ہی حتمی مذاکرات ہوں گے۔ ایرانی قومی سلامتی کونسل کے مطابق معاہدہ سپریم لیڈر کے فریم ورک کے تحت طے ہوا ہے۔ مذاکراتی عمل کو عوام کی مکمل حمایت حاصل رہی۔

بقیہ نمبر 28

ڈیل بڑی بہتر ثابت ہوگی، معاہدہ طویل عرصے تک کامیاب رہا، امریکا نے خود اس سے علیحدگی اختیار کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جنگ سے بچنے کیلئے بعض اوقات جزوی معاہدہ بھی بہتر ہوتا ہے، امریکا مسائل کا حل صرف دھونس یا بمباری سے نہیں نکال سکتا، جامع سفارتکاری ہی پائیدار حل کا راستہ ہے۔

بقیہ نمبر 29

دہشت گرد تنظیمیں تاحال افغان سرزمین پر اپنی پوری عسکری اور جنگی صلاحیتوں کے ساتھ کھلے عام سرگرم ہیں، پاکستان نے 21 فروری کو ننگرہار اور پکتیکا میں فضائی حملے کر کے فتنہ الخوارج اور داعش کے ٹھکانوں کو تباہ کر دیا۔ طالبان رجیم پاکستان مخالف دہشت گرد گروہوں کے خلاف کارروائی کرنے میں ناکام رہا، پاکستان کو مجبوراً یہ قدم اٹھانا پڑا، پاکستان نے اسلام آباد مسجد پر ہونے والے خودکش حملے کا جواب دیتے ہوئے القاعدہ کا اہم کمانڈر جہنم واصل کیا۔ پاکستان نے 26 فروری کو افغان طالبان کے خلاف آپریشن غضب للحق کا آغاز کیا جس میں عسکری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، پاکستان کے ساتھ سرحدی بندش سے افغان تجارت میں 90 فیصد سے زائد کی کمی ہوئی اور ٹرانسپورٹ لاگت میں 30 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق 29 لاکھ افغان شہریوں کی واپسی کے بعد طالبان رجیم لیبر مارکیٹ، رہائش اور بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام ہو گیا، افغانستان میں سیکیورٹی بحران سنگین ہو گیا، گزشتہ 3 ماہ میں مختلف واقعات 57 فیصد اضافے کے ساتھ 3 ہزار 687 تک پہنچ گئے۔ افغانستان میں طالبان رجیم مخالف متعدد مسلح گروپس سرگرم ہیں جنہوں نے حالیہ 18 کارروائیوں کی ذمہ داری قبول کی، عام معافی کے دعووں کے برعکس سابق سرکاری ملازمین اور سیکیورٹی اہلکار بدستور افغان طالبان کے نشانے پر ہیں، گزشتہ 3 ماہ میں سابق سیکیورٹی اہلکاروں کے 5 ماورائے عدالت قتل، 20 غیر قانونی گرفتاریاں اور تشدد کے 8 سے زائد واقعات رپورٹ ہوئے۔ رپورٹ میں یہ بھی نشاندہی کی گئی کہ افغانستان میں میڈیا کا گلا گھونٹنے کا سلسلہ بدستور جاری ہے، طالبان رجیم کی جانب سے صحافتی اداروں پر سخت پابندیاں برقرار ہیں۔ طالبان رجیم کی نااہلی کے باعث افغانستان میں کیمیائی منشیات بالخصوص آئس کی تیاری اور سمگلنگ بدستور جاری ہے۔ ماہرین کے مطابق طالبان رجیم کی سرپرستی کے باعث القاعدہ اور داعش جیسی عالمی دہشت گرد تنظیموں کی سرگرمیاں نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کیلئے خطرناک ہیں، قابض افغان طالبان رجیم کا مقصد عوامی فلاح و بہبود کے بجائے صرف عسکری عزائم کو آگے بڑھانا ہے۔

بقیہ نمبر 30

میموریل ایئرپورٹ پر ایک طیارہ پرواز کے فوری بعد گر کر تباہ ہو گیا۔ حکام کے مطابق حادثے کا شکار ہونے والے جہاز میں ایک پائلٹ اور 11 اسکائی ڈائیورز سوار تھے، جو سب حادثے میں ہلاک ہو گئے۔ بیٹس کاؤنٹی کے پولیس افسر کا کہنا ہے کہ جہاز کو حادثہ دن ساڑھے 11 بجے پیش آیا۔ حادثے کے بعد میسوری اسٹیٹ ہائی وے پیٹرول، فیڈرل ایوی ایشن ایڈمنسٹریشن اور نیشنل ٹرانسپورٹیشن سیفٹی بورڈ کی ٹیمز جائے وقوع پر پہنچ گئیں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کیا۔

بقیہ نمبر 31

ساتھ مسلسل وابستگی کو سراہتے ہوئے ان کی انتخابی مہم کی حمایت کا اظہار کیا ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق عائشہ خان کی انتخابی مہم کو مختلف برادریوں میں مثبت پذیرائی حاصل رہی ہے۔ ان کے حامیوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے طویل عرصے سے عوامی مسائل، بین الثقافتی ہم آہنگی، نوجوانوں کی شمولیت اور کمیونٹی کی نمائندگی کے فروغ کے لیے عملی کردار ادا کیا ہے، جس کی وجہ سے انہیں مختلف حلقوں میں قبولیت حاصل ہوئی ہے۔ مسلم برادری کے متعدد افراد کا موقف ہے کہ عائشہ خان کی کامیابی نہ صرف ایک امیدوار کی کامیابی ہوگی بلکہ اس سے مقامی سطح پر مختلف برادریوں کی موثر نمائندگی کو بھی تقویت ملے گی۔ ان کے حامیوں کا کہنا ہے کہ وہ انتخابی عمل میں بھرپور حصہ لینے اور ووٹروں کو متحرک کرنے کے لیے سرگرم ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد جمہوری عمل میں شرکت کر سکیں۔ انتخابی مہم کے دوران عائشہ خان نے مختلف عوامی اجتماعات، کمیونٹی پروگراموں اور ووٹر رابطہ سرگرمیوں میں شرکت کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ کامیابی کی صورت میں وہ عوامی خدمت، شفافیت، سماجی ہم آہنگی اور مقامی مسائل کے حل کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھیں گی۔ ان کے حامیوں کے مطابق عائشہ خان مختلف نسلی، مذہبی اور ثقافتی برادریوں کے درمیان پل کا کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ان کی حمایت کا دائرہ مسلسل وسیع ہو رہا ہے۔ سیاسی حلقوں میں یہ تاثر بھی پایا جاتا ہے کہ عائشہ خان کی انتخابی مہم نے خاص طور پر نوجوان ووٹروں، خواتین اور تارکین وطن برادریوں میں نمایاں توجہ حاصل کی ہے۔ ان کے حامیوں کا کہنا ہے کہ حلقے کے مختلف علاقوں میں رضاکارانہ انتخابی سرگرمیوں میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے اور متعدد افراد عائشہ خان کی کامیابی کے لیے گھر گھر رابطہ مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ مبصرین کے مطابق اگر موجودہ انتخابی سرگرمیوں کا تسلسل برقرار رہا تو عائشہ خان حلقہ 44 بی کے انتخابی معرکے میں ایک مضبوط امیدوار کے طور پر سامنے آ سکتی ہیں۔ تاہم حتمی فیصلہ ووٹروں کی رائے اور انتخابی نتائج ہی کریں گے۔ اس کے باوجود ان کی حمایت میں سامنے آنے والی عوامی سرگرمیاں اس امر کی غمازی کرتی ہیں کہ وہ اس انتخابی مقابلے کی نمایاں شخصیات میں شمار کی جا رہی ہیں۔ بالٹی مور کاؤنٹی کے حلقہ 44 بی میں سیاسی سرگرمیوں میں تیزی، جماعتی قیادت کے تعین کے لیے اہم انتخابی معرکہ، بالٹی مور کاؤنٹی کے قانون ساز حلقہ 44 بی میں جماعتی مرکزی مجلس کے انتخابات نے سیاسی حلقوں، سماجی تنظیموں اور مختلف برادریوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کر لی ہے۔ چار نشستوں کے حصول کے لیے چھ امیدوار میدان میں ہیں جبکہ انتخابی ضابطوں کے تحت کسی ایک جنس کے دو سے زیادہ امیدوار کامیاب نہیں ہو سکتے، جس کے باعث یہ مقابلہ غیر معمولی اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ انتخابی فہرست میں بشپ بیری چیپ مین، عائشہ خان، کٹرینہ لیونارڈ، ایان سی ایس طرہ، شازیہ شاہ اور کاینڈا تونیسکے شامل ہیں۔ سیاسی مبصرین کے مطابق یہ انتخاب محض تنظیمی عہدوں کا معاملہ نہیں بلکہ آنے والے برسوں میں مقامی جماعتی حکمت عملی، عوامی نمائندگی اور سیاسی قیادت کے تعین پر بھی اثرانداز ہو سکتا ہے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ حلقہ 44 بی ماضی میں بھی سیاسی اعتبار سے خاص اہمیت کا حامل رہا ہے اور یہاں سے منتخب ہونے والے مرکزی مجلس کے اراکین جماعتی نظم و نسق، عوامی رابطہ مہمات، ووٹر رجسٹریشن سرگرمیوں اور مستقبل کی سیاسی قیادت کی تیاری میں نمایاں کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ مرکزی مجالس کو بعض مواقع پر خالی ہونے والی عوامی نمائندہ نشستوں کے لیے نامزدگیوں کے عمل میں بھی اثر و رسوخ حاصل ہوتا ہے، جس کے باعث ان انتخابات کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ سیاسی حلقوں میں اس وقت سب سے زیادہ توجہ خواتین امیدواروں کے درمیان ہونے والے مقابلے پر مرکوز ہے۔ عائشہ خان اور شازیہ شاہ کی انتخابی سرگرمیوں کو خاص طور پر زیر بحث لایا جا رہا ہے، جبکہ کٹرینہ لیونارڈ اور کاینڈا تونیسکے بھی اپنی انتخابی مہم کے ذریعے ووٹروں کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ دوسری جانب مرد امیدواروں میں بشپ بیری چیپ مین اور ایان سی ایس طرہ کو بھی سیاسی حلقوں میں سنجیدہ اور متحرک امیدوار تصور کیا جا رہا ہے۔ تجزیہ نگاروں کے مطابق چونکہ انتخابی ضابطہ صنفی توازن کو یقینی بناتا ہے، اس لیے نتائج کا انحصار صرف ووٹوں کی تعداد پر نہیں بلکہ امیدواروں کی مجموعی درجہ بندی پر بھی ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ ہر امیدوار اپنی برادری، مقامی تنظیموں اور جماعتی کارکنوں تک رسائی بڑھانے کے لیے بھرپور کوششوں میں مصروف ہے۔ بالٹی مور کاؤنٹی کی سیاسی فضا میں اس انتخاب کو مستقبل کی قیادت کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ مرکزی مجلس کی نشستیں بظاہر تنظیمی نوعیت کی حامل ہیں، تاہم یہی پلیٹ فارم اکثر مستقبل کے قانون سازوں، بلدیاتی نمائندوں اور جماعتی رہنماؤں کے لیے عملی سیاست کا نقطہ آغاز ثابت ہوتا ہے۔ حتمی نتائج جو بھی ہوں، حلقہ 44 بی کا یہ انتخاب اس امر کا تعین کرے گا کہ آنے والے برسوں میں مقامی سطح پر جماعتی ترجیحات، عوامی رابطہ حکمت عملی اور سیاسی نمائندگی کا رخ کس جانب جاتا ہے۔ سیاسی اور سماجی حلقے اس اہم انتخابی معرکے کے نتائج کا بے صبری سے انتظار کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 32

ہے کہ بچوں کی ذہنی اور جسمانی صحت کے تحفظ کے لیے یہ ایک ضروری اور درست قدم ہے۔ برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے کہا کہ حکومت 16 سال سے کم عمر تمام بچوں کی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز تک رسائی محدود کرے گی۔ ان کے مطابق کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا پر مکمل پابندی ہی بہترین حل ہے تاکہ انہیں آن لائن خطرات اور اسکرین کے حد سے زیادہ استعمال سے محفوظ رکھا جا سکے۔ برطانوی حکومت نے اس منصوبے پر عملدرآمد کے لیے گزشتہ ماہ عوامی مشاورت کا عمل شروع کیا تھا۔ اس مشاورت کا مقصد بچوں کے سوشل میڈیا اور دیگر ڈیجیٹل آلات کے استعمال کو محدود کرنے کے مختلف طریقوں کا جائزہ لینا تھا۔ حکومت کا موقف ہے کہ بچوں کی بڑھتی ہوئی اسکرین ٹائم عادات ان کی تعلیم، ذہنی صحت، جسمانی سرگرمیوں اور سماجی روابط پر منفی اثرات مرتب کر رہی ہیں۔ اسی لیے نئی پالیسی کے ذریعے بچوں کی توجہ موبائل فون، ٹیبلیٹس اور لیپ ٹاپ اسکرینز سے ہٹا کر تعلیم، کھیلوں اور صحت مند سرگرمیوں کی جانب مبذول کروانے کی کوشش کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 33

بعض مطالبات پر غور کرنے کی یقین دہانی کے باوجود ان پر عملدرآمد نہیں کیا گیا جس کے خلاف عوامی ایکشن کمیٹی نے ایک بار پھر 9 جون کو بھمبر سے مظفرآباد کی جانب لانگ مارچ کی کال دیدی، جب عوامی ایکشن کمیٹی نے 9 جون کو لانگ مارچ کی کال دی تو ان کیخلاف ظلم کی انتہا کر دی گئی۔ عوامی ایکشن کمیٹی کی جانب سے حقوق مانگنا جرم بن گیا۔ آزاد کشمیر حکومت نے پاکستان سے رینجرز اور پولیس کی نفری کو طلب کر لیا۔ 7 جون کو عوامی ایکشن کمیٹی کے رہنما سردار عمر نذیر کو کھائی گلہ میں جلسے سے خطاب کے بعد واپس راولاکوٹ جا رہے تھے تو راستے میں رینجرز اہلکاروں نے ان پر فائرنگ کر دی جس سے ان کا ساتھی جاں بحق ہو گیا اور وہ زخمی ہو گئے اور یوں آزاد کشمیر میں کشیدگی شروع ہوئی۔ سردار عمر نذیر کے زخمی ہونے کی خبر آزاد کشمیر سمیت دنیا بھر میں آباد کشمیریوں میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔ ہزاروں افراد راولاکوٹ سمیت آزاد کشمیر بھر کی سڑکوں پر نکل آئے۔ سوشل میڈیا کے مطابق رینجرز اور دیگر سیکیورٹی فورسز نے رات کے اندھیرے میں بجلی بند کر کے راولاکوٹ میں مظاہرین پر گولیوں کی بوچھاڑ کر دی جس میں متعدد افراد جاں بحق ہو گئے جن کی صحیح تعداد معلوم نہیں ہو سکی کیونکہ آزاد کشمیر میں نیٹ ورک مکمل طور پر بند ہے۔ راولاکوٹ میں تمام دکانوں، بیکریوں وغیرہ کو رینجرز اہلکاروں نے لوٹ لیا، جس انداز سے لوٹ مار کی جا رہی ہے اور لوگوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے یوں لگتا ہے راولاکوٹ میں پاکستانی رینجرز نہیں بلکہ بھارتی فورسز تعینات ہیں۔ عوامی ایکشن کمیٹی کے خلاف اس ظلم و بربریت کیخلاف لندن اور امریکہ میں موجود کشمیری کمیونٹی نے بھرپور احتجاج کیا اور حکومت پاکستان اور مسلح افواج سے فوری طور پر مظاہرین کے خلاف ہونے والے اس بہیمانہ سلوک کو بند کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ لندن میں بڑی تعداد میں کشمیری کمیونٹی نے احتجاج کیا اور اس کے ساتھ ہی لندن میں مقیم تمام مکاتب فکر کے علماء نے بھی مشترکہ اجلاس کے بعد متفقہ طور پر عوامی ایکشن کمیٹی کے خلاف ہونے والے ظلم و بربریت کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ ادھر نیویارک میں کشمیری امریکن کمیونٹی کے زیر اہتمام پاکستانی قونصل خانے کے سامنے ایک بڑا احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں کشمیریوں نے شرکت کی۔ مظاہرین نے آزاد کشمیر میں جاری عوامی تحریک اور ایکشن کمیٹی کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ مقررین اور شرکاء نے آزاد کشمیر میں کشمیری عوام پر ہونے والے مبینہ ظلم و ستم کی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ عوامی حقوق کی جدوجہد کو طاقت کے ذریعے دبانے کی کوششیں فوری طور پر بند کی جائیں۔ بعض مظاہرین کا کہنا تھا کہ افسوس کا مقام ہے آج تک ہم مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کے خلاف بھارتی سفارتخانوں کے باہر احتجاج کیا کرتے تھے لیکن آج ہم آزاد کشمیر کے لوگوں پر ہونے والے ظلم و بربریت کے خلاف پاکستانی سفارتخانوں کے باہر احتجاج کر رہے ہیں۔ مظاہرین نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ حالیہ واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کی میتیں ان کے لواحقین کے حوالے کی جائیں اور تمام ذمہ دار عناصر کے خلاف شفاف تحقیقات کر کے انہیں سخت سے سخت سزا دی جائے۔ مظاہرین نے مزید مطالبہ کیا کہ رینجرز اور دیگر نیم فوجی دستوں کو آزاد کشمیر سے واپس بلایا جائے اور خطے کے عوام کو اپنے بنیادی جمہوری اور انسانی حقوق کے مطابق پرامن سیاسی سرگرمیاں جاری رکھنے کا حق دیا جائے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آزاد کشمیر کے عوام کے جائز حقوق اور مطالبات کی حمایت جاری رکھیں گے اور عالمی برادری سے اپیل کریں گے کہ وہ خطے کی صورتحال کا نوٹس لے اور انسانی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے ممتاز اور معروف کشمیری رہنما اور امریکی سکالر سردار انور نے کہا کہ پاکستان کی فورسز کی جارحیت بربریت اور معصوم کشمیریوں کی قتل ان کی توسیع پسندانہ قبضہ گیری اور ہوس گیری کی عکاسی ہے ہم پاکستان کی عوام بالخصوص دانشوروں صحافیوں وکلا طلبا مزدوروں کسانوں ٹریڈ یونین سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ کشمیر میں عوامی حقوق تحریک کی حمایت کریں اوورسیز محنت کش ریاستی باشندے دنیا بھر میں عوامی تحریک کی پشتی بان اور قوم کے سفیر ہیں پاکستانی جرنیل مافیا سامراجی قوتوں کے سہولت کار اور آلہ کار ہیں اگر پاکستانی عوام جرنیل مافیا سرمایہ داروں جاگیرداروں کے خلاف عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کرتے ہیں تو ہم اوورسیز کشمیری باشندے اور ریاستی عوام، پاکستانی عوام کے بنیادی حقوق کی تحریک کی بھرپور حمایت کریں گے۔ قاتل افواج کو فوری طور پر ریاست سے واپس بلایا جائے۔ شہدائے عوامی حقوق کے قاتلوں کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے۔ عوامی حقوق کے چارٹر آف ڈیمانڈ پر فوری عمل درآمد کیا جائے۔ ہم دنیا بھر میں پاکستانی سفارت خانوں اقوام متحدہ کے دفاتر کے سامنے غیر معینہ مدت کے لیے دھرنے دیں گے۔ 10 جون کو نیویارک میں واقع پاکستانی قونصلیٹ کے سامنے کشمیری امریکن کمیونٹی (USA) کے زیر اہتمام ایک احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا گیا، جس میں بڑی تعداد میں کشمیریوں، پاکستانی نژاد افراد اور انسانی حقوق کے کارکنان نے شرکت کی۔ مظاہرین نے کشمیر میں مبینہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں، تشدد اور عوامی حقوق کی پامالی کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ مظاہرے کے دوران مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ کشمیر کے عوام کو بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور عالمی برادری اس مسئلے پر موثر کردار ادا کرے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ متاثرہ افراد کے تحفظ، انصاف اور وقار کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ منتظمین کے مطابق اس احتجاج کا مقصد کشمیری عوام کے مسائل کو عالمی سطح پر اجاگر کرنا اور انسانی حقوق کے حوالے سے شعور بیدار کرنا تھا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ انسانی حقوق، انسانی وقار اور سماجی انصاف کے اصول ہر معاشرے کے لیے یکساں اہمیت رکھتے ہیں اور ان کی پاسداری کو یقینی بنایا جانا چاہیے۔ مظاہرہ پرامن ماحول میں اختتام پذیر ہوا، جبکہ شرکاء نے مستقبل میں بھی کشمیری عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 34

فلسطین میں اسرائیل کے غیر قانونی اقدامات پر 149 صفحات پر رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مغربی کنارے سے فلسطینیوں کی جبری بے دخلی اسرائیل کی مربوط پالیسی کا نتیجہ ہے۔ اسرائیل نے فلسطینیوں کی نسل کشی کی ریاستی سرپرستی میں مہم کو تیز کیا، مہم میں فلسطینیوں کی مقبوضہ علاقوں سے جبری بے دخلیاں اور منتقلی شامل ہیں۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کے مطابق مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاریاں یو این قراردادوں کے مطابق غیر قانونی ہیں اور دنیا کو فلسطینیوں کی نسل کشی کے اسرائیلی اقدامات پر ایکشن لینا چاہیے۔

بقیہ نمبر 35

جنرل کے مطابق اس معاہدے کے نتیجے میں فوری اور مستقل جنگ بندی کی راہ ہموار ہوگی جبکہ آبنائے ہرمز کی بحالی سے عالمی تجارت کو بھی ریلیف ملے گا۔ دوسری جانب برطانیہ، فرانس، جرمنی اور اٹلی نے بھی امریکا اور ایران کے درمیان مفاہمتی یادداشت کا خیر مقدم کرتے ہوئے ایک مشترکہ بیان جاری کیا ہے۔ چاروں یورپی ممالک نے واضح کیا ہے کہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ یورپی ممالک نے کہا ہے کہ اگر ایران کی جانب سے قابل تصدیق اقدامات کیے جاتے ہیں تو اس کے بدلے میں پابندیوں میں نرمی پر غور کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے آبنائے ہرمز کی فوری اور غیر مشروط کھولنے کو عالمی معیشت کے لیے ناگزیر قرار دیا۔ بیان میں یورپی ممالک نے لبنان کی خودمختاری اور استحکام کی مکمل حمایت کا بھی اعادہ کیا، جبکہ خطے میں دیرپا امن کے لیے سفارتی کوششوں کو جاری رکھنے پر زور دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 36

رہائی کے لیے حکومت پاکستان تمام ممکنہ سفارتی اور ادارہ جاتی سطح پر کوششیں کر رہی ہے، تاہم صورتحال انتہائی پیچیدہ ہونے کے باعث اب تک پیش رفت محدود رہی ہے۔ ترجمان کے مطابق یرغمال پاکستانی شہری ایک کارگو جہاز پر موجود ہیں، جن کے ساتھ دیگر ممالک کے عملے کے ارکان بھی شامل ہیں، حکومت پاکستان مسلسل اس معاملے پر صومالی حکام، مقامی فریقین اور جہاز کے مالک سے رابطے میں ہے تاکہ یرغمالیوں کی جلد از جلد بحفاظت واپسی ممکن بنائی جا سکے۔

زوم کانفرنس اور فوٹو شوٹ
کے لیے رابطہ کریں
پروفیشنلی زوم کانفرنس کے انعقاد اور اسے سوشل میڈیا
کی زینت بنانے کے علاوہ اپنی یادگار تقاریب کے لئے
سٹوڈیو میں فوٹو شوٹ کیلئے کال کریں
ZOOM Video Conferencing
718-509-5522
917-348-3974
vniwvssamad@yahoo.com

CEDARS AUTO REPAIR
Mohamad Akhtar
لٹل پاکستان میں پاکستانیوں کی اپنی
Cedars Auto Repair
Toyota Original Brakes - Synthetic Oil
NY State Inspection
TLC سمیت فارن اور ڈومیسٹک گاڑیوں
کی سستی اور معیاری مرمت کیلئے کہیں جانے سے پہلے
ایک کال ضرور کریں
Asad Hussain
Timings شام 6 سے صبح 8 بجے تک
Call Akhtar 917-379-1161
948 Coney Island Ave, Brooklyn NY 11230

شام اور لبنان پر اسرائیلی حملوں سے ترکیہ کو خطرہ اردگان کا سخت انتباہ

اپنے برادر ممالک کیخلاف کسی بھی کارروائی پر خاموش نہیں رہیں گے، مفادات کو نقصان پہنچانے پر سخت جواب دیا جائیگا

اسرائیل کی جارحیت پوری دنیا کے لیے خطرہ ہے اور اسے روکا جانا چاہیے، اسرائیل خطے میں امن کی راہ میں رکاوٹ ہے

انقرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) شام اور لبنان پر اسرائیلی حملوں سے ترکیہ کو بھی خطرہ محسوس ہونے لگا ہے، ترک صدر رجب طیب اردگان نے کہا ہے کہ شام اور لبنان پر بڑھتے ہوئے حملے اب ترکی کے لیے بھی خطرہ بنتے جا رہے ہیں۔ ترک صدر رجب طیب اردگان کا کہنا ہے کہ وہ اپنے برادر ممالک کے خلاف کسی بھی کارروائی پر خاموش نہیں رہیں گے۔ انھوں نے خبردار کیا کہ اس کے حقوق اور مفادات کو نقصان پہنچانے کی کسی بھی کوشش کا بھرپور اور سخت جواب دیا جائے گا۔ روئٹرز کے مطابق ترکی کے صدر نے بدھ کے روز پارلیمنٹ میں اپنی جماعت اے کے پارٹی کے اراکین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیتن یاہو اور ان کے قتل و غارت کے نیٹ ورک کے شام اور لبنان پر حملے اس حد تک پہنچ چکے ہیں کہ اب وہ

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 13»

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب قومی اجلاس میں بجٹ تقریر کر رہے ہیں۔-----------

اوورسیز ہر سال 40 ارب ڈالر سے زائد زرمبادلہ بھیجتے ہیں، احسن اقبال

قوموں کی ترقی کے لیے ماضی کے تجربات اور تاریخ سے سبق سیکھنا ناگزیر ہے، بیان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان گزشتہ کئی دہائیوں سے برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کا ماڈل اختیار کرنے میں ناکام رہا، جس کے باعث ملکی معیشت اپنی حقیقی صلاحیتوں کے مطابق ترقی نہیں کر سکی۔ جمعرات کو پاکستان اکنامک سروے کے اجرا کے موقع پر انہوں نے کہا کہ بیرونِ ملک مقیم تقریبا 90 لاکھ پاکستانی ہر سال 40 ارب ڈالر سے زائد زرمبادلہ وطن بھیجتے ہیں، 25 کروڑ آبادی والا پاکستان مجموعی طور پر تقریبا 40 ارب ڈالر کی برآمدات کرتا ہے، ان کے بقول یہ صورتحال اس امر کی نشاندہی کرتی ہے کہ ملک کو اپنی پیداواری اور برآمدی صلاحیت میں نمایاں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔ احسن اقبال نے زور دیا کہ قوموں کی ترقی کے لیے ماضی کے تجربات اور تاریخ سے سبق سیکھنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے سیاسی استحکام، پالیسیوں کا تسلسل اور قومی ترجیحات پر اتفاق رائے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جو حکومت یا ادارہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرے اسے اپنی پالیسیوں کے نتائج حاصل کرنے کے لیے مزید موقع ملنا چاہیے، کیونکہ ترقیاتی منصوبوں اور

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 14»

کائنات اظہر خان چیف ٹریفک
آفیسر اسلام آباد تعینات



اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) کائنات اظہر خان کو چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد تعینات کر دیا گیا اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق کائنات اظہر خان کے پاس ایس ایس پی آپریشنز (سیف سٹی) کا ایڈیشنل چارج بھی ہوگا۔ دوسری جانب ایس ایس پی محمد سرفراز ورک کی خدمات پنجاب کے سپرد کر دی گئی ہیں۔

رئیل اسٹیٹ سیکٹر کی جانب
سے وفاقی بجٹ کا خیر مقدم

کراچی (نامہ نگار) رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے وابستہ اسٹیک ہولڈرز نے فنانس بل 27-2026 میں حکومت کی جانب سے جائیداد سے متعلق معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے متعارف کردہ پراپرٹی لین دین پر ودہولڈنگ ٹیکس میں کمی، وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم کے لیے خطیر فنڈز کی فراہمی اور پائیدار شہری ترقی کے پروگرام کے آغاز جیسے اقدامات کا خیر مقدم کیا ہے۔ اپنے بیان میں ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے چیئرمین حسن بخشی نے کہا ہے کہ حکومت نے بجٹ میں جو اقدامات اٹھائے ہیں وہ ناکافی ہیں مگر ٹیکس میں ریلیف اور ہاسنگ سبسڈیز تعمیراتی شعبے میں معاشی سرگرمیوں کو تیز کریں گی اور مجموعی اقتصادی ترقی میں معاون ثابت ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ تعمیراتی صنعت روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے اور سیمنٹ، اسٹیل، پینٹ، ٹائلز، ہارڈ ویئر، لکڑی اور ٹرانسپورٹ سمیت متعدد متعلقہ شعبوں کی ترقی کا ذریعہ بنتی ہے۔

وزیراعظم کی پیپلز پارٹی کو گلگت بلتستان میں حکومت بنانے کی دعوت

وزیراعظم کے گلگت بلتستان میں حکومت سازی کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہیں، بلاول

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان میں اکثریتی جماعت بن کر سامنے آئی ہے، ان کو گلگت بلتستان میں حکومت بنانے کی دعوت دیتے ہیں۔ گلگت بلتستان کے الیکشن کے حوالے سے اپنے بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان میں اکثریتی جماعت بن کر سامنے آئی ہے، ان کو گلگت بلتستان میں حکومت بنانے کی دعوت دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن)، گلگت بلتستان میں حکومت سازی کے معاملے پر پیپلز پارٹی کی حمایت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے گلگت بلتستان اسمبلی میں اپوزیشن میں بیٹھنے کا فیصلہ کیا ہے مگر ہمارے منتخب اراکین پیپلز پارٹی پارٹی کو حکومت بنانے کے لیے ووٹ دیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جمہوری روایات اور اقدار کو مقدم رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا ہے، مسلم لیگ ن نے ہمیشہ اپنی حلیف جماعتوں کے ساتھ عزت احترام کا رشتہ برقرار رکھا ہے۔ ادھر پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کے گلگت بلتستان میں حکومت سازی سے متعلق بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 15»

پچھلی حکومت 0.2 فیصد جی ڈی پی گروتھ چھوڑ کر گئی، وزیر اطلاعات

ایکسپورٹ لیڈ گروتھ سے پوری معیشت کو فائدہ پہنچ رہا ہے، عطاء اللہ تارڑ کی بریفنگ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ایکسپورٹ لیڈ گروتھ سے پوری معیشت کو فائدہ پہنچ رہا ہے، پچھلی حکومت 0.2 فیصد جی ڈی پی گروتھ چھوڑ کر گئی، ہماری حکومت میں جی ڈی پی گروتھ 3.7 سے 4 فیصد کی سطح پر پہنچ رہی ہے، آئندہ مالی سال کا بجٹ گزشتہ دو برسوں کی محنت اور جامع اصلاحاتی اقدامات کا نتیجہ ہے جس کا بنیادی مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور معیشت کو پائیدار استحکام کی راہ پر ڈالنا ہے، حکومت نے شفافیت، ایف بی آر اصلاحات کے ذریعے مالی گنجائش پیدا کی، مختلف طبقات کو ریلیف فراہم کیا، یہ بجٹ مزدور، کسان، تنخواہ دار طبقے، ایکسپورٹرز اور متوسط طبقے سمیت معاشرے کے تمام طبقات کا بجٹ ہے۔ ہفتہ کو وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی کے ہمراہ پوسٹ بجٹ پریس بریفنگ کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ مالی گنجائش پیدا ہونے کے بعد حکومت نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے وعدے کو عملی جامہ پہنایا جبکہ ریلیف پر مبنی بجٹ کی تیاری کیلئے گزشتہ دو برسوں کے دوران بھرپور محنت اور عرق ریزی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا بار بار یہ وعدہ رہا ہے کہ جیسے ہی

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 16»

اسلام آباد: وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ترکش فوج کے سربراہ ملاقات کر رہے ہیں۔-----------

دفاعی اخراجات میں اضافہ وقت کی ضرورت تھی، وزیر دفاع

بھارت کیساتھ حالیہ جنگ میں ہماری فوج نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بجٹ میں دفاعی اخراجات میں اضافہ وقت کی ضرورت تھی، بھارت کے ساتھ حالیہ جنگ میں ہماری فوج نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے جمعہ کو قومی اسمبلی میں بجٹ پیش ہونے کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ خطے کی صورتحال ایران اسرائیل اور امریکہ جنگ سے بہت زیادہ غیر متوازن ہے، ہمارے پڑوس میں مودی سرکار جارحانہ عزائم رکھتی ہے اور پاکستان کے خلاف جارحیت کو اپنا فریضہ اول سمجھتی ہے اس لئے وطن عزیز کے دفاع اور فوجی صلاحیت کو جدید تقاضوں کے مطابق ہم آہنگ کرنے کیلئے بجٹ میں اضافہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہے، پاک فوج کا ہر جوان وطن عزیز پر قربان ہونے کے جذبے سے سرشار ہے، خطے کی صورتحال کے پیش نظر بھی دفاعی بجٹ میں اضافہ وقت کا تقاضا ہے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ ایران اسرائیل اور

«باقی صفحہ 12 بقیہ نمبر 17»

سی پیک 2 مشترکہ سرمایہ کاری
کے نئے مواقع پیدا کرے گا

لاہور (نامہ نگار) چین پاکستان اکنامک کوریڈور 2.0 - پاکستان اور چین کے درمیان زراعت، صنعت اور کان کنی کے شعبوں میں بہت سے مشترکہ منصوبے پیدا کرے گا۔ یہ بات پاکستان چائنا جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے کمرشل سفیر عدیل منور نے سی پیک کو اس کے 2.0 ورژن میں اپ گریڈ کرنے کے بیجنگ کے عزم کو سراہتے ہوئے کہی۔ انہوں نے اس امر پر چین کے سفیر جیانگ زیڈونگ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

پاکستان نے 64 سال بعد بین
الاقوامی فٹبال ٹورنامنٹ جیت لیا

مالے (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے افغانستان کو شکست دے کر ڈائمنڈ جوبلی فٹبال ٹورنامنٹ جیت لیا۔ پاکستانی ٹیم 1962 میں ملائیشیا میں ہونے والے امرڈیکا کپ کے بعد پہلی بار کسی آزاد بین الاقوامی ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچی تھی۔ اس طرح 64 سال بعد پاکستان نے کسی فائنل میں کامیابی حاصل کی ہے۔ مالدیپ کے نیشنل فٹبال اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے چار ملکی فٹ بال ایونٹ کے فائنل میں پاکستان نے افغانستان کو 2-0 کی شکست دی۔ مالدیپ میں ڈائمنڈ جوبلی انٹرنیشنل فٹبال ٹورنامنٹ میں پاکستان کی کامیابی پر وزیراعظم شہباز شریف نے کھلاڑیوں، کوچز اور انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی۔

حج 2027 کیلئے تیاریاں
شروع کردی گئیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی جانب سے حج 2027 کے لیے تیاریاں شروع کر دی گئیں۔ اس حوالے سے وزارت مذہبی امور کا کہنا ہے کہ حج 2027 کے لیے سعودی ہدایات کے مطابق رجسٹریشن جلد مکمل کی جائے گی، خواہشمند عازمین کی رجسٹریشن کا عمل جلد شروع ہوگا۔ وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ حج 2027 کی رجسٹریشن کے لیے پاسپورٹ کی میعاد 16 نومبر 2027 تک ہونا ضروری ہے، رجسٹرڈ افراد کو سرکاری اور نجی حج اسکیم دونوں میں شرکت کا اختیار ہو گا۔ وزارت مذہبی امور کا کہنا ہے کہ اوورسیز پاکستانیوں کے لیے بھی حج 2027 کی رجسٹریشن کا عمل کھلا ہوگا، حج کے لیے رجسٹریشن کی کوئی فیس مقرر نہیں کی گئی۔--------

دھواں دار کباب ہوں یا ہائی وے کڑاہی یا پھر ہلکا پھلکا چٹخارہ
کراچی کے ذائقوں کے لیے
ایک بار آزمائیں
بار بار آئیں
حلال 100%
دیسی بیٹھک (ریسٹوران)
DESI BETHAK
RESTAURANT
اب نئی آن وشان کے ساتھ دوبارہ کرم فرماؤں کی خدمت کیلئے حاضر
کڑاہی میں 8 مختلف ذائقوں کیلئے تشریف لائیں
Friday Saturday
Open Late Till 3 AM
With Special Breakfast Menu
Ph: 703-337-2448
8000 Haute Court Springfield Virginia 22150

MAM Auto Care
Come with Confidence
Go with Satisfaction
WOODBRIGE VIRGINIA
A Complete Care Of Your Automobile By
Highly Experienced And Qualified Technicians
All Mechanical and General Repairs
Engine Tune-up
Brakes Maintenance
Fuel System Clean up
Suspension System Repair
Honesty is Our Best Policy
Ph: 703-853-8337
Email: mianamir63@hotmail.com
Amir Mian
14855 Farm Creek Dr. Woodbridge VA, 22191

GEO PHARMACY
جیو فارمیسی
پاکستانیوں کی اپنی فارمیسی
- Prescription Drugs
- Surgical
- Supplies
- Vitamins
- Baby Needs
- Perfumes
- Cosmetics
- Health/beauty
- Aids
- Photocopies
آپکے پاس انشورنس نہیں
ہم آپکی مدد کیلئے موجود ہیں
WE ACCEPT ALL MAJOR
INSURANCE CVS CARE MARK
OTC CARD & WIC CHECK
FREE PIC-UP & DROP OFF
FOR QUESTION & CONCERNS
ABDUL AZIZ
Call: 917-455-0968
685 Coney Island Ave, Brooklyn NY 11218
Phone: 718-703-1888, Fax: 718-703-1889
Email Us: geopharmacyinc@gmail.com

روٹ 1 رچمنڈ ہائی وے ووڈبرج ورجینیا میں اعلیٰ معیار اور مناسب دام کیلئے مشہور
فیئروے سپر مارکیٹ پر تشریف لائیں
FAIRWAY
SUPER MARKET
حلال HALAL
Indo-pakistan Bangladeshi & International Groceries
Beef Lamb Goat Chicken & Fish Available.
We Sell Only Halal
100% Hand Slaughter
Chicken Guaranteed
Prop: Aamir Shah
Ph: 703-910-6780
fairwaysupermarket2018@gmail.com
13642 Jefferson Davis Hwy
Woodbridge VA 22191


AUTHORIZED IRS e-file PROVIDER
KEEP CLAM
AND FILE YOUR TAXES WITH
ALI & ALIYAN
Aliyan Raza
(Associate Degree in Accounting)
Tax Preparer / Licensed Realtor
Ali Raza, LLM
Tax Preparer / Licensed Realtor
5 Reasons to Choose Ali & Aliyan Associates
for Your Tax Preparation Needs
1. Over 24 Years of Experience
With decades of experience in tax preparation, Ali & Aliyan Associates understands the intricacies of tax laws, ensuring accurate and efficient filing.
2. Personalized Service
We take the time to understand your unique financial situation, offering customized solutions tailored to your needs.
3. Trustworthy and Reliable
Built on a foundation of integrity, we prioritize confidentiality and provide transparent services you can rely on.
4. Comprehensive Knowledge
Our team stays updated on the latest tax regulations and deductions, maximizing your refund while ensuring compliance.
5. Community-Centered Approach
Having served the community for over two decades, we are committed to helping individuals and businesses achieve their financial goals with care and professionalism.
Get Your Maximum Tax Refund Allowed
Phone: 443-831-2003
2018 N Rolling Road Windsor Mill, MD 2144
www.ali-aliyan.com

بلدیہ فیکٹری کیس، ڈیڑھ دہائی بعد حق اور سچ کی فتح ہوئی، ایم کیو ایم

بلدیہ فیکٹری کیس کی آڑ میں ایم کیو ایم پاکستان کا بدترین سیاسی استحصال کیا گیا

کراچی (نامہ نگار) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے ترجمان نے سپریم کورٹ آف پاکستان کی جانب سے سانحہ بلدیہ فیکٹری کیس میں مکمل طور پر بری الذمہ قرار دیے جانے کے تاریخی فیصلے کو دیر آید درست آید کے مصداق قرار دے دیا، ترجمان ایم کیو ایم پاکستان نے عدالتِ عظمیٰ کے فیصلے کا شاندار الفاظ میں خیر مقدم کرتے ہوئے اسے سچائی کی فتح اور برسوں سے جاری منظم میڈیا ٹرائل کے منہ پر طمانچہ قرار دیا ہے، مرکز بہادر آباد سے جاری کردہ بیان میں ترجمان نے کہا کہ سانحہ بلدیہ فیکٹری ملکی تاریخ کا ایک ایسا دردناک انسانی المیہ تھا جس پر ایم کیو ایم کا ہر کارکن اور رہنما آج بھی اتنے ہی رنج وغم میں مبتلا ہے جتنے متاثرہ خاندان ہیں لیکن انتہائی افسوس کے ساتھ اس سانحے کو ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت ایم کیو ایم کو سیاسی طور پر کچلنے اور بدنام کرنے کے لئے بطور ہتھیار استعمال کیا گیا، ترجمان متحدہ نے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کو سرخرو ہونے اور دامن کی سچائی ثابت کرنے میں تقریباً ڈیڑھ دہائی کا طویل عرصہ لگا، انصاف میں تاخیر دراصل انصاف کا قتل ہے، اس چودہ سالہ طویل اور کٹھن دورانیے میں نہ صرف تحریک کو بلکہ معصوم مقتولین کے خاندانوں کو بھی شدید ذہنی اور نفسیاتی کرب سے گزارا گیا جس کا کوئی نعم البدل نہیں ہو سکتا، بیان میں کہا گیا ہے کہ بلدیہ فیکٹری کیس کی آڑ میں ایم کیو ایم پاکستان کا بدترین سیاسی استحصال کیا گیا تنظیم کی حب الوطنی پر سوالات اٹھائے گئے میڈیا پر یکطرفہ ٹرائل کیا گیا اور عوامی مقبولیت کو نقصان پہنچانے کے لئے ہر ممکن ہتھکنڈہ استعمال کیا گیا، آج سپریم کورٹ کے فیصلے نے ثابت کر دیا ہے کہ یہ سب سیاسی انتقام اور مہم جوئی کے سوا کچھ نہ تھا، ایم کیو ایم پاکستان نے مقتدرہ عدلیہ اور قانون ساز اداروں سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ مستقبل میں کسی بھی سیاسی جماعت کو محض مفروضوں اور سیاسی انجینئرنگ کے تحت اس طرح کے گھناؤنے ہتھکنڈوں کا نشانہ بنانے سے روکنے کے لئے فوری اور ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

محرم الحرام میں امن کے لیے علما کرام کا کردار اہم ہے، گورنر پنجاب

ملک دشمن عناصر نفرت تعصب اور فرقہ واریت پھیلا کر ہمیں کمزور کرنا چاہتے ہیں، خطاب

لاہور (نامہ نگار) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ محرم الحرام میں امن وامان کو قائم رکھنے میں علماء کرام کا کردار اہم ہے، ملک دشمن عناصر فرقہ واریت پھیلا کر عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل تحسین ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عیدگاہ شریف راولپنڈی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ اسلام میں فرقہ واریت پھیلانے کی کوئی گنجائش نہیں۔ ملک دشمن عناصر نفرت تعصب اور فرقہ واریت پھیلا کر ہمیں کمزور کرنا چاہتے ہیں۔ ہم سب کو مل کر دشمن کی سازشوں کا مقابلہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عیدگاہ شریف سے اتحاد بین المسلمین کا پیغام پوری دنیا میں جاتا ہے۔ معاشرے میں امن اور بھائی چارے کے فروغ کے لئے خانقاہوں کا کردار نہایت اہم ہے۔ اس وقت ملک کو مختلف چیلنجز درپیش ہیں۔ محرم الحرام کے پیش نظر علمائے کرام کے متحرک کردار کی ضرورت ہے۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ پاک فوج کے جوان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں۔

غزہ: اسرائیلی بربریت کے بعد ایک فلسطینی خاندان تباہ حال علاقے سے بھی نقل مکانی کرنے پر مجبور۔۔۔۔۔۔۔۔

برطانیہ، فلسطین کیلئے آواز اٹھانے والے کارکنوں کو قید کی سزا

عدالت کے باہر 500 کے قریب مظاہرین کا چاروں کارکنوں کے حق میں احتجاج

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کی ایک عدالت نے فلسطین کے حامی چار کارکنوں کو 2024 میں اسرائیلی اسلحہ ساز کمپنی ایلبٹ سسٹمز کے ایک کارخانے پر دھاوا بولنے کے مقدمے میں طویل قید کی سزائیں سنا دی ہیں۔ برطانیہ کی عدالت نے جمعہ کے روز فلسطین کے حامی چار کارکنوں کو 2024 میں اسرائیلی دفاعی کمپنی ایلبٹ سسٹمز کے برطانیہ میں قائم ایک کارخانے پر حملے کے الزام میں قید کی سزائیں سنائیں۔ یہ کارروائی جنوب مغربی انگلینڈ کے علاقے برسٹل کے قریب واقع ایلبٹ سسٹمز یو کے کی فیکٹری میں کی گئی تھی۔ کارکنوں کا تعلق فلسطین ایکشن نامی تنظیم سے تھا، جس پر حال ہی میں پابندی عائد کی جا چکی ہے۔ عدالت میں جج جیریمی جانسن نے کہا کہ اس جرم کا دہشت گردی سے تعلق موجود ہے کیونکہ کارروائی کے دوران اسرائیلی اسلحے کو شدید نقصان پہنچایا گیا اور ملزمان کا مقصد برطانوی حکومت کو اسرائیل کی حمایت ختم کرنے پر مجبور کرنا اور کمپنی کو خوفزدہ کرنا تھا۔ استغاثہ کے مطابق کارکنوں کی کارروائی سے اسرائیلی اسلحہ ساز کمپنی کو 10 لاکھ پاؤنڈ (تقریباً 13 لاکھ 40 ہزار ڈالر) سے زائد کا نقصان پہنچا۔ سزا پانے والوں میں 30 سالہ شارلٹ ہیڈ، 23 سالہ سیموئل کارنر، 30 سالہ لیونا کامیو اور 21 سالہ فاطمہ زینب رجوانی شامل ہیں۔ عدالت نے سیموئل کارنر کو سب سے زیادہ سات سال اور آٹھ ماہ قید کی سزا سنائی۔

امریکا کا یورپ میں نیٹو آپریشنز کیلئے جنگی وسائل میں نمایاں کمی کا منصوبہ

یورپی ممالک امریکی سیکیورٹی پر عیاشی کر رہے، انہیں دفاعی اخراجات میں اضافہ کرنا ہوگا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا یورپ میں نیٹو آپریشنز کیلئے فراہم کیے جانے والے جنگی طیاروں اور بحری جہازوں میں نمایاں کمی کا منصوبہ بنا رہا ہے، جس سے اتحاد کی طویل فاصلے تک حملے اور نگرانی کی صلاحیت متاثر ہو سکتی ہے۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے یورپی حکام کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ منصوبے کے تحت ایف 16- اور ایف 15- ای طیاروں کی تعداد تقریباً 150 سے کم کر کے 100 کی جا سکتی ہے، جبکہ بحری نگرانی کے طیارے 26 سے کم کر کے 15 کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ فضائی ایندھن فراہم کرنے والے تمام آٹھ طیارے بھی واپس بلائے جانے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکا ایک میزائل بردار آبدوز اور طیارہ بردار بحری جہاز کو بھی دوسری جگہ تعینات کرنے پر غور کر رہا ہے، جبکہ یورپ کے دفاع کیلئے مختص بمبار طیاروں کے دو گروپس میں سے ایک کو بھی منتقل کیا جا سکتا ہے۔ تاہم اس حوالے سے نہ تو نیٹو اور نہ ہی امریکی محکمہ دفاع نے فوری طور پر کوئی ردعمل دیا ہے، جبکہ خبر کی آزادانہ تصدیق بھی ممکن نہیں ہو سکی۔ امریکی مشرقی کمان نے گزشتہ ہفتے اپنے بیان میں کہا تھا کہ نیٹو فورس ماڈل میں اپنی شمولیت کو درست حجم تک لایا جائے گا، تاہم مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔

سابق افغان طالبان کمانڈر کو امریکا میں 42 سال قید کی سزا

سابق طالبان کمانڈر کا خود پر لگے الزامات اور امریکی صحافی کے اغوا کا اعتراف

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق افغان طالبان کمانڈر حاجی نجیب اللہ کو ایک امریکی عدالت نے امریکی صحافی ڈیوڈ روڈے کے اغوا اور دیگر دہشت گردی کے الزامات ثابت ہونے پر بیالیس سال قید کی سزا سنائی ہے۔ نیویارک کی وفاقی عدالت کی جانب سے سامنے آنے والے اس فیصلے کو عالمی میڈیا میں طالبان کی ماضی اور حال کی سرگرمیوں کے خلاف ایک انتہائی اہم بین الاقوامی عدالتی مثال قرار دیا جا رہا ہے۔ اس مقدمے کے دوران سابق طالبان کمانڈر نے خود پر لگے الزامات اور امریکی صحافی کے اغوا کا اعتراف کر لیا تھا۔ عالمی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق امریکی پراسیکیوٹرز نے عدالت کو بتایا کہ حاجی نجیب اللہ کے حکم پر ہونے والی دہشت گرد کارروائیوں میں نہ صرف صحافی کو نشانہ بنایا گیا بلکہ ان حملوں کے دوران امریکی فوجیوں اور ایک افغان مترجم کی ہلاکتیں بھی ہوئیں، جبکہ ملزم کا یہ پورا طرز عمل سفاکیت، دہشت گردی اور اغوا کیے گئے افراد پر نفسیاتی تشدد کی ایک بدترین مثال تھا۔ دوران تفتیش اور ٹرائل سابق طالبان کمانڈر نے خود یہ بات تسلیم کی کہ وہ یرغمال بنائے گئے افراد کو بھاری تاوان کی وصولی اور اپنے قیدی ساتھیوں کی رہائی کے لیے بطور مہرہ استعمال کرتے تھے۔ اس مقدمے کے دوران متاثرہ امریکی صحافی ڈیوڈ روڈے نے بھی عدالت کے سامنے اپنا تفصیلی بیان ریکارڈ کرایا۔ انہوں نے طالبان کی قید میں گزارے گئے ہولناک دنوں کا ذکر کرتے ہوئے اور ان کے اقدامات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ میرے ساتھ جو کچھ کیا گیا اور طالبان نے جو اقدامات اٹھائے، وہ سراسر ایک بزدلانہ، ظالمانہ اور غیر انسانی جرم تھا۔ قانونی اور سفارتی ماہرین کا ماننا ہے کہ اس عدالتی فیصلے اور اعتراف جرم کے بعد افغان طالبان کی انتظامیہ کی مجرمانہ شناخت عالمی سطح پر مزید واضح ہو کر سامنے آئی ہے، جس سے ان کے لیے بین الاقوامی برادری میں قبولیت حاصل کرنا مزید مشکل ہو جائے گا۔

تہران: امریکی حملوں کے بعد علاقے سے دھواں اٹھ رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

چھوٹے دکانداروں کیلئے فکس ٹیکس سسٹم متعارف کرانے کی تجویز

گوشوارے جمع کراتے وقت کم از کم 25 ہزار روپے جمع کرانا ہوں گے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے چھوٹے دکانداروں کے لیے فکس ٹیکس سسٹم متعارف کرانے کی تجویز ہے، اس سسٹم میں وہ دکاندار آسکتے ہیں جن کی سالانہ فروخت 20 کروڑ روپے سے کم ہے۔ جمعہ کو قومی اسمبلی میں بجٹ تقریر میں وزیر خزانہ نے کہا چھوٹے دکاندار اپنی سالانہ سیلز کا ایک فیصد ٹیکس ادا کریں گے، اس ٹیکس میں دکاندار اپنا ود ہولڈنگ ایڈجسٹ کراسکیں گے۔ انھوں نے کہا کہ چھوٹے دکاندار کو گوشوارے جمع کراتے وقت کم از کم 25 ہزار روپے جمع کرانا ہوں گے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ان کا روٹین میں کوئی آڈٹ نہیں ہوگا، ان پر خریداری پر ود ہولڈنگ کی ذمہ داری نہیں ہوگی، پی او ایس مشین رکھنے سے استثنیٰ ہوگا۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ جو دکاندار فکسڈ ٹیکس سسٹم کا انتخاب کرے گا اس کو سبز رنگ کی تختی دی جائے گی، اس تختی کی موجودگی میں ایف بی آر اہلکاروں کو پوچھ گچھ کیلئے دکان میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی۔

2025 گزشتہ 65 برسوں میں پاکستان کا دوسرا گرم ترین سال قرار

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) قومی اقتصادی سروے میں بتایا گیا کہ سال 2025 پاکستان کے گزشتہ 65 برسوں میں دوسرا گرم ترین سال قرار پایا، اس میں ملک کا اوسط سالانہ درجہ حرارت 23.9 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ سروے کے مطابق 2025 کے دوران ملک میں بارشیں معمول سے 3 فیصد کم رہیں، آئی ایم ایف کے آر ایس ایف پروگرام کے تحت پاکستان نے 4 اصلاحات میں پیشرفت کی، کاربن لیوی، الیکٹرک وہیکل پالیسی فریم ورک اور گرین ٹیکسونومی پر پیشرفت ہوئی، ماحولیاتی استحکام اور خوشحالی کیلئے کلائمیٹ پراسپیرٹی پلان متعارف کروایا گیا۔ رواں مالی سال کے دوران پاکستان میں گرین ٹیکسونومی پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا، رواں مالی سال میں مون سون 2026 اسٹریٹجک پلان کی منظوری دے دی گئی۔

این ٹی سی اور سن شائن انرجی ٹیکنالوجی چائنہ میں معاہدے پر دستخط

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) نیشنل ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن (این ٹی سی) اور سن شائن انرجی ٹیکنالوجی چائنہ کے درمیان باہمی تعاون کے معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ معاہدے کا بنیادی مقصد پاکستان میں جدید ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، مصنوعی ذہانت اور بگ ڈیٹا اینالیٹکس کی صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔

سید یوسف رضا گیلانی کا چائلڈ لیبر کے خاتمے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) چیئرمین سینیٹ پاکستان، سید یوسف رضا گیلانی نے ہر سال 12 جون کو منائے جانے والے بچوں سے مشقت کے خلاف عالمی دن کے موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستان بچوں کے حقوق، وقار اور روشن مستقبل کے تحفظ کیلئے اپنی اجتماعی ذمہ داری پوری کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ جاری پیغام میں چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ بچوں سے مشقت سنگین سماجی مسئلہ ہے جو لاکھوں بچوں کو ان کے بچپن، تعلیم، صحت اور بہتر مستقبل کے مواقع سے محروم کر دیتا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ کسی بھی بچے کو تعلیم، تحفظ اور ذاتی نشوونما کی قیمت پر مشقت کرنے پر مجبور نہیں کیا جانا چاہیے۔

تحریک انصاف کی قیادت نے ناراض ارکان سے مذاکراتی عمل روک دیا

پشاور (نامہ نگار) تحریک انصاف کی قیادت نے ناراض ارکان سے مذاکراتی عمل روک دیا۔ جاری اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ پارلیمانی وسیاسی رابطہ کمیٹی ان سے رابطہ نہ کرے، جس نے پارٹی معاملات کو میڈیا پر اٹھایا ہو۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ جن ارکان اسمبلی کو شکایات یا مسائل درپیش ہیں انہیں سنا جا رہا ہے، ان کے مسائل سنے جا رہے ہیں اور انہیں مناسب پارٹی فورم کے ذریعے حل کیا جائے گا۔ اعلامیہ کے مطابق میڈیا بیانات کے ذریعے دباؤ ڈالنے یا اندرونی پارٹی معاملات کو عوامی سطح پر لانے کی کوشش کر رہے ہیں انہیں کسی صورت کوئی پذیرائی نہ دی جائے۔

پارٹی پالیسیوں سے متعلق علی امین کی مبینہ آڈیو سامنے آگئی

پشاور (نامہ نگار) سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور کی مبینہ آڈیو سامنے آنے کے بعد پارٹی قیادت اور اندرونی پالیسیوں سے متعلق ان کے سخت موقف پر مبنی گفتگو منظر عام پر آگئی ہے۔ مبینہ آڈیو میں علی امین گنڈا پور یہ بھی کہتے ہیں کہ پارٹی میں ڈکٹیٹر شپ ٹائپ پالیسی قابل قبول نہیں، نوٹس دینے والے پہلے اپنا ماضی اور کردار دیکھیں، جبکہ ان کے مطابق ”تم ناچو تو فیشن اور ہم ناچیں تو مجرا“ جیسے دوہرے معیار کا ماحول موجود ہے۔ وہ مزید کہتے ہیں کہ لوگوں کو عزت دی جائے کیونکہ کوئی کسی کا زر خرید ملازم یا غلام نہیں ہوتا۔ آڈیو کے مطابق وہ یہ بھی موقف اختیار کرتے ہیں کہ حکومت اور کابینہ پر الزامات لگانے والے آج خود وزیر بنے بیٹھے ہیں۔ مبینہ گفتگو میں علی امین گنڈا پور پارٹی قیادت کو مشورہ دیتے ہیں کہ دھمکیوں اور نوٹسز کے بجائے معاملات کو محبت اور عزت سے حل کیا جائے، کیونکہ اس طرح کے رویوں سے پارٹی کو فائدہ نہیں بلکہ نقصان ہو رہا ہے۔

پاکستان عالمی منظرنامے میں نمایاں مقام حاصل کرنے لگا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سول وعسکری قیادت کی کامیاب سفارتکاری کے نتیجے میں پاکستان عالمی منظرنامے میں نمایاں مقام حاصل کرنے لگا۔ امریکی جریدے فارن پالیسی کے مطابق صرف 2 سال پہلے تک بھی امریکا اور ایران کے درمیان امن مذاکرات میں پاکستان کا کردار ناقابل تصور تھا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے واشنگٹن میں پاکستان کی ساکھ مضبوط اور سفارتی حیثیت موثر بنائی۔

بنگلا دیش سرحد پر بھارتی جارحیت مہاجرین پر قیامت ٹوٹ پڑی

ڈھاکہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کی مودی سرکار بنگلا دیش سرحد پر ظلم و جارحیت جاری رکھے ہوئے ہے، جہاں مغربی بنگال کے مہاجرین پر قیامت ٹوٹ رہی ہے۔ انتہا پسند مودی حکومت بنگلا دیشیوں پر ظلم ڈھا کر اپنی ناکامی چھپانے کی کوشش کر رہی ہے۔ مودی سرکار عوام کی مشکلات نظرانداز کر کے صرف سرحد پر دہشت پھیلا رہی ہے۔ عالمی جریدے الجزیرہ کے مطابق بنگلا دیشی خواتین اور بچوں کو بھارتی فورسز نے بغیر کھانا پانی کے سرحد پر چھوڑ دیا ہے۔ بھارتی سرحدی فورسز نے بنگلا دیشی مہاجرین کو 11 دن قید رکھ کر رات کو سرحد پر پھینک دیا۔ رپورٹ کے مطابق بھارتی فورسز نے سرکاری کاغذات والے بنگلا دیشیوں کو بھی بے رحمی سے سرحد پار بھیج دیا ہے۔ مودی حکومت نے بنگلا دیشی سرحد پر نئی خاردار تار لگا کر معاہدوں کی خلاف ورزی کی ہے۔

اقوام متحدہ کا معذور افراد کے حقوق کے مکمل تحفظ پر زور

اقوام متحدہ (نیوز ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریش نے معذور افراد کے حقوق کے مکمل تحفظ اور انہیں معاشرے میں مساوی مواقع فراہم کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایک منصفانہ اور خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لیے ہر فرد کے حقوق کا احترام ضروری ہے۔ معذور افراد کے حقوق سے متعلق کنونشن (سی آر پی ڈی) کے رکن ممالک کے 19 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انتونیو گوتریش نے کہا کہ یہ کنونشن، جو 2026 میں اپنی 20 ویں سالگرہ منائے گا، معذوری کے بارے میں عالمی سوچ کو خیراتی اور طبی نقطہ نظر سے نکال کر انسانی حقوق کے تناظر میں لانے میں اہم کردار ادا کر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو دہائیوں کے دوران دنیا بھر میں لاکھوں معذور افراد کو زیادہ سہولیات، بہتر شناخت اور زیادہ احترام حاصل ہوا ہے۔

غزہ: غزہ شہر میں المغازی پناہ گزین کیمپ پر اسرائیلی حملوں کے بعد تباہی کا ایک ہولناک منظر۔۔۔۔۔۔۔۔

پاکستان آرمی ایوی ایشن کے ہیلی کاپٹر کو حادثہ، سوار تمام اہلکار شہید

حادثے کی درست تکنیکی وجوہات جاننے کیلئے بورڈ آف انکوائری بنانے کا حکم دیدیا

راولپنڈی / مظفر آباد / اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان آرمی ایوی ایشن کا ایم آئی 17 ہیلی کاپٹر مظفر آباد کے قریب حادثے کا شکار ہو گیا جس کے نتیجے میں ہیلی کاپٹر میں سوار تمام اہلکار شہید ہو گئے، حادثے کی درست تکنیکی وجوہات جاننے کیلئے بورڈ آف انکوائری بنانے کا حکم دیدیا گیا ہے جبکہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف نے حادثے میں شہید ہونے والے تمام اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے، قوم شہداء کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ بدھ کو آئی ایس پی آر کے مطابق ایم آئی 17 ہیلی کاپٹر ٹیک آف کے دوران تکنیکی خرابی کے باعث حادثے کا شکار ہوا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ہیلی کاپٹر میں سوار تمام اہلکار شہید ہو گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ریسکیو اور ریکوری ٹیمیں فوری طور پر حادثے کی جگہ پر پہنچیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق حادثے کی درست تکنیکی وجوہات جاننے کیلئے بورڈ آف انکوائری بنانے کا حکم دے دیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف آرمی اسٹاف وچیف آف ڈیفنس فورسز نے ہیلی کاپٹر حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔



تہران: ایرانی جزیرے خارک پر قائم آئل ریفائنری کا ایک منظر جس پر امریکی قبضے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔۔۔۔۔۔۔

ملک کی معیشت بدستور زبوں حالی کا شکار ہے، جماعت اسلامی

ملک کو مختلف بحرانوں سے نکالنے کیلئے عوامی مسائل کے حل پر توجہ دینا ہوگی

لاہور (نامہ نگار) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے جماعت اسلامی پنجاب وسطی کی سیاسی و پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کو درپیش سیاسی، معاشی اور آئینی بحرانوں سے نکالنے کے لیے حقیقی جمہوری اقدار، آئین کی بالادستی اور عوامی مسائل کے حل پر توجہ دینا ناگزیر ہو چکا ہے۔ حکمرانوں نے پاکستان کو سیاسی اکھاڑا بنا رکھا ہے، جہاں قومی مسائل کے حل کے بجائے اقتدار کی کشمکش کو ترجیح دی جا رہی ہے، جس کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ اجلاس میں امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، ڈاکٹر بابر رشید، رانا عبدالوحید، محبوب الزمان بٹ، عرفان حیدر، ڈاکٹر عطاء اللہ حمید اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ لیاقت بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ ملک کی معیشت بدستور زبوں حالی کا شکار ہے، مہنگائی، بے روزگاری اور بڑھتے ہوئے ٹیکسوں نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ حکومت کے معاشی دعوے زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتے جبکہ عوام کو کسی قسم کا حقیقی ریلیف میسر نہیں آ رہا۔ بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام کی قوت خرید کو ختم کر رہا ہے اور متوسط وغریب طبقہ شدید پریشانی میں مبتلا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئین پاکستان کے تقاضوں کو نظر انداز کیا جا رہا ہے اور مختلف اقدامات کے ذریعے آئینی روح کو مجروح کیا گیا ہے۔

بیروت: اسرائیل کی جانب سے بمباری کے بعد کا ایک منظر۔۔۔۔۔۔۔۔

اایران کے بحرین، اردن اور کویت میں امریکی اہداف پر حملے

امریکی حملوں کے سامنے جھکیں گے نہیں جواب دیں گے، ایران کا سخت موقف

تہران، واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کی جانب سے ایران پر مزید حملوں کے بعد ایران نے اردن، کویت اور بحرین میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ نے ایران پر مزید حملوں کے بعد کارروائی روکنے کا اعلان کیا ہے، تہران کے مہر آباد ایئر پورٹ، کرج شہر، اہق اور قزوین میں دھماکے سنے گئے۔ دوسری جانب ایران نے امریکی حملے کے جواب میں بحرین میں پانچویں امریکی نیول بیس اور کویت میں امریکی اڈے سمیت 18 اہداف کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے، ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز بھی مکمل طور پر بند کر دی گئی ہے۔ کویت کی شہری ہوا بازی اتھارٹی نے ایرانی جارحیت کے باعث احتیاطی تدابیر کے طور پر ملک کی فضائی حدود عارضی طور پر بند کرنے کا اعلان کر دیا ہے، پروازوں کو منظور شدہ معاہدوں اور طریقہ کار کے تحت متبادل ہوائی اڈوں کی جانب موڑا جائے گا۔ قبل ازیں ایران کے پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے 12 بیلسٹک میزائل استعمال کرتے ہوئے اردن میں واقع الازرق ایئر بیس اور کنٹرول سینٹر پر امریکی فوج کے اہم اہداف کو نشانہ بنایا، حملے میں امریکی فوج کے جدید لڑاکا طیارے، جن میں F-35، F-15 اور F-16 شامل ہیں کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ کارروائی امریکی فوج کی تنصیبات اور آپریشنل ڈھانچے کو نشانہ بنانے کے لیے کی گئی۔ سینٹکام نے پاسداران انقلاب کے اس دعوے پر کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا ہے لیکن اس نے ایران میں فوجی ذرائع سے امریکی جنگی جہاز پر حملے اور آبنائے ہرمز کی مکمل بندش کے بارے میں سابقہ رپورٹس کو غلط قرار دیا ہے۔

بیجنگ: چین میں نصب دنیا کے سب سے طویل آؤٹ ڈور ایسکلیٹر کا ایک حسین منظر۔۔۔۔۔۔۔۔

چین میں نصب دنیا کا سب سے طویل آؤٹ ڈور ایسکلیٹر

چونگ چنگ شہر دنیا کے طویل ترین آؤٹ ڈور ایسکلیٹر سسٹم کا بھی گھر بن گیا

بیجنگ (این این آئی) چین کا شہر چونگ چنگ اپنے منفرد جغرافیے اور پیچیدہ انفراسٹرکچر کے لیے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ یہاں دنیا کا سب سے گہرا سب وے اسٹیشن موجود ہے، یہاں ایک معلق ٹرین لائن رہائشی عمارتوں کے عین درمیان سے گزرتی ہے اور اب یہ شہر دنیا کے طویل ترین آؤٹ ڈور ایسکلیٹر سسٹم کا بھی گھر بن گیا ہے۔ وؤشن گاڈیس ایسکلیٹر کے نچلے حصے اور بالائی حصے کے درمیان تقریباً 242 میٹر کی بلندی کا فرق ہے، جو تقریباً 80 منزلہ عمارت کی اونچائی کے برابر بنتا ہے۔ تاہم، یہ کھلا ایسکلیٹر سسٹم 905 میٹر تک پھیلا ہوا ہے۔ یہ سسٹم 21 انفرادی ایسکلیٹرز، آٹھ لفٹس، چار موونگ واک ویز اور متعدد پیڈسٹرین برجز شامل ہیں اور ان سب سے گزرنے میں 21 منٹ کا عرصہ لگتا ہے۔ یہ ایسکلیٹر 17 فروری سے آزمائشی بنیادوں پر باقاعدہ کرائے کے ساتھ چلایا گیا۔ اس پر سفر کے لیے ہر مسافر سے 3 یوان وصول کیے جا رہے ہیں۔ اس آزمائشی مدت کے اختتام پر مقامی حکام فیصلہ کریں گے کہ یہی فلیٹ کرایہ برقرار رکھا جائے یا اس میں تبدیلی کی جائے۔ توقع کی جا رہی ہے کہ یہ جدید ایسکلیٹر نظام چونگ چنگ کے شہریوں کے سفر کو نہ صرف زیادہ تیز اور موثر بنائے گا بلکہ انہیں زیادہ آرام دہ سفری سہولت بھی فراہم کرے گا۔

آسٹریلیا کو مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر تشویش، مستقل جنگ بندی پر زور

میلبورن (مانیٹرنگ ڈیسک) آسٹریلیا کے وزیراعظم انتھونی البانیز نے کہا ہے کہ ان کا ملک مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر شدید تشویش ہے۔ میلبورن میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ آسٹریلیا چاہتا ہے کہ خطے میں جاری تنازع میں کمی آئے اور مستقل جنگ بندی تمام فریقین کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو نہ صرف جنگ کے انسانی اثرات پر تشویش ہے بلکہ اس کے عالمی معیشت پر پڑنے والے اثرات بھی باعث فکر ہیں، جوان کے مطابق پہلے ہی شدید دباؤ کا شکار ہے اور مزید خراب ہو سکتے ہیں۔ آسٹریلوی حکومت نے زور دیا ہے کہ عالمی طاقتیں کشیدگی کم کرنے اور سفارتی حل کی طرف واپس آنے کے لیے فوری اقدامات کریں۔

یمن کا سعودی پروگرام کیساتھ 150 ملین ڈالر کی گرانٹ کا معاہدہ طے پا گیا

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن کا سعودی پروگرام کے ساتھ 150 ملین ڈالر کی گرانٹ کا معاہدہ طے پا گیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق یمن کے وزیر بجلی عدنان محمد عمر الکاف نے العربیہ سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ہے کہ سعودی پروگرام توانائی کے شعبے کی معاونت کے لیے گذشتہ کئی برسوں سے مداخلت کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بجلی کا بحران گذشتہ کئی برسوں سے تمام صوبوں میں مسلسل جاری ہے۔

مئی 2026 دنیا کا دوسرا گرم ترین مہینہ ریکارڈ، موسمیاتی ادارے کی رپورٹ

برسلز (مانیٹرنگ ڈیسک) یورپی یونین کے موسمیاتی نگرانی کے ادارے نے کہا ہے کہ مئی 2026 عالمی سطح پر دوسرا گرم ترین مہینہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ مغربی یورپ کو غیر معمولی طور پر موسم سے پہلے شدید گرمی کی لہر کا سامنا کرنا پڑا۔ عرب ٹی وی کے مطابق کوپرنیکس کلائمیٹ چینج سروس نے بتایا کہ مئی 2026 میں دنیا بھر میں سطحی فضائی درجہ حرارت کی اوسط 15.81 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کی گئی، جو 1991 سے 2020 کے اوسط درجہ حرارت سے 0.55 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ تھی۔ یہ درجہ حرارت صرف مئی 2024 کے بعد دوسرا گرم ترین ریکارڈ ہے اور قبل از صنعتی دور کے تخمینی درجہ حرارت سے 1.42 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہا۔

مسجد نبوی میں یومیہ 235 ٹن آب زمزم کی تقسیم

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) مسجد الحرام اور مسجد نبوی ﷺ کے امور کی جنرل اتھارٹی نے کہا ہے کہ نمازیوں اور زائرین کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مسجد نبوی ﷺ میں یومیہ تقریباً 235 ٹن آب زمزم تقسیم کیا جاتا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق اتھارٹی نے کہا کہ یہ اقدام حرمین شریفین میں نمازیوں وزائرین کو خدمات کی فراہمی کی جاری کوششوں کا حصہ ہے۔ اس نظام میں مسجد نبوی ﷺ کے اندر اور اس کے صحنوں میں 10 ہزار سے زائد زمزم واٹر ڈسپنسر موجود ہیں، جنہیں مسلسل دوبارہ بھرا جاتا ہے اور ان کی نگرانی کی جاتی ہے۔ جدید واٹر ٹیسٹنگ ٹیکنالوجی کے ذریعے آب زمزم کے معیار اور سیفٹی کی جانچ کی جاتی ہے، تاکہ آب زمزم تک محفوظ اور آسان رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

اسرائیل کی فلسطینیوں کیخلاف بربریت مغربی ممالک کا ضمیر جاگ گیا

پیرس (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ، آسٹریلیا، کینیڈا، فرانس، نیوزی لینڈ اور ناروے نے مغربی کنارے میں فلسطینیوں کے خلاف اسرائیلی آبادکاروں کے تشدد کو مالی معاونت فراہم کرنے، اس کی حوصلہ افزائی کرنے اور اس میں ملوث نیٹ ورکس کے خلاف پابندیاں عائد کر دیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق مغربی ممالک کی جانب سے گزشتہ روز یہ اقدام مغربی کنارے میں غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کی ریکارڈ توسیع اور آبادکاروں کے بڑھتے ہوئے تشدد کے جواب میں کیا گیا ہے۔

ایران صرف باتیں کرتا ہے، عملی اقدام کچھ نہیں کرتا، امریکی صدر

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران نے معاہدے پر مذاکرات میں بہت زیادہ دیر کر دی، اب انہیں اس کی قیمت چکانا پڑے گی۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران کی فوج مکمل طور پر تباہ و برباد ہو چکی ہے۔ اس کے بہت سے، جیسے، بحریہ اور فضائیہ اب عملاً موجود ہی نہیں رہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ انہیں مکمل طور پر شکست دی جا چکی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں تحریر کیا کہ ایران صرف باتیں کرتا ہے، عملی اقدام کچھ نہیں کرتا۔ مشرق وسطیٰ کا یہ غنڈہ اب ختم ہو چکا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ انہوں نے ایسے معاہدے پر مذاکرات کرنے میں بہت زیادہ دیر کردی جو ان کے لیے بہترین ثابت ہو سکتا تھا، اب انہیں اس کی قیمت چکانا پڑے گی۔

لبنان میں وائٹ فاسفورس کے استعمال کے شواہد سامنے آگئے

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل نے بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے لبنان کے شہری آبادی والے علاقوں میں وائٹ فاسفورس گولہ بارود استعمال کیا ہے۔ ماہرین، امدادی تنظیموں اور امریکی میڈیا کی جانب سے جمع کیے گئے شواہد کے مطابق 30 مئی کو جنوبی لبنان کے شہر نبطیہ میں وائٹ فاسفورس کے سفید دھوئیں کے بادل دیکھے گئے۔ امریکی اخبار کی تصدیق شدہ ویڈیوز سے بھی ظاہر ہوا ہے کہ مارچ میں اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان دوبارہ لڑائی شروع ہونے کے بعد مختلف آبادی والے علاقوں کے قریب وائٹ فاسفورس استعمال کیا گیا۔ وائٹ فاسفورس ایسا آتش گیر مادہ ہے جو ہوا کے ساتھ رابطے میں آتے ہی بھڑک اٹھتا ہے اور اسے بجھانا انتہائی مشکل ہوتا ہے، جس کے باعث شدید جھلسا، طویل المدتی جسمانی نقصان اور شہری آبادی کے لیے سنگین خطرات پیدا ہوتے ہیں۔ انسانی حقوق کی تنظیم ہیومن رائٹس واچ نے بھی 2023 کی رپورٹ میں لبنان اور غزہ میں اسرائیل کی جانب سے وائٹ فاسفورس کے استعمال کی نشاندہی کی تھی۔

روس یوکرائن بارے جھوٹے بیانیے کو فروغ دے رہا ہے، یوکرائنی سفیر

کیف (مانیٹرنگ ڈیسک) روسی سفیر البرٹ خوریف کی اسلام آباد میں پریس کانفرنس پر یوکرین کے سفیر مارکیان چوچک نے جوابی خط لکھ دیا۔ مارکیان چوچک نے خط میں لکھا ہے کہ روس یوکرین کے بارے میں جھوٹے بیانیے کو فروغ دے رہا ہے، یوکرین میں انتہا پسند عناصر سیاسی طور پر غیر موثر ہیں جب کہ روس میں شخصی حکمرانی، عسکریت پسندی اور اطلاعاتی کنٹرول نمایاں ہیں۔

پرامن احتجاج کا تصادم میں تبدیل ہو جانا افسوسناک ہے، رانا عزیز الحسن

امن کی وادی میں خون بہنے کے واقعات نے پوری قوم کو رنجیدہ اور سوگوار کر دیا

کراچی (نامہ نگار) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس سندھ سرکل کراچی کے صدر رانا عزیز الحسن نے کہا ہے کہ مسلم کانفرنس کا بنیادی نظریہ ”کشمیر بنے گا پاکستان“ ہے اور کشمیری عوام آج بھی اس عزم پر ثابت قدم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کشمیر کا رشتہ محض جغرافیائی نہیں بلکہ ایمان، تاریخ، ثقافت اور بے شمار قربانیوں سے جڑا ہوا ہے، جسے کسی صورت کمزور نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری نوجوان ہمیشہ اپنے وطن، نظریے اور قومی تشخص کے دفاع کے لیے صفِ اول میں رہے ہیں۔ حالیہ قومی معرکوں اور آزمائشوں میں بھی کشمیری نوجوانوں نے بھرپور جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاک فوج کے شانہ بشانہ قومی یکجہتی، حب الوطنی اور عزم و حوصلے کی روشن مثال قائم کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کشمیری عوام اور پاک فوج کا مقصد ایک ہی ہے، یعنی پاکستان کی سلامتی، استحکام اور کشمیر کی آزادی۔ رانا عزیز الحسن نے حالیہ احتجاجی واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پرامن احتجاج کا تصادم میں تبدیل ہو جانا انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے۔ امن کی وادی میں خون بہنے کے واقعات نے پوری قوم کو رنجیدہ اور سوگوار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سوال اپنی جگہ اہم ہے کہ احتجاج آخر کن عوامل اور محرکات کے باعث پرتشدد صورت اختیار کر گیا۔ اس صورتحال کا غیر جانبدارانہ جائزہ لینا تمام متعلقہ حلقوں کی ذمہ داری ہے۔

اقلیتی برادری کی ترقی کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، رمیش سنگھ اروڑہ

اقلیتوں کو مساوی حقوق، بہتر سہولیات اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ترجیحات ہے

بہاولپور (نامہ نگار) صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق واقلیتی امور پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق اقلیتی برادری کی ترقی، خوشحالی اور فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اقلیتوں کو مساوی حقوق، بہتر سہولیات اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے۔ وہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے عباسیہ کیمپس کے غلام محمد گھوٹوی ہال میں منعقدہ اقلیتی طلبہ میں تعلیمی وظائف کے چیک تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے خصوصی دلچسپی لے رہی ہیں اور خود مختلف تقریبات میں شرکت کر کے اقلیتوں کے مسائل کے حل اور ان کی ترقی کے لیے حکومتی عزم کا اظہار کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب اقلیتوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے، ان کی معاشی خودمختاری اور تعلیمی ترقی کے لیے متعدد منصوبوں پر عمل پیرا ہے۔ سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ تعلیم ہی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، اس لیے حکومت پنجاب اقلیتی طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے اور ان کی مالی مشکلات کم کرنے کے لیے تعلیمی وظائف مہیا کر رہی ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ تعلیم پر خصوصی توجہ دیں کیونکہ علم، محنت اور لگن ہی کامیابی کی ضمانت ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب بھر میں ایک ہزار اقلیتی طلبہ کو تعلیمی وظائف دیے جا رہے ہیں جبکہ بہاولپور ڈویژن میں میٹرک سے ماسٹرز تک میرٹ پر منتخب ہونے والے 173 طلبہ کو وظائف دیے جا رہے ہیں۔

لندن: فلسطین کے حامیوں کی تصاویر جنگلے کے آویزاں ہیں جنہیں قید کی سزا سنا دی گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

سعودیہ، حضرت عمر فاروقؓ کے نام والا نایاب تاریخی کتبہ دریافت

حجازی رسم الخط میں تحریر یہ کتبہ قدیم ترین عربی رسم الخطوں میں شمار ہوتا ہے

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب کے ہیریٹیج کمیشن نے مدینہ منورہ کے علاقے الصہد گورنری میں ایک نایاب اور تاریخی سنگی کتبے کی دریافت کا اعلان کیا ہے، جسے ابتدائی اسلامی تاریخ کے حوالے سے نہایت اہم دریافت قرار دیا جا رہا ہے۔ سعودی حکام کے مطابق دریافت ہونے والے کتبے پر یہ عبارت درج ہے: اللہ عمر بن خطاب کا دنیا اور آخرت میں مددگار ہے۔ ہیریٹیج کمیشن کا کہنا ہے کہ یہ کتبہ حجازی رسم الخط میں تحریر کیا گیا ہے، جو اسلامی تاریخ کے قدیم ترین عربی رسم الخطوں میں شمار ہوتا ہے۔ کمیشن کے مطابق یہ دریافت ابتدائی اسلامی دور کے تاریخی شواہد میں ایک اہم اضافہ ہے اور اس سے اس دور کی مذہبی، ثقافتی اور تحریری روایات کو بہتر انداز میں سمجھنے میں مدد ملے گی۔ ماہرین آثار قدیمہ اور محققین کا کہنا ہے کہ اس نادر کتبے کی دریافت حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی تاریخی اور مذہبی اہمیت کو مزید مستند انداز میں دستاویزی شکل دینے میں معاون ثابت ہوگی۔ سعودی ہیریٹیج کمیشن نے بتایا کہ دریافت شدہ کتبے کا تفصیلی سائنسی اور تاریخی جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ اس کی عمر، پس منظر اور تحریر کے دور کا مزید درست تعین کیا جا سکے۔ ماہرین کے مطابق ایسے تاریخی آثار نہ صرف اسلامی تہذیب کے ابتدائی ادوار پر روشنی ڈالتے ہیں بلکہ مسلمانوں کے مذہبی ورثے کے تحفظ اور تحقیق کے لیے بھی غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں۔

کاکروچ جنتا پارٹی مودی کے اقتدار کیلئے خطرہ، عالمی میڈیا پر تحریک کی گونج

نوجوانوں کی تحریک دہلی میں عملی احتجاج کے ذریعے مودی حکومت کو سخت دباؤ میں لے آئی

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت میں کاکروچ جنتا پارٹی بی جے پی کی کٹھ پتلی مودی سرکار کے لیے خطرہ بن گئی۔ اس تحریک کی گونج اب عالمی میڈیا پر بھی سنائی دینے لگی ہے۔ سوشل میڈیا سے شروع ہونے والی نوجوانوں کی تحریک دہلی میں عملی احتجاج کے ذریعے مودی حکومت کو سخت دباؤ میں لے آئی ہے۔ برطانوی جریدے دی گارڈین نے جین زی تحریک کی طاقت کا اعتراف کرتے ہوئے لکھا کہ کاکروچ جنتا پارٹی وہ تحریک ہے جو بھارت کی سیاست کو ہلا دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ آن لائن میم سے شروع ہونے والی جین زی تحریک مودی سرکار کے لیے غیر متوقع چیلنج بنتی جا رہی ہے۔ دی گارڈین کے مطابق یہ تحریک لاکھوں ایسے بھارتی نوجوانوں کی آواز بن چکی ہے جو عدم اطمینان اور مایوسی کا شکار ہیں۔ کاکروچ جنتا پارٹی کے بانی ابھیجیت دیپکے نے دہلی میں احتجاج سے خطاب میں کہا تھا کہ بھارت کے نوجوان اب خوفزدہ نہیں ہوں گے، وہ اپنے حقوق کے لیے لڑیں گے۔ بھارتی نوجوانوں کو امید ہے کہ نیپال اور سری لنکا کی طرح اب بھارت میں بھی نوجوانوں کی ایک بڑی عوامی تحریک جنم لے رہی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ تحریک ثابت کرتی ہے کہ بھارتی نوجوان روایتی سیاست، مذہبی کارڈ اور انتہا پسندانہ نظریات کو مسترد کر چکا ہے۔ بھارتی جین زی منفرد تحریک بے روزگاری، مایوسی اور ریاستی جبر کیخلاف نوجوانوں کے شدید غم و غصے کا عملی اظہار ہے۔

نیتن یاہو ایران سے ہار گیا مگر ماننے کو تیار نہیں، اسرائیلی صحافی

نیتن یاہو کو یہ بات بخوبی معلوم ہے انکی حکمت عملی مطلوبہ نتائج نہیں دے سکی، بیان

تل ابیب (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف اسرائیلی مصنف، صحافی اور کالم نگار گڈیون لیوی نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کو اب اچھی طرح اندازہ ہو چکا ہے کہ وہ ایران کے خلاف اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں، تاہم وہ اس حقیقت کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں۔ اسرائیلی میڈیا پر اپنے ایک بیان میں گڈیون لیوی نے کہا کہ شکست کو تسلیم کرنا ہمیشہ مشکل ہوتا ہے، لیکن زمینی حقائق کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ان کے مطابق ایران کو کمزور کرنا یا اس کی طاقت کو ختم کرنا نیتن یاہو کی سیاسی زندگی کے بڑے اہداف میں شامل تھا، مگر جنگ اور کشیدگی کے مختلف مراحل کے باوجود اسرائیل اپنے اہم مقاصد حاصل نہیں کر سکا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے خلاف جاری کارروائیوں اور تنازعات کے باوجود اسرائیل اب تک ایسا کوئی واضح نتیجہ حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوا جسے مکمل کامیابی قرار دیا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ نیتن یاہو کو یہ بات بخوبی معلوم ہے کہ ان کی طویل عرصے سے جاری حکمت عملی مطلوبہ نتائج نہیں دے سکی۔ گڈیون لیوی نے مزید کہا کہ اسرائیل کے بعض سیاسی اور حکومتی حلقے امریکا کو نظر انداز کرتے ہوئے ایران کے خلاف مزید سخت فوجی کارروائیوں کی حمایت کر رہے ہیں، لیکن یہ طرز فکر خطے کو مزید عدم استحکام کی طرف دھکیل سکتا ہے۔ اسرائیلی مصنف کے مطابق اگر مستقبل میں ایران کے خلاف مزید حملے بھی کیے جاتے ہیں تو اس بات کی کوئی ضمانت نہیں کہ اسرائیل اپنے مقاصد حاصل کر لے گا یا ایران کو مکمل طور پر شکست دے سکے گا۔



بارکلے: امریکی سائنسدانوں کی جانب سے پانی بنانے والی حیرت انگیز مشین۔۔۔۔۔۔۔۔

سولر پینلز کی طرز پر ہوا سے پانی بنانے والی حیرت انگیز مشین

یہ حیرت انگیز مشین نوبل انعام یافتہ سائنسدان عمر یاغی نے تیار کی ہے

بارکلے (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی سائنسدان نے سولر پینلز کی طرز پر ہوا سے پانی بنانے والی حیرت انگیز مشین تیار کر لی۔ اکنامک ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق امریکا کی کیلیفورنیا یونیورسٹی کے کیمیادان اور نوبل انعام یافتہ سائنسدان عمر یاغی نے ایک ایسی مشین تیار کی ہے جو براہ راست ہوا سے پینے کا صاف پانی حاصل کر سکتی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اٹوکو کمپنی کی تیار کردہ یہ جدید مشین روزانہ ایک ہزار لیٹر تک صاف پانی پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے حتیٰ کہ ایسے علاقوں میں بھی جہاں نمی کی شرح صرف 20 فیصد سے بھی کم ہو پانی حاصل کر لیتی ہے۔ ماہرین کے مطابق اس ٹیکنالوجی میں میٹل آرگینک فریم ورکس نامی جدید مادے استعمال کیے گئے ہیں یہ انتہائی باریک سوراخوں پر مشتمل خاص ساخت رکھتے ہیں جو ہوا میں موجود نمی کو سپنج کی طرح جذب کر لیتے ہیں۔ بعد ازاں سورج کی حرارت یا کم درجے کی تھرمل توانائی کے ذریعے جذب شدہ نمی کو خارج کیا جاتا ہے، جسے گاڑھا کر کے صاف اور پینے کے قابل پانی میں تبدیل کر دیا جاتا ہے، اس عمل میں روایتی واٹر جنریٹرز کی طرح زیادہ بجلی یا کولنگ سسٹم کی ضرورت نہیں پڑتی۔ رپورٹ کے مطابق یہ یونٹس شپنگ کنٹینر کے سائز کے ہیں اور آف گرڈ ماحول میں بھی کام کر سکتے ہیں، جس کی وجہ سے انہیں دور دراز دیہات، خشک سالی سے متاثرہ علاقوں، جزائر اور قدرتی آفات کے شکار خطوں میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

Vote

ابتدائی ووٹنگ **14** جون سے **22** جون
تک جاری رہے گی

23 جون آپ کی قسمت کے فیصلے کا دن

پاکستانیوں کی حمایت یافتہ اور جانی پہچانی شخصیت محترمہ

Jessica
SCARCELLA-SPANTON

23 جون کو ہر صورت اپنا **VOTE**
کاسٹ کر کے کامیاب بنائیں

جیسیکا اسکارسیلا-اسپینٹن

نیو یارک اسٹیٹ سینیٹ ❖ سینیٹر کا تعارف ❖ جماعت: ڈیموکریٹ
نیو یارک اسٹیٹ سینیٹر: جیسیکا اسکارسیلا-اسپینٹن ❖ ضلع **23**

تعارف

سینیٹر جیسیکا اسکارسیلا-اسپینٹن نیو یارک کے 23 ویں ضلع کی نمائندگی کرتی ہیں، جس میں اسٹیٹن آئی لینڈ کے شمالی و مشرقی علاقے اور جنوبی بروکلین شامل ہیں۔

سینیٹر ربیکا اسکارسیلا اسپانٹن

- چھوٹے کاروباروں کی مضبوط آواز
- ریٹیل ورکر پر حملہ سنگین جرم قرار دینے کی حمایت
- محنت کش خاندانوں کے ساتھ
- یونیورسل چائلڈ کیئر کی حامی
- چائلڈ ٹیکس کریڈٹ میں توسیع کی حامی

JessicaforNewYork.com

@jessicafornewyork @jess_scarcella

Election Day
23
JUNE
2026

کیریئر کا آغاز

2009 میں جیسیکا نے اپنی سرکاری کیریئر کا آغاز نیو یارک اسٹیٹ اسمبلی میں بطور انٹرن کیا۔ انہوں نے اپنی بیچلرز ڈگری مکمل کرنے سے پہلے ہی لیجسلیٹو ڈائریکٹر کے طور پر ترقی حاصل کر لی۔

ان کی ایک نمایاں کامیابی یہ تھی کہ انہوں نے ایک ایڈووکیسی گروپ کے ساتھ مل کر مردہ پیدائش (stillbirth) سے متاثرہ خاندانوں کی مدد کے لیے قانون سازی کی۔ انہوں نے مختلف اضلاع کے خاندانوں کو منظّم کیا اور 148 ارکان کی حمایت حاصل کی، جس کے نتیجے میں یہ بل قانون بن گیا۔

مزید خدمات

اپنے شوہر کی فوجی خدمات مکمل ہونے کے بعد، جیسیکا نے 2017 میں سینیٹر ڈیان ساوینو کے ساتھ بطور ڈائریکٹر آف آپریشنز کام شروع کیا اور تقریباً ساڑھے چار سال تک اس عہدے پر فائز رہیں۔

ان کی اہم کامیابیوں میں شامل ہیں۔

اسٹیٹن آئی لینڈ اور بروکلین کے 1000 سے زائد خاندانوں کو کورونا ویکسین کی فراہمی میں مدد ایک ایگزیکٹو آرڈر کے حصول میں کامیابی، جس کے تحت کورونا کے دوران زچگی کے وقت خواتین کو ایک سپورٹ پرسن ساتھ رکھنے کی اجازت دی گئی بعدازاں انہوں نے ایم ٹی اے میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر آف گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ریلیشنز کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔

PAID FOR BY JESSICA FOR NY



خوشخبری خوشخبری خوشخبری

NY بینکویٹ ہال

NY BANQUET HALL

آپ کے تمام ایونٹس کیلیے ووڈ برج، ورجینیا میں
خوبصورت اور کشادہ ہال کا اضافہ

BANQUET HALL AVAILABLE FOR ALL KIND OF PARTIES. RENT OUR BANQUET HALL FOR ALL FUNCTIONS

300
افراد کی گنجائش

Contact:
703-670-2222

13600 Foulger Square, Woodbridge VA 22192

ZAFFRON
BANQUET & RESTAURANT

ووڈ برج ورجینیا میں خوبصورت اور شاندار

زعفران بینکویٹ اینڈ ریسٹورنٹ

اصلی پاکستانی کھانوں کا مرکز

حلال HALAL

بینکویٹ ہال میں 270 لوگوں کی گنجائش موجود ہے

بہترین باربی کیو

100% ذبیحہ حلال

شادی بیاہ اور دیگر تقریبات کی کیٹرنگ کے لیے ہم سے رابطہ کریں

برائے کیٹرنگ: عاطف پرویز
703-209-8113

4182 DALE BOULEVARD WOODBRIDGE VA 22193 PH: 703-897-1190

اچھا کام ہماری پہچان

100 فیصد حلال

حلال پاکستانی لکشمی چوک ریسٹورنٹ ایش برن ورجینیا

LAKSHMI CHOWK RESTAURANT

لکشمی چوک حلال پاکستانی ریسٹورنٹ جو لاہور کا دل ہے کے کھانے کا معیار ویسا ہی جیسے آپ کی سوچ ہے
45 سالہ تجربہ کار پاکستانی فوڈ کے ماہر کی نگرانی میں کھانے تیار کیے جاتے ہیں

جن میں لاہور، پشاور، کراچی اور کوئٹہ کے لذت بھرے کھانے کوئٹہ کا پراٹھا اور چائے، لاہور کے پائے اور حلوہ پوری، کراچی کی نہاری اور بریانی، پشاوری گوشت کڑاہی، چکن کڑاہی، لاہور والے سردار کی مچھلی، لاہوری تل والے نان، پاکستان کی سوغات سرسوں کا ساگ، مکئی کی روٹی دیسی مکھن اور دلبہار لسی کے گلاس کے ساتھ

پاکستان کا دل لاہور
اور لاہور کی شان
لکشمی چوک
کے مزیدار کھانے

"گرمیوں کا خاص تحفہ"
اسپیشل دل بہار لسی اور فالودہ

www.lakshmichowkusa.com

برائے رابطہ: حسیب منعم صدیقی
Ph: 703-443-4838
703-443-4839

ڈیلاس ایئرپورٹ، واشنگٹن DC، میری لینڈ، پینسلوینیا، نارتھ کیرولائنا، نیو جرسی کیلیے 200 سے لیکر 2000 افراد تک کیلیے کیٹرنگ کی سروس میسر ہے

21770 Beaumeade Cir. # 110 Ashburn VA 20147

ASIAN FUSION

لکشمی چوک ریسٹورنٹ والوں کی فخریہ پیش کش
ایش برن ورجینیا میں حلال پاکستانی چائنیز ذائقہ دار ریسٹورنٹ

ایشین فیوژن

Dine In | Pick Up

HALAL FOOD CERTIFIED حلال HALAL FOOD 100% CERTIFIED

SINCE 2008

WWW.ASIANFUSIONVA.COM

Haseeb M Siddiqui
Raunaq Khan Tareen
Ph: 703-723-1388

TIMING:
MONDAY CLOSED
TUE-THUR 11 AM - 9:30 PM
FRI & SAT 11 AM - 10 PM
SUN 12:00 PM - 9:00 PM

ہر قسم کی بہترین کیٹرنگ کیلیے آج ہی رابطہ کریں

44260 ICE RINK PLAZA ST. 106, ASHBURN VA 20147

CATONSVILLE MARYLAND میں خوبصورت جدید اور مارکیٹ سے ارزاں گروسری سٹور

پاق حلال میٹ اینڈ گروسری

PAAQ HALAL MEAT & GROCERY
Hand Slaughtered Zabiha Halal Meat
WE ACCEPT EBT
110B
Carne fresca cordero-pollo-ternera ¡Disponible aquí!
OPEN
Chakki Atta
ROYAL JASMINE RICE

100 PER CENT MUSLIM FAMILY OWNED BUSINESS

100 % Hand Slaughter Halal Zabiha Meat
Fresh Goat, Lamb, Beef, Veal & Chicken
Asian Sub-Continent Food Items Available
Fresh Al Maida Turkey Available At Paaq Halal. Ask Within.

FRESH SUGARCANE JUICE AVAILABLE

WE ACCEPT EBT

CERTIFIED BY HALAL FOOD STANDARDS ALLIANCE OF AMERICA HFSAA حلال

حلال شریعہ بورڈ سے سرٹیفائیڈ

Good News
Free one Gallon Milk with the purchase of
$ 150.00
Meat & Grocery
Also Pay Cash and get 3% Discount

HFSAA.ORG
Paaq Halal Meat & Grocery
6400 BALTIMORE NATIONAL PIKE CATONSVILLE, MD 21228
HALAL CERTIFIED
FRESH MEAT IN BUTCHER SECTION ONLY
EXPIRES JUL 31, 2025

Ph: 410-970-2790, 832-888-4841

6400 BALTIMORE NATIONAL PIKE. SUITE 110 B CATONSVILLE MD 21228

Timing:
Tuesday to Sunday
11:00 AM To 08:00 PM
Monday Closed